امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المُعجم الاَوسط کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ مع تخریج

جلد اوّل

المُعجم الاَوسط

تالیف

الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی

المتوفی ٣٦٠ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ، غزنی سٹریٹ
اُردو بازار ، لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

بسم اللہ الرحمن الرحیم

المعجم الأوسط

جلد اوّل

تالیف

الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی

المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

بار اول	....	اگست 2015ء
پرنٹرز	....	آصف صدیق، پرنٹرز
تعداد	....	1100/-
ناشر	....	چوہدری غلام رسول۔ میاں جواد رسول میاں شہزاد رسول
قیمت	....	/= روپے

ملنے کے پتے

ملت پبلی کیشنز

فیصل مسجد اسلام آباد Ph: 051-2254111

E-mail: millat_publication@yahoo.com

اسلام بک ڈپو

۱۲۔ گنج بخش روڈ لاہور فون 042-37112941 0323-8836776

شوروم ملت پبلی کیشنز دوکان نمبر 5- مکہ سنٹر نیو اردو بازار لاہور 0321-4146464

Ph: 042-37239201 Fax: 042-37239200

پروگریسو بکس

یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ

اُردو بازار ○ لاہور

فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

فہرست
(بلحاظِ فقہی ترتیب)

عنوانات	حدیث نمبر
کتاب الایمان	

كتاب الحيض والنفاس

كتاب الصلوة

كتاب فضائل القرآن

كتاب التفسير

کتاب الحج

كتاب الجنة والجهنم

کتاب الجهاد

كتاب المريض

كتاب الدعاء

کتاب فضائل سیّد الانبیاء

كتاب فضائل الصحابة

كتاب مناقب الامة

کتاب المواریث

کتاب الزکوٰۃ والصدقہ

كتاب الذكر

كتاب الموت

کتاب علامات الساعة والفتن

کتاب البر

کتاب اللباس

کتاب الحدود

کتاب الطلاق

کتاب متفرق المسائل

☆☆☆☆☆

فہرست
(بلحاظِ حروفِ تہجی)

☆☆☆☆☆

انتساب

راقم الحروف اپنی اس کاوش کو حضور ﷺ کے والدین طیبین طاہرین جناب سیّدنا ومولانا حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اور سیّدہ طیبہ طاہرہ عفیفہ مخدومۂ کائنات حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا اور مولامشکل کشا شہنشاہِ ولایت کی والدہ ماجدہ سیّدہ طیبہ طاہرہ حضرت فاطمہ بنت اسد رضی اللہ عنہا کے نامِ نامی سے منسوب کرتا ہوں؛ جن کی خاص توجہ ومہربانی سے احقر العباد اس قابل ہوا۔

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
خادم التدریس جامعہ رسولیہ شیرازیہ بلال گنج وسگیاں

☆☆☆☆☆

الاهداء

راقم الحروف اپنی اس کاوش کو اپنے والد ماجد محترم المقام اللہ رکھا اور اپنی والدہ ماجدہ اور اپنے برادرِ اکبر محترم المقام حافظ عبدالمجید صاحب کے نامِ نامی سے ہدیہ کرتا ہوں' جن کی شفقت اور دعاؤں سے احقر کو دین پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔

غلام دستگیر چشتی غفرلہ
خادم التدریس جامعہ رسولیہ شیرازیہ' بلال گنج وسگیاں

☆☆☆☆☆

عرضِ ناشر

اللہ عزوجل کے فضل اور رسولِ پاک ﷺ کے فضل وکرم اور والدین کی دعاؤں کے صدقے سے ادارہ پروگریسوبکس نے بہت تھوڑے عرصہ میں کتب احادیث کے کئی تراجم منظرِ عام پر لائے ہیں۔ اُن میں سے مسند حمیدی' صحیح ابن خزیمہ' صحیح ابن حبان' مؤطا امام مالک' مؤطا امام محمد' شرح مسند امام اعظم کے تراجم آچکے ہیں' جن کو ہر قاری نے بڑا پسند کیا ہے۔ اس تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے اب امام طبرانی کی انتہائی مشہور کتاب ''المعجم الأوسط'' کا ترجمہ کروایا ہے۔ اس کتاب کے ترجمہ کے لیے ہم نے عالم اسلام کی عظیم دینی وروحانی درسگاہ جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ' بلال گنج کے مدرس محترم المقام علامہ مولانا غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی کی خدمات حاصل کی ہیں' جنہوں نے بڑی محنت اور سرعت کے ساتھ ترجمہ کیا ہے' اللہ عزوجل مولانا کے علم میں مزید برکت دے اور مزید دودین کی خدمت کی توفیق دے۔

ماشاء اللہ! مولانا کی ایک کتاب جو اپنے موضوع پر بے مثال ہے: ''دورِ صحابہ کے زمانہ میں ایصالِ ثواب کی مختلف صورتیں'' جو کہ علامہ ظفر الدین بہاری کی کتاب ہے' ادارہ نے اس کی تخریج کرواکے اور کچھ اضافہ کرکے شائع کیا ہے۔

آپ لوگوں کی دعاؤں کے طلبگار:

چوہدری غلام رسول

چوہدری شہباز رسول

چوہدری جوادرسول

چوہدری شہزادرسول

☆☆☆☆☆

عرضِ مترجم

اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے فضل و کرم اور اس کے نیک بندوں کی خاص توجہ اور اساتذہ کرام اور والدین کی دعاؤں کے صدقے احقر العباد نے المعجم الاوسط کا ترجمہ مکمل کیا۔ یہ ترجمہ احقر نے بے پناہ مصروفیت کے ساتھ ساتھ بڑی سرعت کے ساتھ دو ماہ میں مکمل کیا ہے' اس میں میرا کوئی کمال نہیں ہے بلکہ بزرگوں کی دعاؤں کا صدقہ ہے۔ احقر العباد کے اندر ایک بات ہے کہ جو کام احقر کو سپرد کیا جاتا ہے' اس کو جلد از جلد پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی کوشش کرتا ہے۔ معجم الاوسط کے ترجمہ کے دوران احقر کے دل میں خیال یہ خیال آیا کہ اس کتاب میں امام طبرانی نے اپنے شیوخ کے حوالہ سے احادیث نقل کی ہیں۔ جس سے عوام کے لیے فائدہ اُٹھانا ذرا مشکل معلوم ہوتا تھا' اس لیے عوام کی سہولت کے لیے اس کی فہرست کو فقہی انداز میں ترتیب دیا گیا ہے' جو ایک منفرد کام ہے۔

الحمد للہ! احقر کا تعلق مسلک حق اہل سنت و جماعت سے ہے' جن کے عقائد و نظریات بالکل وہی ہیں جو صحابہ کرام کے زمانہ سے لے کر آج تک رہے ہیں۔

آخر میں اُن لوگوں کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنہوں نے احقر کی بے لوث مدد کی ہے' کیونکہ حدیث پاک میں آتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جو لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا ہے وہ اللہ کا کیسے شکریہ ادا کرے گا۔ اس حدیث کے پیشِ نظر اُن کے نام بطورِ تبرک ذکر کرتا ہوں:

(۱) استاذ الاساتذہ حضور شیخ الحدیث والتفسیر مفتی گل احمد خان عتیقی کا' جنہوں نے احقر کے ساتھ بہت تعاون کیا۔

(۲) اور استاذی المکرم حضرت علامہ مولانا صاحبزادہ رضائے مصطفیٰ نقشبندی صاحب کا جنہوں نے احقر کے ساتھ بے حد تعاون کیا' جن کا میں شکریہ ادا نہیں کرسکتا ہوں۔

(۳) اور خصوصاً اپنے اس عظیم استاذ کا جنہوں نے راقم الحروف کو طالب علمی کے زمانہ سے تحریر کا شوق دلایا اور بے پناہ محبت کرنے والے جن کا شکریہ ادا کرنے کے لیے احقر کے پاس الفاظ نہیں ہیں۔ میری مراد مفکر اسلام ڈاکٹر محمد عارف نعیمی مدظلہ العالی کا' اور استاذی المکرّم حضرت شیخ الحدیث مفتی اشرف بندیالوی صاحب کا' جن کی بے پناہ دعائیں احقر کے شامل حال ہیں۔

(۴) اور اپنے اس عظیم بھائی جناب حافظ عبدالمجید صاحب کا جن کی انتہائی شفقت کے ساتھ راقم کو دین پڑھنے کی سعادت

حاصل ہوئی ہے۔

(۵) اور اپنے اس عظیم محسن کا جن کے ادارے کی طرف سے یہ کتاب شائع ہو رہی ہے۔ انتہائی مخلص اور محنت کرنے والے محترم المقام جناب چوہدری جواد رسول صاحب جنہوں نے دن رات ایک کر کے کتاب کو دیدہ زیب انداز میں طبع کروا کے مارکیٹ میں لانے میں اہم کردار ادا کیا۔ اور محترم المقام ریحان علی صاحب کا جنہوں نے بڑی محنت اور خوبصورتی کے ساتھ نہایت سرعت سے دیدہ زیب انداز میں کمپوزنگ کی۔ اللہ عزوجل اس ادارہ کو دن رات ترقی عطا فرمائے!

اعتذار

آخر میں قارئین کرام سے درخواست ہے کہ اگر کتاب میں کوئی غلطی یا ایسی بات جو قابلِ توجہ ہو اس کی اصلاح فرمائیں اور مطلع فرمائیں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں اس کا ازالہ کیا جائے۔ اللہ عزوجل ہم کا حامی و ناصر ہو۔

غلام دستگیر چشتی غفرلہ

☆☆☆☆☆

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ذلک فضل اللّٰہ یعطیہ من یشاء

استاذ الاساتذہ یادگارِ اسلاف شیخ الحدیث والتفسیر

مفتی محمد گل احمد خان عتیقی صاحب' حال شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ' جامعہ ہجویریہ

سابق مدرس و مفتی جامعہ رضویہ فیصل آباد' سابق شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ

الحمد للّٰہ رب العالمین والصلٰوۃ والسلام علٰی سیّد الانبیاء والمرسلین خاتم النبیین رحمۃ للعٰلمین الذی کان نبیًا وآدم لَمُنجَدل فی طینۃٍ وعلی آلِہِ الْمُجتبٰی وَعلٰی اصحابہ الذین ھم نجوم الھدی وَبَعْدُ .

بعض لوگ طبعًا بہت سادہ مزاج ہوتے ہیں مگر خالق کائنات عزاسمہٗ نے انہیں فطرتِ سلیمہ سے نوازا ہوتا ہے اور ان سلیم الفطرت لوگوں میں سے بعض کو علم دین کی نعمت عظمٰی عطا کر دی جاتی ہے' چنانچہ ارشادِ نبوی ہے: ''مَنْ یُّرِدُ بِہِ اللّٰہُ خَیْرًا یُفَقِّھُ فِی الدِّیْنِ '' کہ اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ خیر کا ارادہ فرماتا ہے اسے دین میں فقاہت فرما دیتا ہے اور بعض سلیم الفطرت لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کے قلبِ سلیم میں دینِ اسلام کی تبلیغ کی لگن' جذبہ اور شوق پیدا فرما دیتا ہے' پھر وہ اسی شوق اور لگن میں مگن ہو کر دنیا اور مافیہا سے بے نیاز ہو کر شب و روز علمِ دین کی تبلیغ میں ایسے منہمک ہو جاتے ہیں کہ نہ اپنوں کی بے حسی ان کے آڑے آتی ہے اور نہ ہی بیگانوں کا بیگان پن' نہ انہیں داد و تحسین کی کوئی چاہت ہوتی ہے اور نہ ہی کسی ناقد کی تنقید کی پراہ' ہر حال میں وہ تبلیغ دین کے لیے کمربستہ رہتے ہیں اور ان کا قلم تبلیغ دین کے لیے رواں دواں رہتا ہے۔ انہی خوش قسمت اور سعادت مندوں میں سے ایک مولانا غلام دستگیر صاحب بھی ہیں جو قدیمی مشہور دینی درسگاہ جامعہ رسولیہ شیرازیہ بلال گنج اور جامعہ رسولیہ سگیاں دونوں مدارس میں تدریسی خدمات سرانجام دیتے ہیں' علاوہ ازیں اپنے علاقے کی ایک مرکزی جامع مسجد کے امام اور خطیب بھی ہیں۔ منع کرنے کے باوجود میرے گھر کے چھوٹے موٹے کام سعادت سمجھ کر کرتے ہیں' گاہے بگاہے چھوٹے عزیز محمد عمیر احمد خاں کو سکول چھوڑنے کے لیے لے جاتے' علاوہ ازیں شرح ترمذی جس کا کام نہایت سست روی سے ہو رہا ہے اس کے لیے حوالہ جات اور کتب بھی مہیا کرتے ہیں' شرح ترمذی کا کام نہایت ہی سست روی سے کیوں ہو رہا ہے اس کا ذکر نہ کرنا ہی مناسب تر ہے مگر حقیقتِ حال سے آگاہ کرنا بھی ضروری ہے جسے صرف اس ایک شعر میں عرض کر دیا جائے تو بہتر ہے:

صبتُ علیّ مصائب	لو صبت علی الایام صرن لیالیا
فالی اللّٰہ المشتکی	الحمد للّٰہ علٰی ذلک

علاوہ ازیں گوناگوں مصروفیات کے باوجود بتوفیق خالقِ کائنات جل جلالہٗ وعزاسمہ بوسیلہ باعثِ تخلیق کائنات و رحمتِ

کائنات ﷺ متعدد کتب کے مؤلف بھی ہیں اور کچھ کتب کی تخریج بھی کر چکے ہیں اور متعدد بڑی بڑی ضخیم کتب احادیث کے تراجم کرنے کا شرف بھی حاصل کر چکے ہیں جن میں ابوداؤد طیالسی کا ترجمہ تین جلدوں میں اور المعجم الصغیر کا ترجمہ زیورِ طباعت سے مزین ہوکر منظر عام پر آ کر عوام وخواص میں قبولیتِ عامہ اور شرفِ پذیرائی حاصل کر چکے ہیں اور یہ دونوں کتابیں میرے مطالعہ میں بھی رہتی ہیں۔ اب ماشاء اللہ بہت جلد المعجم الاوسط کا ترجمہ کی پہلی دو جلدیں چھپ کر منظر عام پر آنے والی ہیں' آپ کی یہ کاوشیں' یہ جذبہ اور شوق قابلِ صد تحسین ہیں اور اصاغر واکابر سب کے لیے قابلِ رشک اور قابلِ تقلید ہیں۔

این قوت بازو بازو نیست بلکہ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُعْطِيهِ مَنْ يشاء ۔

جو علماءِ حق علمِ حدیث کی درس وتدریس ترجمہ وتحقیق اور اشاعت میں مصروف رہتے ہیں انہیں بارگاہِ رسالت سے بڑے بڑے اعزازات سے نوازا گیا' انہیں انبیاء کے وارث کہا گیا ہے' نیز ان کے بارے میں یہ ارشادِ نبوی ہے: (ترجمہ:) میری اُمت کے علماء' انبیاءِ بنی اسرائیل علیہم الصلوٰۃ والسلام کی طرح مشقتیں برداشت کر کے علمِ حق بلند رکھیں گے' نیز سرورِ دوعالم ﷺ نے اپنے خلفاء اور نائبین قرار دیا ہے۔ چنانچہ ایک مرتبہ آپ ﷺ اپنے فدا کار اور جاں نثار صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کے جھرمٹ میں جلوہ افروز تھے تو آپ ﷺ نے فرمایا: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ خُلَفَائِی کہ اے اللہ! میرے خلفاء کی بخشش فرما! صحابہ کرام نے عرض کی: مَنْ خُلَفَائُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَسَلَّمَ کہ یارسول اللہ ﷺ! آپ کے خلفاء کون ہیں؟ تو آپ نے فرمایا: اَلَّذِيْنَ يَرْوُوْنَ اَحَادِيْثِيْ وَيُبَلِّغُوْنَهَا وَيَعْمَلُوْنَ بِهَا او کما قال علیه السلام کہ میرے خلفاء وہ ہیں کہ جو میری احادیث بیان کرتے ہیں اور انہیں لوگوں تک پہنچاتے ہیں اور ان پر عمل کرتے ہیں۔

تو ان معلمین' مترجمین اور شارحینِ احادیث کو یہ شرف حاصل ہے کہ یہ سرورِ دوعالم ﷺ کے نائبین اور خلفاء ہیں' زہے عز وشرف۔ بہرحال مولانا کا مشن کثرت سے احادیث کی اشاعت ہے اور یہ کوئی وقت ضائع کیے بغیر حتی المقدور اس میں مصروف رہتے ہیں اور ان کے متعدد تراجم احادیث آمد دلیل آفتاب کے مصداق ہیں۔ کسی تحریر اور ترجمہ کا کمالِ حسن یہ ہے کہ وہ عام فہم' آسان تر اور كَلِّمُوا النَّاسَ عَلٰى قَدْرِ عُقُوْلِهِمْ کا مصداق ومظہر ہوں کہ لوگوں کی عقلوں کے مطابق ان سے بات کرو۔ اور مولانا کے جو تراجم سطحی نظروں سے میرے سامنے آئے ہیں' ان کا بھی کمالِ حسن یہی ہے کہ وہ عام فہم اور آسان تر ہیں۔ اللہ تعالیٰ بوسیلۂ سیّد الانبیاء مولانا کے علم' عمل' عمر' کوششوں اور للّٰہیت اور خلوص میں برکتیں عطا فرمائے اور ان کی کاوشوں کو ان کے لیے ان کے معاونین اور ناشرین بشمول میرے اور میری اولاد کے آخرت کی نجات وبخشش کا ذریعہ بنائے۔ آمین!

جب مولانا کا المعجم الاوسط کی دوجلدوں کی طباعت کا شروع تھا تو اسی دوران اللہ تعالیٰ نے آپ کو فرزند ارجمند مسمّی محمد حسن دستگیر سیالکوٹی کی نعمت عظمیٰ کا تحفہ عنایت فرمایا' اللہ تعالیٰ ان کی عمر دراز فرمائے اور اسے مولانا کا صحیح جانشین بنائے۔ آمین ثم آمین!

حررہُ (المفتی) محمد گل احمد خان عتیقی

خادم الحدیث الشریف' جامعہ ہجویریہ داتا دربار لاہور

خادم التدریس والحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ لاہور

استاذ الاساتذہ ماہر علم المیراث شیخ الحدیث والتفسیر پیر طریقت
حضرت علامہ مفتی غلام محمد بندیالوی شرقپوری دام اللہ ظلہ

الحمد الله هدانا علم الحديث رواية ولمع سراج علم الحديث دراية فى افئدتنا وانار مصباح الحديث فى صدورنا واقر عيوننابروية حديث رسول الله صلى الله عليه وسلم والصلوٰة والسّلام علىٰ رسوله المختار وآله الاطهار وصحبه الاخيار .

امابعد!

حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اور اشاعت وابلاغ کے دوطریق ہیں: (۱) تدریس (۲) تحریر' بعض نفوس کو اللہ تعالیٰ نے ان دونوں صفتوں سے متصف فرمایا' یعنی وہ مدرس ہیں اور محرر اور مؤلف بھی ہیں۔ **ذلك فضل الله يوتيه من يشاء .**

مدرس اور محرر کے درمیان نسبت عموم وخصوص من وجہ کی ہے اور اس نسبت مذکورہ میں دو مادے افتراق اور ایک مادہ اجتماعی ہوا کرتا ہے۔

پہلا مادہ افتراق: مثلاً بعض لوگ مدرس تو ہیں مگر محرر نہیں ہیں۔

دوسرا مادہ افتراق: مثلاً بعض لوگ محرر تو ہیں مگر مدرس نہیں ہیں۔

مادہ اجتماعی: مثلاً بعض لوگ مدرس ہیں اور محرر بھی ہیں۔ فالحمد علیٰ ذٰلک حمدًا کثیرًا طیبًا مبارکًا۔

فاضل جلیل عالم نبیل بدر المعلمین حضرت قبلہ مولانا غلام دستگیر صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ میں مادہ اجتماعی علیٰ طریق اتم پایا جاتا ہے۔

فاضل موصوف بیک وقت بہترین مدرس ہیں اور مؤلف اور محرر بھی ہیں۔

فاضل جلیل نے اس سے پہلے المعجم الصغیر' مسند ابوداؤد طیالسی کا ترجمہ بھی تحریر فرمایا جو کہ اپنی جمیع خصوصیات کی وجہ سے منظر عام پر آ گئے ہیں اور زیورِ قبولیت سے متجلی ہو چکے ہیں۔ **ذلك فضل الله يؤتيه من يشاء .**

''المعجم الاوسط للطبرانی'' کا ترجمہ تحریر فرما رہے ہیں' انشاء اللہ اس کتاب کی پہلی دو جلدیں زیورِ طبع سے متصف ہو کر جلد ہی منظر عام پر آ رہی ہیں۔

احقر کو فاضل موصوف کا ترجمہ دیکھنے کا اتفاق ہوا' قلبی فرحت محسوس ہوئی' فاضل موصوف علم الفرائض والمواریث میں بھی

ید طولیٰ رکھتے ہیں۔

علم فرائض کے مقامات عسیرہ اور زوایا مکنونہ پر ایسے طریق متوحد اور اسلوب منفرد سے سیر حاصل بحث کرتے ہیں کہ آپ سے پڑھنے والے طالب علم آپ کی خداداد ذہانت اور فطانت اور عرق ریز محنت کو خراجِ تحسین پیش کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ انشاء اللہ العزیز ''المعجم الاوسط للطبرانی'' کا یہ عظیم شاہکار ترجمہ اسالیب فریدہ و اطرزہ ساحرہ سے متخلہ اپنی عبقریت میں عالم اسلام کا پہلا ترجمہ ہوگا۔

المعجم الاوسط للطبرانی کے قراطیس جونقوش ملمعہ اور خطوط غالیہ سے مزخرف کیے گئے ہیں۔ انشاء اللہ العزیز ناظرین کے لیے قرۃ العینین و تسکین الخواطر ثابت ہوں گے اور حضرت مترجم زید مجدہ کا یہ ترجمہ نسلِ آدم کے غیر محصور ذوات کو ظلماتِ جہل سے نکال کر لمعات اور تنورات علم پر اور صفۂ تصورات سے منصۂ تصدیقات پر فائز کردے گا اور یہ ترجمہ شکوک کے غیاسب اور اوھام کے ظلمات کے لیے بدر الہدیٰ ثابت ہوگا اور طریق مستویٰ سے بھٹکے لوگوں کی ظلام اللیالی کے لیے سراجِ منیر ہوگا۔ اطاعت اور املال سے مصون اور محفوظ ہوگا اور اطناب اور اخلال کی معضلات سے منجی ہوگا۔

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا ہے کہ مترجم موصوف کا یہ شاہکار ترجمہ عرب و عجم میں مقبول فرمائے۔

العبد الضعیف (المفتی) غلام محمد بندیالوی خویدیم العلوم
الشریعۃ النبویہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام دائما ابداً امدینۃ العلوم جامعہ نبویہ شرقپور شریف روڈ

☆☆☆☆☆

شیخ الحدیث والتفسیر' جانشین محقق اسلام عالم نبیل مبلغ یورپ
مفسر قرآن شارح ابن ماجہ' ابوداؤد' مسند حمیدی
قاری محمد طیب نقشبندی دام اللہ ظلہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حامدًا و مصلّیًا

مکرمی مولانا غلام دستگیر طول اللہ عمرہ نے متعدد کتب حدیث کا اُردو ترجمہ کیا ہے' اس سے قبل وہ مسند ابوداؤد طیالسی اور معجم الصغیر للطبرانی کا ترجمہ کر چکے ہیں اور اب المعجم الاوسط للطبرانی کا ترجمہ کر رہے ہیں' میں نے اس ترجمہ کو چند مقامات سے پڑھا ہے' ماشاء اللہ ترجمہ میں ایک روانی ہے' ترجمہ کرنے کے لیے ضروری ہے کہ مترجم منہ اور مترجم الیہ دونوں زبانوں پر لکھنے والے کو عبور ہو۔ الحمد للہ! مولانا موصوف کو جہاں عربی زبان پر دسترس ہے وہاں اُردو پر بھی ان کا کنٹرول ہے اور اللہ نے کم عمری ہی میں ان کو احادیثِ نبویہ کے تراجم کا شوق دے دیا ہے اور وہ سرعت کے ساتھ پے در پے کتابوں کے تراجم لکھتے جا رہے ہیں۔ اُمید کی جاسکتی ہے کہ ان کی کوششیں اُمت مسلمہ کے علمی معیار کو بلند کرنے میں ممد ثابت ہوں گی۔ اللہ رب العزت ان کے زورِ قلم میں اضافہ فرمائے اور وہ ہمیشہ اسی طرح خدمت دین میں مصروف رہیں' آپ جامعہ رسولیہ شیرازیہ لاہور کے قابلِ فخر فضلاء میں سے ہیں جن کے ذریعہ جامعہ کا فیض دور دور تک پہنچے گا۔ انشاء اللہ!

والسلام!

محمد طیب غفرلہ

ناظم جامعہ رسولیہ مانچسٹر' انگلینڈ

سرپرست جامعہ رسولیہ شیرازیہ' بلال گنج' لاہور

☆☆☆☆☆

حالات امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ

نام ونسبت' ولادت' خاندان' وطن

آپ کا نام سلیمان ہے اور کنیت ابوالقاسم ہے اور سلسلۂ نسب یوں ہے: سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطیر۔ آپ ۲۶۰ھ ماہِ صفر میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق قبیلہ لخم سے تھا' اس لیے آپ کو لخمی کہا جاتا تھا۔ لخم' یمن کا ایک قبیلہ ہے۔ امام طبرانی کے والد ماجد کو علم سے بڑا شغف تھا' یہی وجہ تھی کہ وہ اپنے بیٹے (یعنی امام طبرانی) کو بھی علم حاصل کرنے کی نصیحت کرتے تھے۔ ان (یعنی امام طبرانی) کا وطنِ اصلی طبریہ ہے' یہ اُردن کے قریب موجود ہے۔

مشائخ کرام

امام طبرانی نے لاتعداد محدثین کی صحبت حاصل کی' جن میں سے اکثر کے اسماءِ گرامی درج ذیل ہیں:

☆ احمد بن عبدالقاہر

☆ حسن بن سہل

☆ حفص بن عمر

☆ ابراہیم بن ابوسفیان قیسرانی

☆ ابوزرعہ دمشقی

☆ احمد بن انس

☆ بشر بن موسیٰ

☆ یحییٰ بن ایوب علاف

☆ ابوخلیفہ فضل بن حباب

☆ حسن بن عبدالاعلیٰ بوسی

☆ ادریس بن جعفر عطاء

☆ ابراہیم بن موید شیبانی۔

حدیث میں درجہ

امام طبرانی اہل علم وفضل میں نہایت اہمیت کے حامل تھے۔

ابوبکر بن علی کہتے ہیں کہ وہ بہت وسیع علم کے مالک تھے۔

حافظ ذہبی کا کہنا ہے کہ کثرتِ احادیث اور متعدد اسناد میں ان (امام طبرانی) کی ذات بہت اہمیت کی حامل تھی۔

تصانیف

امام طبرانی نے متعدد کتب تصنیف کیں' لیکن اس دور کے دوسرے مصنفین ومؤلفین کی طرح ان کی بھی متعدد کتب محفوظ نہ رہ سکیں۔ ان (امام طبرانی) کی چند تصنیف کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) کتاب الفرائض
(۲) کتاب المامون
(۳) کتاب الزہری عن انس
(۴) مسند ابی جادہ
(۵) مسند عمارۃ بن غزیہ
(۶) احادیث ابی عمرو بن العلاء
(۷) وصیۃ ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ
(۸) کتاب الطہارۃ
(۹) مسند زیاد الجصاص
(۱۰) مسند زافر
(۱۱) کتاب المناسک
(۱۲) کتاب مسند شعبہ
(۱۳) فوائد معرفۃ الصحابہ
(۱۴) مسند ابی ذر رضی اللہ عنہ
(۱۵) کتاب الرد علی الجہمیۃ
(۱۶) کتاب الغسل
(۱۷) کتاب فضل العلم
(۱۸) کتاب ذم الرای
(۱۹) کتاب تفسیر الحسن
(۲۰) معرفۃ الصحابہ
(۲۱) کتاب مسند سفیان
(۲۲) کتاب السنۃ
(۲۳) حدیث حمزۃ الزیات
(۲۴) مسند ابی جادہ
(۲۵) حدیث مسعر
(۲۶) کتاب من اسمہ عطاء
(۲۷) حدیث ابی سعد البقال
(۲۸) طرق حدیث من کذب علی
(۲۹) کتاب النوح
(۳۰) کتاب غرائب مالک
(۳۱) جزو ابان بن تغلب
(۳۲) جزء حدیث ابن ابی مطر
(۳۳) مسند الحارث العکلی
(۳۴) مسند ابن عجلان
(۳۵) کتاب الدعاء
(۳۶) کتاب من اسمہ عباد
(۳۷) المعجم الالویہ
(۳۸) کتاب الرد علی المعتزلہ
(۳۹) کتاب الجود
(۴۰) حدیث ایوب۔

وفات

امام طبرانی نے ۲۸ ذوالقعدہ ۳۶۰ھ کوانتقال فرمایا' اُس وقت آپ کی عمر سو سال کے قریب تھی۔ آپ کی قبرِ انور حضرت حمدوسی رضی اللہ عنہ کے مزارِ انور کے قرب میں ہے۔

☆☆☆☆☆

امام طبرانی کا علمی مقام...... حضرت شاہ عبدالعزیز کی نظر میں

امام طبرانی کی معاجم ثلاثہ کا تعارف

ان معاجم میں سے ایک کبیر' دوسرا اوسط اور تیسرا صغیر ہے' جاننا چاہئے کہ مسند معجم کبیر کو مرویاتِ صحابہ رضی اللہ عنہم کی ترتیب پر مرتب کیا گیا ہے چونکہ یہ مدنظر تھا کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے مسندات کو جدا مرتب کریں' اس وجہ سے ان کی مرویات میں سے کسی روایت کو اس میں بیان نہیں کیا گیا ہے لیکن انہیں اس کا موقع نہ مل سکا' یا اگر موقع ملا تو اس کو شہر تنصیب نہیں ہوئی۔ معجم اوسط کی چھ جلدیں ہیں' ہر ایک جلد ایک ضخیم کتاب ہے اور یہ ترتیب اسماءِ شیوخ مرتب ہے۔ ان کے شیوخ کی تعداد تقریباً ایک ہزار ہے۔ اپنے ہر شیخ سے جو عجائب وغرائب سنے تھے' ان کو اس میں بیان کیا ہے۔ یہ کتاب دار قطنی کی کتاب الافراد کی مانند ہے۔ اصطلاحِ محدثین میں افراد وغرائب ان حدیثوں کو کہتے ہیں جو اپنے شیخ کے سوا اور کسی کے پاس نہ ہوں۔ طبرانی اس کتاب کی نسبت یہ فرمایا کرتے تھے کہ یہ میری جان ہے۔ اور فی الواقع علم حدیث میں ان کی فضیلتِ علمی اور وسعتِ روایت کا پتہ اسی سے چلتا ہے۔ لیکن محققین اہل حدیث نے فرمایا ہے کہ اس میں منکرات بہت ہیں۔ اس کا منشاء یہ ہے کہ غرابت اسی کو مقتضی ہے اور تفرد ثقہ کا جس کو اصطلاح میں "غریب صحیح" بھی کہتے ہیں' ایک باب ہے۔ معجم صغیر بھی شیوخ ہی کی ترتیب پر مرتب ہے اور اس کتاب میں ان شیوخ کا بھی ذکر کیا ہے جن سے صرف ایک ایک حدیث کا استفادہ کیا۔ معجم کبیر کے آخر میں حدیث حلب المعز کے سلسلہ میں یہ حدیث بیان کی ہے۔

عبید بن غنام' ابوبکر بن ابی شیبہ' وکیع' اسحاق' عبدالرحمٰن بن زید الفائشی' بنت خباب فرماتی ہیں کہ میرے والد حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات میں ایک جہاد میں تشریف لے گئے۔ ان کی غیر موجودگی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس تشریف لایا کرتے تھے اور ہماری بکری کا دودھ نکالا کرتے تھے۔ اس کو کٹیرے (لکڑی کا بڑا برتن) میں دوہتے تھے تو وہ بھر جاتا تھا' پھر جب خباب آئے اور وہ دوہنے لگے تو دودھ پھر اپنی اصلی مقدار پر لوٹ آیا (یعنی وہ برکت زائل ہوگئی)۔

معجم صغیر کے آخر میں فضیلت نساء کے بارے میں یہ حدیث منقول ہے:

سمانہ بنت محمد بن موسیٰ' محمد بن موسیٰ' محمد بن عقبہ السدوسی' محمد بن حمراان' عطیۃ الدعاء' حکم بن حارث سلمی فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص مسلمانوں کے راستے میں سے ایک بالشت زمین کو بھی دبا لے گا تو قیامت کے روز ساتوں زمینوں سے اسی قدر لے کر طوق بنا کر اس کی گردن میں ڈالا جائے گا اور صلیحہ بنت فضل بن دکین فرماتی ہیں کہ میں نے اپنے والد سے سنا ہے کہ قرآن اللہ تعالیٰ کا کلام ہے' مخلوق (حادث) نہیں ہے۔

طبرانی کی کنیت ابوالقاسم ہے اور نام سلیمان ہے' احمد بن ایوب بن مطیر لخمی طبرانی کے بیٹے ہیں۔ ملک شام کے شہر عکہ میں بماہ صفر ۲۶۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۷۳ھ میں آپ نے طالب علمی شروع کی۔ ملک شام کے اکثر شہروں حرمین شریفین

یمن، مصر، بغداد، کوفہ، بصرہ، اصفہان، جزیرہ اور اسلام کی دیگر آباد بستیوں میں سیر وسیاحت کی۔ علی بن عبدالعزیز بغوی، بشر بن موسیٰ، ادریس عطاء، ابوزرعہ دمشقی اور ان کے ہمعصروں سے حدیث شریف کی سماعت حاصل کی۔ طبرانی کے والد بزرگوار ان کو علم حدیث طلب کرنے کی بے حد ترغیب دیا کرتے تھے اور خود انہیں اپنے ہمراہ لے کر شہر بہ شہر پھرتے ہوئے استادوں کی خدمت میں پہنچاتے تھے۔ ان تینوں معجموں کے علاوہ جن کا ابھی ذکر ہوا ہے، ان کی اور بھی بہت سی تصانیف موجود ہیں۔

امام طبرانی کی کتاب الدعاء کا تعارف

اس کے شروع میں ذیل کی حدیث نقل کی ہے اور اسی کتاب سے صاحب حصن حصین نے بھی نقل کیا ہے۔

حافظ ابوالقاسم نے فرمایا: اس کتاب میں، میں نے رسول اللہ ﷺ کی سب دعاؤں کو جمع کیا ہے (چونکہ) میں نے بہت سے آدمیوں کو دیکھا کہ انہوں نے ایسی دعاؤں سے تمسک کیا ہے جو مقفا ہیں۔ (نیز) ایسی دعائیں جو ہر دن کے لئے وضع کی گئی ہیں اور جنہیں وراقوں یعنی واعظین وغیرہم نے بلاتحقیق جمع کر دیا ہے، حالانکہ وہ نہ جناب رسول اللہ ﷺ سے مروی ہیں اور نہ صحابہ رضی اللہ عنہم اور نہ ان لوگوں سے جو احسان کے ساتھ ان کے پیرو ہیں یعنی تابعین سے۔ بلکہ رسول اللہ ﷺ سے تو یہ منقول ہے کہ دعا میں قافیہ بندی اور تعدی نہ کرو۔ لہٰذا مجھ کو ان اُمور نے ایک ایسی کتاب کے جمع کرنے کی جرأت دلائی کہ جس میں وہ اسانید ہوں جو جناب رسول اللہ ﷺ سے منقول ہیں۔ میں نے اس کتاب کی ابتداء فضائلِ دُعا اور اس کے آداب سے کی ہے اور جس حال میں جو دُعا رسول اللہ ﷺ کیا کرتے تھے، اس کے لیے علیحدہ علیحدہ باب کر کے اس کتاب کو مرتب کیا اور ہر ایک دُعا کو اس کے موقع پر لکھ دیا تا کہ وہ لوگ جو اس کو سنیں یا جن کو یہ پہنچے، اس کی ترتیب کے موافق خدا کی توفیق سے استعمال کریں، جس طرح ہم نے مرتب کیا ہے۔

اس کے بعد ایک باب قائم کیا جس میں اس آیت: ''اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ'' کی تفسیر فرمائی اور اس میں ایک حدیث اس کے مناسب بیان کی، جس کا ترجمہ یہ ہے:

عبداللہ بن محمد بن سعید بن مریم، محمد بن یوسف فریابی، ح، علی بن عبدالعزیز، ابوحذیفہ، سفیان، منصور، ذر بن عبداللہ، یسیع الحضرمی، نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ عبادت دعا ہی ہے، پھر آپ نے اس کے استشہاد میں وہی آیت پڑھی جس کا ترجمہ الباب منعقد کیا ہے، یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: مجھ سے دعا مانگو میں قبول کروں گا اور جو لوگ میری عبادت (دعا) سے تکبر کرتے ہیں، وہ عنقریب ذلت وخواری کے ساتھ جہنم میں داخل ہوں گے۔

یہ کتاب بھی بہت ضخیم ہے، کتاب المسالک، کتاب عشرۃ النساء اور کتاب دلائل النبوۃ، یہ سب کتابیں انہیں کی تصنیف کردہ ہیں۔ تفسیر میں بھی ایک بہت بڑی کتاب تالیف فرمائی ہے۔ ان کے علاوہ اور بہت سی ایسی تصنیفات جو اس زمانہ میں نہیں پائی جاتی، چنانچہ حافظ ابن مندہ نے ان سب کا ذکر کیا ہے۔

علم حاصل کرنے کے لیے مشقت لازم

طبرانی نے علم حدیث کی طلب میں بہت محنت اور مشقت اُٹھائی ہے' اپنی راحت و آرام کو بالائے طاق رکھ کر تیس برس تک بوریہ پر سوتے رہے۔ استاذ ابن العمید جو مشہور و معروف وزیر اور علم عربیت و اشعار ولغت میں اپنے وقت کے سردار ہیں اور دولت دیالمہ میں کوئی وزیر اس قابلیت اور لیاقت کا نہیں گزرا ہے۔ اور صاحب بن عباد جو منجملہ وزیران دولتِ دیالمہ کے ایک وزیر ہیں' طبرانی کے شاگرد اور انہی کے تربیت یافتہ ہیں۔

اصل عزت حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دین کی خدمت کی وجہ سے ہے

ابن العمید سے منقول ہے' وہ فرماتے ہیں: میرا خیال تھا کہ دنیا میں کوئی مرتبہ اور کوئی منصب وزارت کے برابر نہیں ہے اور مجھ کو جو لذت اور ذائقہ اس مرتبہ میں حاصل ہوا' وہ دنیا کی لذیذ چیزوں میں سے کسی چیز میں بھی نہیں پایا۔ وجہ اس کی یہ تھی کہ میں اس وقت مرجع خلائق تھا اور طرح طرح کے آدمی مجھ کو اپنا ملجا و ماویٰ سمجھتے تھے۔ میں اسی گمان اور خیال میں مست رہتا تھا۔ ایک دن میرے رُوبرو مشہور محدث ابوبکر جعابی اور ابوالقاسم طبرانی کے مابین مذاکرۂ حدیث واقع ہوا۔ کبھی طبرانی اپنی کثرتِ محفوظات کے باعث ان پر غالب آتے تھے اور کبھی ابوبکر اپنی فطانت اور ذکاوت کے سبب سے ان پر سبقت لے جاتے تھے۔ یہی قصہ دیر تک ہوتا رہا' نوبت بایںجا رسید کہ طرفین سے آوازیں بلند ہوئیں اور جوش و خروش پھیل گیا۔ ابوبکر جعابی نے کہا: ''حدّثنا ابو خلیفة قال حدثنا سلیمانُ بن ایوبَ''۔ ابوالقاسم طبرانی نے اسی وقت کہا کہ میں ہی سلیمان بن ایوب ہوں اور ابوخلیفہ میرا ہی شاگرد ہے اور وہ مجھ سے ہی حدیث کی روایت کرتا ہے۔ پس تم کو مناسب ہے کہ خود مجھ سے اس حدیث کی سند حاصل کرو تاکہ تم کو علوِ اسناد حاصل ہو۔ ابن العمید کہتے ہیں کہ اس وقت ابوبکر جعابی شرم سے پانی پانی ہو گئے اور جو شرمندگی انہیں اس وقت حال ہوئی دُنیا میں کسی کو نہ ہوئی ہو گی۔ میں اپنے دل میں یہ کہتا تھا کہ کاش میں طبرانی ہوتا اور جو فرحت و غلبہ طبرانی کو حاصل ہوا ہے' وہ مجھ کو ہوتا۔ میں وزیر ہو کر اس قسم کے تحصیل فضائل اور اسباب جاہ سے محروم ہوں۔ راقم الحروف کہتا ہے کہ ابن العمید کی اس تمنا کا سبب اس کی ریاست اور وزارت تھی' ورنہ علماءِ ربانیین کو ایسے غلبوں کے سبب سے نہ کوئی تغیر پیش آتا ہے اور نہ ان کے نفوس کو کسی قسم کی کوئی جنبش ہوتی ہے۔ لیکن ''اَلْمَرْءُ یَقِیْسُ عَلٰی نَفْسِهٖ''۔ غرض یہ ہے کہ طبرانی علم حدیث میں کامل وسعت رکھتے تھے اور کثرتِ روایت میں مستثنیٰ اور ممتاز تھے۔ ابوالعباس احمد بن منصور شیرازی فرماتے ہیں کہ میں نے طبرانی سے تین لاکھ احادیث لکھی ہیں۔ زنادقہ یعنی فرقہ قرامطہ اسماعیلیہ نے جو اس زمانہ میں اہل سنت کے دشمن تھے' طبرانی پر ان کی آخر عمر میں اس وجہ سے سحر کرا دیا تھا کہ وہ احادیث سے ان کے مذہب کا ردّ کیا کرتے تھے' جس سے ان کی بصارتِ ظاہری جاتی رہی تھی۔ آپ نے ماہِ ذیقعدہ ۳۶۰ھ میں وفات پائی۔ جنازہ کی نماز حافظ ابونعیم اصبہانی صاحب حلیة الاولیاء نے پڑھائی' دو ماہ اور ایک سو سال کی عمر پائی۔

☆☆☆☆☆

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

بَابُ الْاَلِفِ

الف کا باب

مَنِ اسْمُهُ اَحْمَدُ

جس راوی کا نام احمد ہے' اس کی روایات

1 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ ذِي عَصْوَانَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُمَّتِي اُمَّةٌ مَرْحُومَةٌ، لَا عَذَابَ عَلَيْهَا فِي الْآخِرَةِ، فَإِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ، دُفِعَ اِلَى كُلِّ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الْكِتَابَيْنِ، فَيُقَالُ: يَا مُسْلِمُ، هَذَا فِدَاؤُكَ مِنَ النَّارِ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت' اُمت مرحومہ ہے' اس پر قیامت کے دن عذاب نہیں ہوگا' جب قیامت کا دن ہوگا تو مسلمانوں میں سے ہر آدمی کے بدلے اہل کتاب کا ایک آدمی اس کی جگہ رکھا جائے گا (یعنی جس مسلمان کو جہنم میں ڈالا جانا تھا' اس کی جگہ یہودی یا عیسائی کو ڈالا جائے گا) پس کہا جائے گا: اے مسلمان! یہ تیری جگہ جہنم سے فدیہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ يَزِيدَ، وَلَا عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ

یہ حدیث عبدالملک سے سعید بن یزید ہی روایت کرتے ہیں اور سعید بن یزید سے صرف یحییٰ بن صالح الوحاظی روایت کرتے ہیں۔

2 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا الضَّحَّاكُ بْنُ حُمْرَةَ قَالَ: نا قَتَادَةُ، اَنَّ اَبَا مِجْلَزٍ، اَخْبَرَهُ عَنْ اَبِي

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ دو آدمی اونٹ کا جھگڑا لے کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آئے' دونوں میں سے ہر ایک کا دعویٰ تھا کہ وہ

1- أخرجه ابوداؤد رقم الحديث: 4278' وأحمد جلد 4صفحه410-418' وعبد بن حميد فى مسنده (536- المنتخب)' والرويانى فى مسنده رقم الحديث: 505' والحاكم جلد4صفحه444 .

2- أخرجه النسائى فى القضاة جلد 8صفحه217' وابن ماجة فى الأحكام جلد2صفحه780' وأبو داؤد فى الأقضية جلد3صفحه309' والدارقطنى فى الأفراد (ق186/1-مخطوط)' والبيهقى فى السنن الكبرىٰ جلد10صفحه257 .

بُرْدَةَ بْنِ اَبِي مُوسَى، عَنْ اَبِي مُوسَى، اَنَّ رَجُلَيْنِ، اخْتَصَمَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعِيرٍ، ادَّعَاهُ كِلَاهُمَا اَنَّهُ لَهُ، فَجَاءَ مَعَ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا شَاهِدَانِ يَشْهَدَانِ اَنَّ الْبَعِيرَ لَهُ، فَقَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ بَيْنَهُمَا نِصْفَيْنِ

اونٹ میرا ہے' اُن میں سے ہر ایک کے پاس دو گواہ تھے دونوں گواہی دیتے تھے کہ اونٹ اُسی کا ہے' تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دونوں کے درمیان آدھے آدھے اونٹ کا فیصلہ کردیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي مِجْلَزٍ اِلَّا الضَّحَّاكُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الْمُغِيرَةِ

از قتادہ از ابی مجلز' اس حدیث کو ضحاک ہی روایت کرتے ہیں' اس میں ابومغیرہ اکیلے ہیں۔

3 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا مُبَشِّرُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ عَطَاءٍ، وَعَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُنْكِحُوا النِّسَاءَ اِلَّا الْاَكْفَاءَ، وَلَا يُزَوِّجُهُنَّ اِلَّا الْاَوْلِيَاءُ، وَلَا مَهْرَ دُونَ عَشَرَةِ دَرَاهِمَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کا نکاح کفو میں ہی کرو' ان کے نکاح ان کے ولی ہی کریں اور حق مہر دس درہم سے کم نہیں ہونا چاہیے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرٍو اِلَّا الْحَجَّاجُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُبَشِّرُ بْنُ عُبَيْدٍ

یہ حدیث عمرو سے حجاج ہی روایت کرتے ہیں' اس کو مبشر بن عبید روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

4 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ خُمَيْرٍ الرَّحَبِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ الْمَازِنِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: مَا مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَاَنَا اَعْرِفُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. قَالَ: وَكَيْفَ تَعْرِفُهُمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فِي كَثْرَةِ الْخَلَائِقِ؟ فَقَالَ: اَرَاَيْتَ لَوْ دَخَلْتَ صِيرَةً وَفِيهَا خَيْلٌ دُهْمٌ بُهْمٌ، وَفِيهَا

حضرت عبداللہ بن بسر المازنی رضی اللہ عنہ' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: قیامت کے دن میں اپنی اُمت کو پہچان لوں گا۔ آپ سے عرض کی گئی: یارسول اللہ! اتنی زیادہ مخلوق میں آپ اپنی اُمت کو کیسے پہچانیں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے بتاؤ کہ اگر تم میں کوئی باڑ میں داخل ہو اور اس میں کچھ گھوڑے کالی پیشانی والے ہوں اور ان میں کچھ گھوڑے

3- أخرجه الدارقطني جلد 3 صفحه 244-245' والبيهقي جلد 7 صفحه 240 . أخرجه ابو يعلى رقم الحديث: 2094 . وانظر: نصب الراية للزيلعي جلد 4 صفحه 196 .

4- أخرجه أبو عبد القاسم بن سلام في الطهور برقم الحديث: 30' من طريق صفوان بن عمرو به . وسنده صحيح .

فَرَسٌ اَغَرُّ مُحَجَّلٌ، مَا كُنْتَ تَعْرِفُهُ مِنْهَا؟. قَالَ: بَلَى. قَالَ: فَإِنَّ أُمَّتِي يَوْمَئِذٍ غُرٌّ مُحَجَّلُونَ مِنَ الْوُضُوءِ

ایسے ہوں کہ اُن کی پیشانی چمکتی ہو تو کیا تم اُن میں سے اپنے گھوڑے کو پہچان نہیں لو گے! عرض کی: کیوں نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت کے وضو والے اعضاء اس دن چمک رہے ہوں گے (میں ان کی وجہ سے انہیں پہچان لوں گا)۔

5 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَخْلَفَ ابْنَ اُمِّ مَكْتُومٍ عَلَى الْمَدِينَةِ مَرَّتَيْنِ، وَكَانَ اَعْمَى يُصَلِّي بِالنَّاسِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابن اُم مکتوم رضی اللہ عنہ کو مدینہ منورہ میں دو مرتبہ اپنا خلیفہ بنایا اور وہ (یعنی حضرت ابن اُم مکتوم) نابینا تھے' لوگوں کو نماز پڑھاتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عُفَيْرٌ. تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الْمُغِيرَةِ

یہ حدیث قتادہ سے صرف عفیر ہی روایت کرتے ہیں' ابومغیرہ اسے اکیلے روایت کرتے ہیں۔

6 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: صُرِفَتِ الْجِنُّ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّتَيْنِ، وَكَانَ اَشْرَافُ الْجِنِّ بِنَصِيبِينَ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جنوں کی جائیداد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دو مرتبہ تقسیم فرمائی' جنوں کے سرداروں کو دو دو حصے دیئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عُفَيْرٌ. تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الْمُغِيرَةِ

قتادہ سے صرف عفیر ہی یہ حدیث روایت کرتے ہیں۔ ابومغیرہ اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

7 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

5- أخرجه البزار (469-كشف)، من طريق أبي المغيرة به . وسنده ضعيف لضعف عفير بن معدان الشديد، وقتادة مدلس وقد عنعنه . والحديث من الزوائد، وهو في مجمع البحرين في زوائد المعجمين الأوسط، والصغير للهيثمي رقم الحديث: 722 .

6- والحديث في مجمع البحرين رقم الحديث: 3394، وانظر: مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 106 .

7- والحديث في مجمع البحرين رقم الحديث: 3893، وانظر: مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 381، حيث أعله الهيثمي

الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا عُفَيْرٌ قَالَ: حَدَّثَنِي قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: يَأْتِينِي جِبْرِيلُ عَلَى صُورَةِ دِحْيَةَ الْكَلْبِيِّ قَالَ أَنَسٌ: وَدِحْيَةُ كَانَ رَجُلًا جَسِيمًا جَمِيلًا أَبْيَضَ

رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ حضرت جبریل علیہ السلام میرے پاس حضرت دحیہ کلبی کی شکل میں آتے ہیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت دحیہ بڑے موٹے اور بہت سفید وخوبصورت تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، إِلَّا عُفَيْرٌ . تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو الْمُغِيرَةِ

یہ حدیث قتادہ سے عفیر ہی روایت کرتے ہیں۔ ابومغیرہ اسے اکیلے ہی روایت کرتے ہیں۔

8 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا أَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَمَّا عُرِجَ بِي، مَرَرْتُ بِقَوْمٍ لَهُمْ أَظْفَارٌ مِنْ نُحَاسٍ يَخْمُشُونَ وُجُوهَهُمْ وَصُدُورَهُمْ، فَقُلْتُ: مَنْ هَؤُلَاءِ يَا جِبْرِيلُ؟ قَالَ: هَؤُلَاءِ الَّذِينَ يَأْكُلُونَ لَحْمَ النَّاسِ، وَيَقَعُونَ فِي أَعْرَاضِهِمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب مجھے سیر کروائی گئی تو میں ایسی قوم کے پاس سے گزرا کہ اُن کے ناخن تانبے کے تھے وہ ان ناخنوں کے ساتھ اپنے چہرے اور سینوں کا گوشت نوچ رہے تھے میں نے کہا: اے جبریل! یہ کون لوگ ہیں؟ انہوں نے بتایا: یہ وہ لوگ ہیں جو لوگوں کا گوشت کھاتے تھے اور ان کی عزتوں کے درپے رہتے تھے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ إِلَّا صَفْوَانُ. تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو الْمُغِيرَةِ

حضرت عبدالرحمٰن بن جبیر بن نفیر سے صرف صفوان ہی روایت کرتے ہیں ابومغیرہ اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

9 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

بعفير، وفاته تدليس قتادة .

8- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 224، حدثنا أبو المغيرة به . وأخرجه أبو داؤد رقم الحديث: 4878، حدثنا ابن المصفى، حدثنا بقية، وأبو المغيرة، قالا: حدثنا صفوان به . وأخرجه رقم الحديث: 4879، حدثنا عيسى بن أبى عيسى السيلحينى، عن أبى المغيرة، كما قال ابن المصفى .وأخرجه ابن أبى الدنيا فى ذم الغيبة رقم الحديث: 26، حدثنا أبو بكر محمد بن أبى عتاب، حدثنا عبد القدوس أبو المغيرة بنحوه .

9- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 224، وابن عدى فى الكامل جلد 6 صفحه 2091، وابن عبد البر فى الجامع جلد 1 صفحه 9، وحمزة السهمى فى تاريخ جرجان صفحه 316، وابن الجوزى فى العلل جلد 1 صفحه 68-69 من طريق حفص بن سليمان به .

عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ شِنْظِيرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيضَةٌ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُحَمَّدٍ اِلَّا كَثِيرٌ، وَلَا عَنْ كَثِيرٍ اِلَّا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ

اس حدیث کو محمد سے کثیر اور کثیر سے صرف حفص بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔

10 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ تَمِيمٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: عَادَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِهِ، بِهِ وَجَعٌ، وَاَنَا مَعَهُ، فَقَبَضَ عَلَى يَدِهِ، فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى جَبْهَتِهِ، وَكَانَ يَرَى ذَلِكَ مِنْ تَمَامِ عِيَادَةِ الْمَرِيضِ، وَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ قَالَ: نَارِي اُسَلِّطُهَا عَلَى عَبْدِي الْمُؤْمِنِ لِتَكُونَ حَظَّهُ مِنَ النَّارِ فِي الْآخِرَةِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابہ مین سے کسی ایک آدمی کی عیادت فرمائی اور میں آپ کے ساتھ تھا' آپ نے اس کا ہاتھ پکڑا اور اپنا ہاتھ اس کی پیشانی پر رکھا' آپ اسے مریض کی مکمل عیادت خیال فرماتے تھے۔ اور فرمایا: بے شک اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میں اپنی آگ اپنے بندۂ مؤمن پر مسلط کروں گا تا کہ آخرت کی آگ کا حصہ اس کو دنیا میں مل جائے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي صَالِحٍ وَهُوَ الْاَشْعَرِيُّ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ. تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ

ابوصالح اور یہ اشعری ہیں' ان سے صرف اسماعیل بن عبیداللہ روایت کرتے ہیں' اس حدیث کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

11 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ

حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے

10- أخرجه البيهقي في السنن الكبرى جلد3صفحه382' وفي سنده عبد الرحمٰن بن يزيد' ضعيف . انظر مجمع البحرين رقم الحديث: 1191' ومجمع الزوائد جلد2صفحه301 والمرض والكفارات لابن أبي الدنيا برقم (19- بتحقيق مسعد السعدني) .

11- أخرجه أحمد جلد6صفحه326-327-426-428' ومسلم رقم الحديث: 728' وأبو داؤد رقم الحديث: 1237' والنسائي جلد 3 صفحه261-262-263-264' وابن ماجة رقم الحديث: 1141' وابن خزيمة رقم الحديث:

قَالَ: نا اَبِی قَالَ: نا اِسْمَاعِیلُ بْنُ عَیَّاشٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ اَوْسَطَ الْبَجَلِیِّ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ اَبِی سُفْیَانَ، عَنْ اُمِّ حَبِیبَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّى فِی یَوْمٍ اثْنَتَی عَشْرَةَ رَكْعَةً، بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَیْتًا فِی الْجَنَّةِ: اَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ، وَرَكْعَتَانِ بَعْدَهَا، وَرَكْعَتَانِ قَبْلَ الْعَصْرِ، وَرَكْعَتَانِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ، وَرَكْعَتَانِ بَعْدَ الْعِشَاءِ، وَرَكْعَتَانِ قَبْلَ الْفَجْرِ.

روایت کرتی ہیں کہ آپ نے ارشادفرمایا: جس نے دن میں بارہ رکعت نوافل ادا کیے اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں گھر بنا دے گا۔ (اس کی تفصیل یہ ہے:) چار رکعت ظہر سے پہلے دو رکعت ظہر کے بعد دو رکعت عصر سے پہلے دو مغرب کے بعد اور دو عشاء کے بعد اور دو فجر کے فرضوں سے پہلے۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ اَوْسَطَ الْبَجَلِیِّ اِلَّا اِسْمَاعِیلُ بْنُ عَیَّاشٍ " وَرَوَاهُ اللَّیْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَوْسٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ

اس حدیث کو از ابن عجلان از ابواسحاق از اوسط البجلی صرف اسماعیل بن عیاش روایت کرتے ہیں۔ اور اس حدیث کو لیث بن سعد از محمد بن عجلان از ابواسحاق از عمرو بن اوس از عنبسہ روایت کرتے ہیں۔

12 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْمُغِیرَةِ قَالَ: نا مُبَشِّرُ بْنُ عُبَیْدٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمْ یَدَعْنَا فِی لَبْسٍ مِنْ دِینِنَا، نَهَانَا عَنِ النَّفْخِ فِی الشَّرَابِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمارے دین میں کوئی مشتبہ چیز نہ چھوڑی (جس کو بیان نہ کیا ہو) اور ہم کو پانی میں پھونکنے سے منع کیا۔

13 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

1189-1188، والدارمی رقم الحدیث: **1445** ۔ وغیرهم، من طریق عن عنبسة به ۔

12- فیه مبشر تقدم بیانه فی الحدیث: **3**، والحجاج مدلس وقد عنعنه، وفیه أیضًا ضعف ۔ وأبوه لم أجده ۔ وانظر: مجمع البحرین رقم الحدیث: **4133** ومجمع الزوائد رقم الحدیث: **8115**، وقد أعله بمبشر فقط، وقال فیه: وهو ضعیف، وهذا قصور منه رحمه اللّٰه ۔

13- أخرجه البخاری رقم الحدیث: **7147-6622**، ومسلم رقم الحدیث: **1652**، والدارمی رقم الحدیث: **2351**، وأبو یعلٰی فی المسند رقم الحدیث: **1516**، وفی المفارید رقم الحدیث: **28**، وأبو عوانة جلد **4** صفحه **407**، وأبو نعیم فی الحلیة جلد **9** صفحه **19-18** ۔

الْحَوْطِیُّ قَالَ: نا ابی قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ یَزِیدَ الْقَسْرِیُّ، عَنْ وَائِلِ بْنِ دَاوُدَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا حَلَفْتَ عَلَى يَمِينٍ، فَرَاَيْتَ مَا هُوَ خَيْرٌ فَاتِ الَّذِی هُوَ خَيْرٌ، وَكَفِّرْ عَنْ يَمِينِكَ

کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تُو کسی شے پر قسم اُٹھا لے پھر اس کے علاوہ میں بہتری دیکھے تو تُو اس کو اختیار کر جو بہتر ہے اور اپنی قسم کا کفارہ دیدے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ وَائِلِ بْنِ دَاوُدَ اِلَّا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ. تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَوْطِیُّ

یہ حدیث وائل بن داؤد سے صرف خالد بن یزید روایت کرتے ہیں، حوطی اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

14 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُوسَى اللَّاحُونِیُّ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ لِی رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ، لَا تَسْاَلِ الْاِمَارَةَ، فَاِنَّكَ اِنْ اُعْطِيتَهَا عَنْ غَيْرِ مَسْاَلَةٍ اُعِنْتَ عَلَيْهَا، وَاِنْ اُعْطِيتَهَا عَنْ مَسْاَلَةٍ وُكِلْتَ اِلَيْهَا، وَاِنْ حَلَفْتَ عَلَى يَمِينٍ، فَرَاَيْتَ غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا، فَاْتِ الَّذِی هُوَ خَيْرٌ، وَكَفِّرْ عَنْ يَمِينِكَ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا: اے عبدالرحمٰن! حکومت نہ مانگنا، ہاں! اگر تجھے بن مانگے حکومت دی گئی تو تیری اس پر مدد کی جائے گی اور اگر مانگنے پر دی گئی تو تجھے اس کے سپرد کر دیا جائے گا اور تُو اگر کسی کام (کے نہ کرنے) پر قسم اُٹھالے اور پھر تُو اس کے علاوہ میں بہتری دیکھے تو اس کو اختیار کر جو بہتر ہے اور اپنی قسم کا کفارہ ادا کر۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ اِلَّا يَزِيدُ . تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْعَزِيزِ

یہ حدیث خالد سے صرف یزید روایت کرتے ہیں، عبدالعزیز اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

15 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ عُرْفُطَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اسی کی مثل فرمایا۔

14- أخرجه ابن عدى فى الكامل جلد7صفحه2546 من طريق عُرفطة به . وانظر: المصدر السابق .

15- انظر: السابق .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُرْفُطَةَ اِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ عَبَّادٍ، وَلَا عَنِ الْوَلِيدِ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ. تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ

یہ حدیث عرفطہ سے صرف ولید بن عباد روایت کرتے ہیں اور ولید سے صرف اسماعیل بن عیاش روایت کرتے ہیں' عبدالوہاب بن ضحاک اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

16 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ، عَنْ اَرْطَاةَ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ عِنْدَ التَّكْبِيرِ لِلرُّكُوعِ، وَعِنْدَ التَّكْبِيرِ حِينَ يَهْوِي سَاجِدًا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ رکوع کی تکبیر کے وقت اور جس وقت سجدے کے لیے جھکتے' اس وقت رفع یدین کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَرْطَاةَ اِلَّا الْجَرَّاحُ

یہ حدیث ارطاۃ سے جراح ہی روایت کرتے ہیں۔

فائدہ: امام ترمذی' امام ابوداؤد اور امام نسائی علیہم الرحمۃ نے اپنی اپنی کتب میں حدیث پاک بیان کی ہے کہ حضرت سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ صرف شروع کی تکبیر کہتے وقت ہاتھ اُٹھاتے تھے' اس کے علاوہ کسی اور رکن کی ادائیگی میں آپ ہاتھ نہیں اُٹھاتے تھے۔

17 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا اَبُو مَهْدِيٍّ سَعِيدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ: حَدَّثَتْنِي اُمُّ الشَّعْثَاءِ، عَنْ اُمِّ عِصْمَةَ الْعَوْصِيَةِ، امْرَاَةٌ مِنْ قَيْسٍ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَعْمَلُ ذَنْبًا، اِلَّا وَقَفَ الْمَلَكُ الْمُوَكَّلُ بِاِحْصَاءِ ذُنُوبِهِ ثَلَاثَ سَاعَاتٍ، فَاِنِ اسْتَغْفَرَ اللّٰهَ مِنْ ذَنْبِهِ ذَلِكَ فِي شَيْءٍ مِنْ تِلْكَ السَّاعَاتِ، لَمْ يُوقَفْ عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت اُم عصمہ العوصیہ رضی اللہ عنہا' یہ قبیلہ قیس کی ایک خاتون ہیں' فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو مسلمان بھی کوئی گناہ کرتا ہے تو ایک فرشتہ وکیل بن کر تین ساعت تک اس کے گناہ شمار کرتا ہے' اگر وہ ان ساعتوں میں اللہ عزوجل سے اپنے گناہ کی معافی مانگ لے تو اس کو قیامت کے دن روکا نہیں جائے گا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اُمِّ عِصْمَةَ اِلَّا بِهَذَا

یہ حدیث اُم عصمہ سے اس سند کے علاوہ نہیں

16- اسناده حسن: والحديث في مجمع البحرين رقم الحديث: 791' ومجمع الزوائد جلد2صفحه102 .

17- والحديث في مجمع البحرين رقم الحديث: 4749' ومجمع الزوائد جلد10صفحه208 .

الْإِسْنَادِ. تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الْمُغِيرَةِ

روایت کی گئی' ابومغیرہ اس کو روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

18 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ اَبِي وَهْبٍ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدٍ الْكَلَاعِيِّ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَسْنَدَ حَدِيثًا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ اَتَى مِنْكُمُ الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما منداً روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو تم میں سے جمعہ پڑھنے کے لیے آئے تو اس کو چاہیے کہ وہ غسل کرے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ اِلَّا اَبُو وَهْبٍ، وَلَا عَنْ اَبِي وَهْبٍ اِلَّا سُوَيْدٌ. تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَوْطِيُّ

یہ حدیث مکحول سے ابووہب ہی روایت کرتے ہیں' ابن ابی وہب سے صرف سوید روایت کرتے ہیں' حوطی اس کی روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

19 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَاصِمُ ابْنُ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ: غَدَوْتُ عَلَى صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ الْمُرَادِيِّ، فَقَالَ: مَا غَدَا بِكَ يَا زِرُّ؟ قُلْتُ: اَلْتَمِسُ الْعِلْمَ. فَقَالَ: اغْدُ عَالِمًا اَوْ مُتَعَلِّمًا، وَلَا تُعْدِيَنَّ ذٰلِكَ . فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَلْتَمِسُ عِلْمًا، اِلَّا وَضَعَتْ لَهُ الْمَلَائِكَةُ اَجْنِحَتَهَا مِنْ رِضَاهَا بِمَا يَفْعَلُ، قَالَ:

حضرت زر بن حبیش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان بن عسال المرادی رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' تو انہوں نے فرمایا: اے زر! کیسے آئے ہو؟ میں نے عرض کی: علم کی تلاش کے لیے' تو انہوں نے فرمایا: عالم یا طالب علم بن جاؤ! اس سے ہرگز نہ پھرنا' کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا: جو بندۂ مسلمان علم کی تلاش کے لیے نکلتا ہے تو فرشتے اس کی رضا حاصل کرنے کے لیے اپنے پَر بچھاتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ میں نے آپ سے موزوں پر مسح کے متعلق پوچھا اور میں نے

18- أخرجه مالك جلد **1** صفحه **102** ومن طريقه البخارى رقم الحديث: **877**' والنسائى جلد **3** صفحه **93**' وأحمد جلد **2** صفحه **64**' والدارمى جلد **1** صفحه **361**' وأبو بكر المروزى فى الجمعة وفضلها رقم الحديث: **25**' والبيهقى جلد **1** صفحه **293** من طريق مالك' عن نافع به .

19- أخرجه الترمذى رقم الحديث: **96**' والنسائى رقم الحديث: **127**' وابن ماجة رقم الحديث: **478**' وابن خزيمة رقم الحديث: **193** وأحمد جلد **4** صفحه **239-240**' والطيالسى رقم الحديث: **1166**' وغيرهم من طرق عن عاصم به . وسنده حسن للكلام الذى فى عاصم' فحديثه لا ينزل عن رتبة الحسن ان شاء الله .

فَسَأَلْتُهُ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَقُلْتُ: إِنِّي أَجِدُ فِي نَفْسِي مِنْ ذَلِكَ. فَقَالَ: كُنَّا إِذَا سَافَرْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَنَا أَنْ لَا نَخْلَعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَ لَيَالٍ وَأَيَّامَهُنَّ، إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، لَكِنْ مِنْ غَائِطٍ وَبَوْلٍ وَنَوْمٍ. وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

عرض کی: میں اس کے متعلق اپنے دل میں کچھ کھٹک پاتا ہوں' تو انہوں نے فرمایا: ہم سفر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے' آپ نے ہم کو حکم دیا کہ ہم اپنے موزے تین دن راتیں نہ اُتاریں' سوائے جنابت لاحق ہونے کے لیکن پیشاب اور پاخانہ اور سوئے کے وقت نہیں اُتارنے اور مقیم کے لیے (اس کی مدت) ایک دن اور ایک رات ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ حَفْصِ بْنِ سُلَيْمَانَ إِلَّا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ

حفص بن سلیمان سے اسے علی بن عیاش ہی روایت کرتے ہیں۔

20 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا أَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ: نا مُبَشِّرُ بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْإِحْصَانُ إِحْصَانَانِ: إِحْصَانُ عَفَافٍ، وَإِحْصَانُ نِكَاحٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پاک دامنی دو اشیاء کے ساتھ وابستہ ہے: (۱) حرام کاموں سے بچنے کی پاک دامنی (۲) نکاح کے ساتھ پاک دامنی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا مُبَشِّرُ بْنُ عُبَيْدٍ

یہ حدیث زہری سے صرف مبشر بن عبید ہی روایت کرتے ہیں۔

21 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي عَبْلَةَ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ الْأَعْمَى، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ أَتَى ابْنَ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: يَا ابْنَ عَبَّاسٍ، طَالَمَا أَضْلَلْتَ النَّاسَ. قَالَ: وَمَا ذَاكَ يَا عُرَيَّةُ؟ قَالَ:

حضرت ابن ابی ملیکہ الاعمی رضی اللہ عنہ' حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آئے' عرض کی: اے ابن عباس! آپ نے برابر لوگوں کو گمراہ کیا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اے عروہ! وہ

20- أخرجه البزار (217/2-كشف) من طريق أبي المغيرة به. قلت: وهذا اسناد موضوع' والمتهم به مبشر' وقد تقدم حاله. والحديث في مجمع البحرين رقم الحديث: 2437' وفي مجمع الزوائد جلد6صفحه263.

21- والحديث في مجمع البحرين رقم الحديث: 1718' وفي المجمع جلد3صفحه234' وقال الهيثمي: اسناده حسن.

الرَّجُلُ يَخْرُجُ مُحْرِمًا بِحَجٍّ اَوْ عُمْرَةٍ، فَإِذَا طَافَ، زَعَمْتَ اَنَّهُ قَدْ حَلَّ. فَقَدْ كَانَ اَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ يَنْهَيَانِ عَنْ ذٰلِكَ. فَقَالَ: اَهُمَا، وَيْحَكَ، آثَرُ عِنْدَكَ اَمْ مَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ، وَمَا سَنَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اَصْحَابِهِ وَفِي اُمَّتِهِ؟ فَقَالَ عُرْوَةُ: هُمَا كَانَا اَعْلَمَ بِكِتَابِ اللّٰهِ، وَمَا سَنَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنِّي وَمِنْكَ. قَالَ ابْنُ اَبِي مُلَيْكَةَ: فَخَصَمَهُ عُرْوَةُ .

کیسے؟ فرمایا: ایک آدمی حج یا عمرہ کا احرام باندھ کر نکلتا ہے، جب وہ طواف کرتا ہے تو آپ کا خیال ہے کہ وہ حلال ہو گیا ہے، حالانکہ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما دونوں اس کام سے منع کرتے تھے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: کیا وہ دونوں تیرے نزدیک قابل ترجیح ہیں یا کتاب اللہ اور وہ سنت جو رسول اللہ ﷺ اپنے اصحاب کرام اور اپنی اُمت میں قائم کی، وہ قابل ترجیح ہے؟ حضرت عروہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دونوں (حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما) کتاب اللہ اور سنت رسول ﷺ کو مجھ سے اور آپ سے زیادہ جاننے والے تھے۔ حضرت ابن ابی میلکہ فرماتے ہیں: پس حضرت عروہ، حضرت ابن عباس سے جھگڑے۔

هٰذَا الْحَدِيثُ سَاقِطٌ عِنْدَ ابْنِ خَلِيلٍ

یہ حدیث ابن خلیل کے نزدیک ساقط ہے۔

22 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا الْجَرَّاحُ بْنُ مَلِيحٍ، عَنْ اَبِي عَذَبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَتَى الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ.

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو جمعہ کے لیے آئے تو اس کو چاہیے کہ وہ غسل کرلے۔

ساتھ دس نیکیاں ملتی ہیں' اور ایک عمل کے ساتھ سات سو نیکیاں ملتی ہیں اور ایک عمل ایسا ہے کہ اس پر عمل کرنے والے کا ثواب اللہ ہی جانتا ہے' بہرحال جو دو عمل نجات دینے والے ہیں' وہ یہ ہیں کہ جو اللہ عزوجل سے اس حالت میں ملاقات کرے کہ وہ اس کی عبادت خلوصِ نیت سے کرتا ہو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا ہو تو اس کے لیے جنت واجب ہوگئی' اور جو اللہ سے اس حالت میں ملاقات کرے کہ اس نے اللہ کے ساتھ ذرّہ بھی شرک کیا تو اس کے لیے جہنم واجب ہوگئی اور جس نے کوئی بُرا عمل کیا تو اس کی جزاء اسے اس کے برابر ہی ملے گی اور جس نے نیکی کا ارادہ کیا لیکن عمل نہیں کیا تو اس کو اس کی مثل نیکی ملے گی اور جس نے نیکی کر لی تو اس کو دس نیکیاں ملیں گی اور جس نے اللہ کی راہ میں مال خرچ کیا تو اس کو سات سو درہم خرچ کرنے کا ثواب ملے گا اور سات سو دینار اور روزے رکھنے والے کا ثواب اللہ عزوجل ہی جانتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ اِلَّا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو عَقِيلٍ

یہ حدیث عبداللہ بن دینار سے صرف عمر بن محمد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابوعقیل اکیلے ہیں۔

866 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا يُونُسُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ قَالَ: اَنَا الْجَرَّاحُ بْنُ مِنْهَالٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ نَجِيحٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَرْقَمَ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: سَمِعْتُ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: ہر اُمت کا ایک امین ہوتا ہے اور اس اُمت کا امین ابوعبیدہ بن جراح ہیں۔

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَمِينًا، وَاَمِينُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُمَرَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ

یہ حدیث از حضرت عبداللہ از حضرت عمر سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں محمد بن اسحاق اکیلے ہیں۔

867 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ صُبَيْحٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ مَيْسَرَةَ بْنِ حَلْبَسٍ، عَنِ الصُّنَابِحِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ يَسْجُدُ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ سَجْدَةً اِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ بِهَا دَرَجَةً، وَحَطَّ عَنْهُ بِهَا خَطِيئَةً

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو بندہ اللہ عزوجل کے لیے ایک سجدہ کرتا ہے' اللہ عزوجل اسکا ایک درجہ بلند کرتا ہے اور اس کے ساتھ اس کا ایک گناہ معاف کیا جاتا ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُبَادَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: خَالِدٌ

یہ حدیث عبادہ سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں خالد اکیلے ہیں۔

868 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدٌ، عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى بْنِ اَبِي الْمُسَاوِرِ قَالَ: حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاطِبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مُحَيْرِيزٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: انْطَلِقْ حَتَّى تَاْتِيَ اَبَا بَكْرٍ، فَتَجِدَهُ فِي دَارِهِ جَالِسًا مُحْتَبِيًا، فَقُلْ لَهُ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ عَلَيْكَ السَّلَامَ، وَيَقُولُ: اَبْشِرْ بِالْجَنَّةِ، ثُمَّ انْطَلِقْ حَتَّى تَاْتِيَ الثَّنِيَّةَ، فَتَلْقَى عُمَرَ فِيهَا عَلَى حِمَارٍ تَلُوحُ صَلْعَتُهُ، فَقُلْ لَهُ:

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے بھیجا کہ جاؤ یہاں تک کہ ابوبکر کے پاس جاؤ' ان کو اپنے گھر میں احتباء کی حالت میں پاؤ گے' ان کو کہنا کہ رسول اللہ ﷺ آپ کو سلام کہتے ہیں اور کہنا کہ آپ کو جنت کی خوشخبری ہو' پھر تُو چلنا یہاں تک کہ تُو مقامِ ثنیہ پر آئے تو عمر سے ملاقات کرے' وہ اس وقت گدھے پر سوار ہوں گے ان کے سر کی جلد نظر آ رہی ہو گی' ان سے کہنا کہ رسول اللہ ﷺ آپ کو سلام کہہ رہے ہیں اور کہنا کہ آپ کو جنت کی خوشخبری ہو' پھر چلنا

867- أخرجه ابن ماجة: الاقامة جلد1 صفحه457 رقم الحديث: 1424 .

868- انظر: مجمع الزوائد جلد9 صفحه58-59 .

إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ عَلَيْكَ السَّلَامَ، وَيَقُولُ: أَبْشِرْ بِالْجَنَّةِ، ثُمَّ انْطَلِقْ حَتَّى تَأْتِيَ السُّوقَ، فَتَلْقَى عُثْمَانَ فِيهَا يَبِيعُ وَيَبْتَاعُ، فَقُلْ لَهُ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ عَلَيْكَ السَّلَامَ، وَيَقُولُ: أَبْشِرْ بِالْجَنَّةِ بَعْدَ بَلَاءٍ شَدِيدٍ فَانْطَلَقْتُ، فَأَتَيْتُ أَبَا بَكْرٍ، فَوَجَدْتُهُ فِي بَيْتِهِ جَالِسًا مُحْتَبِيًا كَمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ عَلَيْكَ السَّلَامَ، وَيَقُولُ: أَبْشِرْ بِالْجَنَّةِ قَالَ: وَأَيْنَ رَسُولُ اللّٰهِ؟ قُلْتُ: فِي مَكَانِ كَذَا وَكَذَا، فَقَامَ إِلَيْهِ، ثُمَّ أَتَيْتُ الثَّنِيَّةَ، فَإِذَا فِيهَا عُمَرُ عَلَى حِمَارٍ تَلُوحُ صَلْعَتُهُ كَمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ۔ فَقُلْتُ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ عَلَيْكَ السَّلَامَ، وَيَقُولُ: أَبْشِرْ بِالْجَنَّةِ قَالَ: وَأَيْنَ رَسُولُ اللّٰهِ؟ فَقُلْتُ: فِي مَكَانِ كَذَا وَكَذَا، فَانْطَلَقَ إِلَيْهِ، ثُمَّ انْطَلَقْتُ حَتَّى أَتَيْتُ السُّوقَ، فَلَقِيتُ عُثْمَانَ فِيهَا يَبِيعُ وَيَبْتَاعُ كَمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ، فَقُلْتُ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ عَلَيْكَ السَّلَامَ، وَيَقُولُ: أَبْشِرْ بِالْجَنَّةِ بَعْدَ بَلَاءٍ شَدِيدٍ ، فَقَالَ: وَأَيْنَ رَسُولُ اللّٰهِ؟ قُلْتُ: فِي مَكَانِ كَذَا وَكَذَا، فَأَخَذَ بِيَدِي فَجِئْنَا جَمِيعًا حَتَّى أَتَيْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ عُثْمَانُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ زَيْدًا أَتَانِي، فَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ عَلَيْكَ السَّلَامَ، وَيَقُولُ: أَبْشِرْ بِالْجَنَّةِ بَعْدَ بَلَاءٍ

یہاں تک کہ بازار میں آنا وہاں عثمان سے ملنا' وہ وہاں بازار میں خرید وفروخت کر رہے ہوں گے' ان کو بھی میرا سلام کہنا اور جنت کی خوشخبری دینا بڑی آزمائش کے بعد۔ سو میں چلا اور میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور آپ کو اپنے گھر میں احتباء کی حالت میں بیٹھا ہوا پایا' جیسا کہ حضور ﷺ نے فرمایا تھا' میں نے عرض کی: آپ کو حضور ﷺ سلام کہتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ آپ کو جنت کی خوشخبری ہو! حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ کہاں ہیں؟ میں نے عرض کی: فلاں فلاں گھر میں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور اس طرف چل پڑے' پھر میں مقامِ ثنیہ کی طرف چلا تو دیکھا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ گدھے پر سوار تھے ان کا سر نظر آ رہا تھا جس طرح کہ حضور ﷺ نے فرمایا تھا' میں نے عرض کی کہ حضور ﷺ آپ کو سلام کہتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ جنت کی خوشخبری ہو! حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ کہاں ہیں؟ میں نے عرض کی: فلاں فلاں گھر میں ہیں' پس آپ گھر کی طرف چل پڑے۔ پھر میں چلا یہاں تک کہ بازار آیا اور میری ملاقات حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے ہوئی' آپ خرید وفروخت کر رہے تھے' جس طرح کہ حضور ﷺ نے فرمایا تھا' میں نے عرض کی کہ حضور ﷺ آپ کو سلام کہتے ہیں اور آپ کو سخت آزمائش کے بعد جنت کی خوشخبری دیتے ہیں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور ﷺ کہاں ہیں؟ میں نے عرض کی: فلاں فلاں گھر میں ہیں' آپ نے میرا

شَدِيدٍ، فَاَيُّ بَلاءٍ يُصِيبُنِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا تَغَنَّيْتُ وَلَا تَمَنَّيْتُ، وَلَا مَسِسْتُ ذَكَرِي بِيَمِينِي مُنْذُ بَايَعْتُكَ، فَقَالَ: هُوَ ذَاكَ

ہاتھ پکڑا اور ہم سارے آئے' یہاں تک کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! زید میرے پاس آیا اور کہا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کو سلام کہتے ہیں اور سخت آزمائش کے بعد جنت کی خوشخبری دیتے ہیں' وہ کون سی آزمائش ہے؟ یارسول اللہ! جو مجھے پہنچے گی؟ اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے' نہ میں نے قطع تعلقی کی ہے اور نہ میں نے کبھی ناحق تمنا کی نہ میں نے اپنے ذَکر کو ہاتھ لگایا ہے' میں نے آپ کی بیعت کی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ آ کر رہے گی۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ اِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ اَبِي الْمُسَاوِرِ

یہ حدیث حضرت زید بن ارقم سے اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں عبدالاعلیٰ بن ابی مساور اکیلے ہیں۔

869 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ الْحُرِّ بْنِ الصَّيَّاحِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْاَخْنَسِ، اَنَّهُ سَمِعَ سَعِيدَ بْنَ زَيْدٍ، وَهُوَ يَشْهَدُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ كَانَ مَعَهُ عَاشِرَ عَشَرَةٍ، فَقَالَ: اَبُو بَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ، وَعُمَرُ فِي الْجَنَّةِ، وَعُثْمَانُ فِي الْجَنَّةِ، وَعَلِيٌّ فِي الْجَنَّةِ، وَطَلْحَةُ فِي الْجَنَّةِ، وَالزُّبَيْرُ فِي الْجَنَّةِ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ فِي الْجَنَّةِ، وَسَعْدُ بْنُ اَبِي وَقَّاصٍ فِي الْجَنَّةِ وَاِنْ اَشَا اَخْبَرْتُكُمْ بِالتَّاسِعِ. فَقَالَ الْقَوْمُ:

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ موجود تھے جس وقت آپ نے دس صحابہ کو جنت کی خوشخبری دی' آپ نے فرمایا: ابوبکر جنتی ہیں' عمر جنتی ہیں' عثمان جنتی ہیں' علی جنتی ہیں' طلحہ جنتی ہیں' زبیر جنتی ہیں' عبدالرحمٰن بن عوف جنتی ہیں' سعد بن ابی وقاص جنتی ہیں' اگر تم چاہو تو میں تم کو بتاتا ہوں کہ نواں کون ہے؟ لوگوں نے کہا: اے سعید! وہ کون ہے؟ فرمایا: وہ میں ہوں' پھر آپ (حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ) رو پڑے۔

869- أخرجه ابن ماجة في المقدمة جلد1 صفحه48 رقم الحديث: 134 .

مَنْ هُوَ يَا سَعِيدُ؟ فَقَالَ: هُوَ اَنَا، ثُمَّ بَكَى

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ قَيْسٍ السَّكُونِيِّ وَهُوَ اَبُو شُجَاعِ بْنِ الْوَلِيدِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ . وَقَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ، وَالْحَسَنُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ النَّخَعِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ، وَعَمْرُو بْنُ قَيْسٍ الْمُلَائِيُّ: عَنِ الْحُرِّ بْنِ الصَّبَّاحِ

یہ حدیث ولید بن قیس السکونی' ان کا نام ابوشجاع بن ولید ہے' سے صرف محمد بن طلحہ ہی روایت کرتے ہیں۔ شعبہ اور حسن بن عبیداللہ النخعی' محمد بن جحادہ اور عمرو بن قیس ملائی سے' وہ حر بن صباح سے روایت کرتے ہیں۔

870 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةُ الْقَاعِدِ عَلَى النِّصْفِ مِنْ صَلَاةِ الْقَائِمِ

حضرت عمرو بن شعیب از والد خود از جد خود روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بیٹھ کر نماز پڑھنے والے کو کھڑے ہو کر نماز پڑھنے والے سے آدھا ثواب ملتا ہے۔

871 - وَعَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ مَوْلَاهُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّائِبِ قَالَ: كُنْتُ شَرِيكَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَلَمَّا قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ قَالَ: تَعْرِفُنِي؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، كُنْتَ شَرِيكِي لَا تُمَارِي وَلَا تُدَارِي

حضرت مجاہد اپنے مولیٰ حضرت عبداللہ بن سائب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ جاہلیت میں شریک تھا' جب میں مدینہ منورہ آیا تو آپ نے فرمایا: مجھے جانتے ہو؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ میرے ساتھ شریک تھے' آپ کسی سے لڑائی اور جھگڑا نہیں کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ اَبِي الْاَسْوَدِ اِلَّا سَعِيدٌ

یہ حدیث منصور بن ابی اسود سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں۔

870- أخرجه مسلم في المسافرين جلد1صفحه507 رقم الحديث: 735' وابن ماجة: الاقامة جلد 1صفحه388 رقم الحديث: 1229' والنسائي في قيام الليل جلد3صفحه182 (باب فضل صلاة القائم على صلاة القاعد)' والدارمي في الصلاة جلد 1صفحه373 رقم الحديث: 1384' ومالك في الموطأ جلد1صفحه136 رقم الحديث: 19' وأحمد في المسند جلد2صفحه220 .

871- أخرجه أبو داؤد في الأدب جلد4صفحه261 رقم الحديث: 4836' وابن ماجة في التجارات جلد2صفحه768 رقم الحديث: 2287' وأحمد في المسند جلد3صفحه519 رقم الحديث: 15508 .

872 - وَعَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنَامُ فِي سُجُودِهِ، فَلَا يُعْرَفُ نَوْمُهُ اِلَّا بِنَفْخِهِ، ثُمَّ يَقُومُ فِي صَلَاتِهِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا مَنْصُورٌ

حضرت عبداللہ (بن مسعود) رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سجدہ کی حالت میں سو جاتے تھے آپ کی نیند آپ کے خراٹوں سے معلوم ہوتی تھی' پھر آپ اپنی نماز کے لیے کھڑے ہو جاتے تھے۔

یہ حدیث اعمش سے صرف منصور ہی روایت کرتے ہیں۔

873 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدٌ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ اَبِي يَعْقُوبَ، عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّمَا امْرَاَةٍ تَزَوَّجَتْ بِغَيْرِ وَلِيٍّ فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ، فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ، فَاِنْ دَخَلَ بِهَا فَلَهَا الْمَهْرُ بِمَا اسْتَحَلَّ مِنْ فَرْجِهَا . وَالسُّلْطَانُ وَلِيُّ مَنْ لَا وَلِيَّ لَهُ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ سَعِيدٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس عورت نے اپنے ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کیا اس کا نکاح باطل ہے' اس کا نکاح باطل ہے' اگر اس کے ساتھ دخول کیا گیا تو اس کے لیے مہر ہوگا' کیونکہ اُس کی شرمگاہ سے نفع اُٹھایا گیا ہے اور جس کا کوئی ولی نہیں تو اُس کا ولی بادشاہ ہوتا ہے۔

یہ حدیث حضرت ابن عباس سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں سعید اکیلے ہیں۔

فائدہ: یہ حدیث نابالغ لڑکی کے از خود نکاح کرنے کے متعلق ہے کہ اس کا نکاح بغیر ولی کی اجازت کے باطل ہے جبکہ بالغ کنواری یا ثیبہ اپنا از خود نکاح کر سکتی ہیں' ان کا کیا ہوا نکاح باطل نہیں۔

874 - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عَتِيقُ بْنُ يَعْقُوبَ قَالَ: حَدَّثَنِي حُمَيْدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ: لَمَّا حَضَرَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَفَاةُ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ،

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کا وقت قریب آیا تو صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمکو کوئی وصیت کریں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں تم کو پہلے مہاجرین اور اُن کے بیٹوں اور جوان کے بعد ہیں کے متعلق وصیت

872- أخرجه ابن ماجة في الطهارة جلد1صفحه160 رقم الحديث: 475 .

873- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه288 .

874- أخرجه البزار (كشف الأستار جلد3صفحه392) . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه20 .

اَوْصِنَا. قَالَ: اُوصِيكُمْ بِالسَّابِقِينَ الْاَوَّلِينَ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ، وبِاَبْنَائِهِمْ وَمَنْ بَعْدَهُمْ، اِلَّا تَفْعَلُوهُ لَا يُقْبَلُ مِنْكُمْ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ

کرتا ہوں اگر تم نے اُن سے ایسا سلوک نہ کیا تو تمہارے فرض و نفل قبول نہیں ہوں گے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث عبدالرحمٰن سے صرف اسی سند سے منقول ہے۔

875 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عَتِيقٌ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: اِذَا اشْتَكَى عَبْدِي، فَاَظْهَرَ الْمَرَضَ مِنْ قَبْلِ ثَلَاثٍ، فَقَدْ شَكَانِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ جب میرا بندہ مجھ سے شکایت کرتا ہے تو اس کا مرض تین دن پہلے ظاہر ہوا اس نے مجھ سے شکایت کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَتِيقٌ

یہ حدیث مقبری سے صرف عبدالرحمٰن ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں عتیق اکیلے ہیں۔

876 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا عَتِيقٌ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: نا عَلْقَمَةُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ غَابَ عَنِ الْمَدِينَةِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ جَائَهَا وَقَلْبُهُ مُشَرَّبٌ جَفْوَةً

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو مدینہ منورہ سے تین دن غائب رہا پھر وہ اس حالت میں آیا کہ اس کا دل مطمئن تھا تو اس نے بے وفائی کی۔

877 - وَبِهِ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَانَ اِذَا اكْتَحَلَ يَجْعَلُ فِي الْيُمْنَى ثَلَاثَةَ مَرَاوِدَ وَفِي الْاُخْرَى مِرْوَدَيْنِ، يَجْعَلُ ذَلِكَ وِتْرًا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے ہی روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ جب سرمہ لگاتے تو دائیں آنکھ میں تین سلائیاں سرمہ ڈالتے اور دوسری آنکھ میں دو سلائیاں یہ طاق مرتبہ رکھتے۔

875- انظر: مجمع الزوائد جلد2 صفحه298.

876- انظر: مجمع الزوائد جلد3 صفحه313.

877- أخرجه الطبراني في الكبير جلد12 صفحه364. انظر: مجمع الزوائد جلد5 صفحه99.

878 - وَبِهِ: قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَا زَعِيمٌ بِبَيْتٍ فِي رَبَضِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْمِرَاءَ وَهُوَ مُحِقٌّ، وَبِبَيْتٍ فِي وَسَطِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْكَذِبَ وَهُوَ مَازِحٌ، وَبِبَيْتٍ فِي اَعْلَى الْجَنَّةِ لِمَنْ حَسُنَتْ سَرِيرَتُهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں جنت میں اس کے گھر کا ضامن ہوں جو آدمی ریاکاری کو چھوڑ دے اگرچہ وہ حق ہی کیوں نہ ہو اور جنت کے وسط میں اس کے گھر کا ضامن ہوں جو جھوٹ کو چھوڑ دے اگرچہ مذاقاً ہی ہو اور اس شخص کے لیے جنت کے اعلیٰ حصے میں جس کا باطن حسین ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا عُقْبَةُ، تَفَرَّدَ بِهَا: عَتِيقٌ

یہ احادیث حضرت عبداللہ بن عمر سے صرف عقبہ ہی روایت کرتے ہیں' اُن سے روایت کرنے میں عتیق اکیلے ہیں۔

879 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَنْظَرَ مُعْسِرًا اَوْ وَضَعَ عَنْهُ، اَظَلَّهُ اللّٰهُ فِي ظِلِّ عَرْشِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے تنگ دست کو مہلت دی یا اس کا قرض معاف کیا تو اللہ عزوجل اسکو قیامت کے دن اپنے عرش کے نیچے سایہ عطا کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ اِلَّا دَاوُدُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث داؤد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اسحاق بن سلیمان اکیلے ہیں۔

880 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدٌ، عَنْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ الرَّازِيِّ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ: شَهِدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ حَرَّمَ نَبِيذَ الْجَرِّ، وَشَهِدْتُهُ حِينَ اَمَرَ بِشُرْبِهِ، وَقَالَ:

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس موجود تھا جس وقت آپ نے مٹکے کی نبیذ کو حرام فرمایا' میں اس وقت بھی گواہ تھا جس وقت آپ نے اسے پینے کی اجازت دی اور فرمایا: ہر نشہ آور شے سے پرہیز کرو۔

878- انظر: مجمع الزوائد جلد1 صفحه160 .

879- أخرجه الترمذی فی البيوع جلد3 صفحه590 رقم الحديث: 1306 .

880- أخرجه أحمد جلد4 صفحه87 . انظر: مجمع الزوائد جلد5 صفحه65 .

اجْتَنِبُوا كُلَّ مُسْكِرٍ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو جَعْفَرٍ

یہ حدیث حضرت عبداللہ بن مغفل سے اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں ابوجعفر اکیلے ہیں۔

881 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ سُلَيْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ يَحْيَى، يُحَدِّثُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ افْتَدَى يَمِينَهُ بِعَشْرَةِ آلَافِ دِرْهَمٍ . ثُمَّ قَالَ: وَرَبِّ هَذَا الْمَسْجِدِ لَوْ حَلَفْتُ حَلَفْتُ صَادِقًا، إِنَّمَا هُوَ شَيْءٌ افْتَدَيْتُ بِهِ يَمِينِي

حضرت محمد بن جبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے دس ہزار درہم اپنی قسم کے فدیہ میں دیئے' پھر فرمایا: اس مسجد کے رب کی قسم! اگر میں قسم اُٹھانے میں سچا بھی ہوا تو یہ وہ شے ہے کہ میں اسکے ساتھ اپنی قسم کا فدیہ دوں گا۔

882 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدٌ، عَنْ هَيَّاجِ بْنِ بِسْطَامٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ الْعَاصِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَاذَانَ، عَنْ أُمِّ سَعْدٍ، امْرَأَةِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُ بِدَفْنِ الدَّمِ إِذَا احْتَجَمَ

حضرت اُم سعد' حضرت زید بن ثابت کی زوجہ فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا' آپ پچھنا لگوانے سے نکلنے والے خون کو دفن کرنے کا حکم دیتے تھے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أُمِّ سَعْدٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَنْبَسَةُ

یہ حدیث حضرت اُم سعد سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں عنبسہ اکیلے ہیں۔

883 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدٌ قَالَ: نا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنْ هِلَالِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ دَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب اذا جاء نصر اللّٰه والفتح نازل ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بلوایا' فرمایا: میں دنیا سے جدا ہونے والا ہوں' تو آپ ﷺ رو پڑیں'

881- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه184 .

882- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه97 .

883- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد11صفحه330 رقم الحديث: 11907 .

فَاطِمَةَ، فَقَالَ: اِنَّهُ قَدْ نُعِيتُ اِلَيَّ نَفْسِي فَبَكَتْ، فَقَالَ: لَا تَبْكِينَ، فَاِنَّكِ لَاَوَّلُ اَهْلِي لَاحِقٌ بِي، فَضَحِكَتْ. فَرَآهَا بَعْضُ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ لَهَا: رَاَيْنَاكِ بَكَيْتِ، ثُمَّ ضَحِكْتِ. فَقَالَتْ: اِنَّهُ قَالَ لِي: نُعِيتُ اِلَيَّ نَفْسِي فَبَكَيْتُ، فَقَالَ: لَا تَبْكِي، فَاِنَّكِ اَوَّلُ اَهْلِي لَاحِقٌ بِي، فَضَحِكْتُ.

تو آپ ﷺ نے فرمایا: تُو مت رو! کیونکہ میرے اہل خانہ میں سے سب سے پہلے تم مجھ سے ملوگی' تو آپ رضی اللہ عنہا مسکرا پڑیں۔ نبی کریم ﷺ کی بعض ازواج نے آپ کو دیکھا تو آپ رضی اللہ عنہا سے عرض کی: ہم نے آپ کو روتے ہوئے دیکھا پھر آپ مسکرا پڑیں' تو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: حضور نے مجھے فرمایا کہ میں دنیا سے جدا ہونے والا ہوں تو میں رو پڑی' پھر آپ ﷺ نے فرمایا: تُو مت رو کہ تُو میرے خاندان میں سے سب سے پہلے مجھ سے ملنے والی ہے' تو میں مسکرا پڑی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِكْرِمَةَ اِلَّا هِلَالٌ

یہ حدیث عکرمہ صرف ہلال سے ہی روایت کرتے ہیں۔

884 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ لِلْقَاتِلِ مِنَ الْمِيرَاثِ شَيْءٌ

حضرت عمرو بن شعیب از والد خود از جد خود روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قاتل کے لیے میراث میں سے کوئی شئ نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف اسماعیل ہی روایت کرتے ہیں۔

885 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جُنَادَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ يَحْلُبُ شَاةً، فَقَالَ: اَيْ فُلَانُ، اِذَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک آدمی کے پاس سے گزرے جو اپنی بکری کا دودھ دوہ رہا تھا' آپ نے فرمایا: اے فلان! جب تُو دودھ دوہے تو اس کے بچے کے لیے چھوڑنا کیونکہ یہ جانوروں پر سب سے بڑی نیکی ہے۔

884- أخرجه ابن ماجة فى الفرائض جلد2صفحه914 رقم الحديث: 2736 .

885- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه199 .

حَلَبْتَ فَابْقِ لِوَلَدِهَا، فَإِنَّهَا مِنْ اَبَرِّ الدَّوَابِّ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث حضرت عبداللہ بن عمرو سے صرف اسی سند سے روایت ہے۔

886 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْزَةَ بْنِ يُوسُفَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا نَزَلَ بِاَهْلِهِ الضِّيقُ اَمَرَهُمْ بِالصَّلَاةِ، ثُمَّ قَرَاَ: (وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلَاةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا) (طه: 132) الْآيَةَ.

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ جب اپنے گھر والوں کے پاس جاتے تو آپ ان کو نماز کا حکم دیتے تھے' پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: ''وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلَاةِ وَاصْطَبِرْ عَلَيْهَا'' (طٰہٰ: ۱۳۲)۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَعْمَرٌ

یہ حدیث حضرت عبداللہ بن سلام سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں معمر اکیلے ہیں۔

887 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ سُلَيْمَانَ الرَّازِيِّ، عَنْ اَبِي سِنَانٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي الْبَخْتَرِيِّ، عَنِ ابْنِ اُمِّ مَكْتُومٍ قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ غَدَاةٍ، فَقَالَ: سُعِّرَتِ النَّارُ، وَجَاءَتِ الْفِتَنُ كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، لَوْ تَعْلَمُونَ مَا اَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيلًا وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيرًا

حضرت ابن اُم مکتوم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ ایک دن نکلے' فرمایا: جہنم بھڑکا دی گئی ہے اور فتنے آ گئے ہیں جس طرح رات کو اندھیرا آتا ہے' اگر تم کو اس چیز کا علم ہو جس کا علم مجھے ہے تو تم تھوڑا ہنسو اور زیادہ روؤ۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ اُمِّ مَكْتُومٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ. تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث حضرت ابن اُم مکتوم سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں اسحاق بن سلیمان اکیلے ہیں۔

888 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ

حضرت جبلہ بن حارثہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

886- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه70 .

887- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه232-233 .

888- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه124 .

سُلَيْمَانَ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ فَرْوَةَ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ حَارِثَةَ قَالَ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: عَلِّمْنِي شَيْئًا يَنْفَعُنِي. فَقَالَ: اِذَا اَخَذْتَ مَضْجَعَكَ، فَاقْرَأْ: قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُونَ، فَاِنَّهَا بَرَائَةٌ مِنَ الشِّرْكِ

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا: مجھے کوئی نفع مند شی سکھائیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم بستر پر آؤ تو قل یاایھا الکافرون پڑھ لیا کرو' یہ شرک سے بَری کرتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ فَرْوَةَ عَنْ جَبَلَةَ اِلَّا شَرِيكٌ

یہ حدیث ابواسحاق سے فروہ از جبلہ روایت کرتے ہیں اور ابواسحاق سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں۔

889 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدٌ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي بَشِيرٍ، عَنْ اَبِي شُرَيْحٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَقَالَ اَخَاهُ بَيْعًا اَقَالَهُ اللّٰهُ عَثْرَتَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوشریح رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے بھائی کو بیع کرنے میں تنگی دی تو قیامت کے دن اللہ عزوجل اس کو تنگی دے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ اِلَّا شَرِيكٌ

یہ حدیث عبدالملک سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں۔

890 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ قَالَ: يَأْمُرُونِي بِسَبِّ اَصْحَابِي، بَلْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَغَفَرَ لَهُمْ وَذَكَرَ اَنَّهُ كَانَ عَلَى حِرَاءَ، فَتَحَرَّكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْكُنْ حِرَاءُ، فَاِنَّهُ لَيْسَ عَلَيْكَ اِلَّا نَبِيٌّ اَوْ صِدِّيقٌ اَوْ شَهِيدٌ. فَعَدَّ اَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ وَعَلِيًّا وَطَلْحَةَ وَالزُّبَيْرَ وَعَبْدَ الرَّحْمَنِ

حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ مجھے حکم دیا گیا صحابہ کو گالی دینے کا بلکہ اللہ عزوجل کی اُن پر رحمت ہو اور ان کو اللہ معاف کرے اور ذکر کیا کہ وہ حراء پہاڑ پر تھے تو پہاڑ نے حرکت کی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حراء رُک جا! کیونکہ تجھ پر ایک نبی' ایک صدیق اور ایک شہید ہے۔ تو انہوں نے گنا تو اس پہاڑ پر حضرت ابوبکر' حضرت عمر' حضرت عثمان' حضرت علی' حضرت طلحہ' حضرت زبیر' حضرت عبدالرحمٰن بن عوف' حضرت سعد بن ابی وقاص اور حضرت سعید بن زید رضی

889- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه113 .

890- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه24 .

وَسَعْدَ بْنَ اَبِی وَقَّاصٍ وَسَعِیدَ بْنَ زَیْدٍ

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ طَلْحَةَ اِلَّا ابْنُهُ مُحَمَّدٌ، وَلَمْ یَذْكُرْ طَلْحَةَ فِی الْاِسْنَادِ بَیْنَ هِلَالِ بْنِ یَسَافٍ وَبَیْنَ سَعِیدِ بْنِ زَیْدٍ: عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ ظَالِمٍ

اللہ عنہم تھے۔

یہ حدیث طلحہ سے صرف اُن کے بیٹے محمد ہی روایت کرتے ہیں' طلحہ نے سند میں حلال بن یساف' سعید بن زید' عبداللہ بن ظالم کا ذکر نہیں کیا ہے۔

891 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِیدٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ اَبِی حَمْزَةَ، عَنْ اِبْرَاهِیمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا رُفِعَتْ مَائِدَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَیْنِ یَدَیْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَیْهَا فَضْلَةٌ مِنْ طَعَامٍ قَطُّ

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ اَبِی حَمْزَةَ اِلَّا مُحَمَّدٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے آگے سے کبھی دسترخوان نہیں اُٹھایا گیا اس حالت میں کہ اس پر کھانا بچا ہوا ہو۔

یہ حدیث ابوحمزہ سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں۔

892 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِیدٌ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: حَجَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَكُنَّا نُلَبِّی عَنِ الصِّبْیَانِ، وَنَرْمِی عَنْهُمْ

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا سَعِیدٌ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حج کرتے تھے تو ہم بچوں کی جانب سے تلبیہ اور کنکریاں مارتے تھے۔

یہ حدیث منصور سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں۔

893 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِیدٌ قَالَ: نا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ كَثِیرٍ اَبِی مُحَمَّدٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَاحِبُ الدِّینِ مَاْسُورٌ بِدِینِهِ، یَشْكُو اِلَى اللّٰهِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مقروض آدمی قرض کی وجہ سے روک لیا جاتا ہے' وہ ایک اللہ کی بارگاہ میں تنہائی کی شکایت کرتا ہے۔

892- أخرجه الترمذی فی الحج جلد 3 صفحه 257 رقم الحدیث: 927' وابن ماجة فی المناسك جلد 2 صفحه 1010 رقم الحدیث: 3038 .

893- انظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 132 .

الْوَحْدَةَ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْبَرَاءِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُبَارَكٌ

یہ حدیث حضرت براء سے صرف اسی سند سے مروی ہے اسے روایت کرنے میں مبارک اکیلے ہیں۔

894 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: نا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ جَيْشًا، غَنِمُوا فِي زَمَانِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا وَعَسَلًا، فَلَمْ يُؤْخَذْ مِنْهُمُ الْخُمُسُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک لشکر رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں مالِ غنیمت لے کر آیا جس میں کھانا اور شہد تھا تو ان سے خمس نہیں لیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ إِلَّا أَنَسٌ

یہ حدیث حضرت عبیداللہ سے صرف حضرت انس ہی روایت کرتے ہیں۔

895 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عِكْرِمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْتَمِسُوا الرِّزْقَ فِي خَبَايَا الْأَرْضِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کھیتی میں اپنا رزق تلاش کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ إِلَّا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے صرف ہشام بن عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

896 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الزُّبَيْرِيُّ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: ثَلَاثَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ لَمْ يَكُنْ فِي النَّاسِ أَحَدٌ يُعِدُّ عَلَيْهِمْ فَضْلًا بَعْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ انصار میں تین آدمی ایسے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے وصال کے بعد لوگ اُن سے زیادہ کسی کو افضل نہیں جانتے ہیں وہ سعد بن معاذ اسید بن حضیر اور عباد بن بشر ہیں۔

894- أخرجه أبو داؤد فی الجهاد جلد3صفحه65 رقم الحديث: 2701 .

895- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه66 .

896- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه313 .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ، وَاُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ، وَعَبَّادُ بْنُ بِشْرٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى إِلَّا مُحَمَّدٌ

اس حدیث کو یحییٰ سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں۔

897 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا مُصْعَبٌ قَالَ: نا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُحِبُّ إِذَا عَمِلَ اَحَدُكُمْ عَمَلًا اَنْ يُتْقِنَهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل پسند کرتا ہے کہ جب تم میں سے کوئی عمل کرے تو وہ یقین کے ساتھ کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ إِلَّا مُصْعَبٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: بِشْرٌ

یہ حدیث ہشام سے صرف مصعب ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں بشر اکیلے ہیں۔

898 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا مُصْعَبٌ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَجُلًا، كَانَ يَؤُمُّ قَوْمًا، وَكَانَ يَقْرَاُ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ وَسُورَةً اُخْرَى فِي كُلِّ رَكْعَةٍ، فَقَالَ لَهُ اَصْحَابُهُ: إِنَّكَ تَقْرَاُ هَذِهِ السُّورَةَ، يَعْنُونَ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، ثُمَّ لَا تَرَاهَا تُجْزِئُكَ، وَتَقْرَاُ مَعَهَا سُورَةً اُخْرَى؟ فَإِمَّا اقْتَصَرْتَ عَلَيْهَا، وَإِمَّا قَرَاْتَ السُّورَةَ الْاُخْرَى وَتَرَكْتَهَا. فَقَالَ: لَسْتُ اَفْعَلُ، فَإِنْ رَضِيتُمْ، وَإِلَّا فَشَاْنُكُمْ بِاَمْرِكُمْ. وَكَانَ مِنْ اَفْضَلِهِمْ، وَكَرِهُوا اَنْ يَؤُمَّهُمْ غَيْرُهُ، فَذَكَرُوا ذَلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا يَمْنَعُكَ مِمَّا يَاْمُرُكَ بِهِ قَوْمُكَ، وَمَا يُلْزِمُكَ هَذِهِ السُّورَةَ؟ فَقَالَ: إِنِّي اُحِبُّهَا. فَقَالَ: حُبُّهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی ایک قوم کی امامت کرواتا تھا' وہ ہر رکعت میں قل ھواللہ احد اور ایک دوسری سورت پڑھتا تھا' اس کو صحابہ نے کہا کہ تُو یہ سورت قل ھواللہ احد پڑھتا ہے پھر تُو اسے کافی نہیں سمجھتا اور اُس کے ساتھ دوسری سورت پڑھتا ہے' یا تو اسی پر اقتصار کر یا دوسری سورت پڑھ اور اسے چھوڑ دے۔ اس نے کہا: میں ایسا کرنے والا نہیں ہوں' اگر تم راضی ہو تو ٹھیک ہے ورنہ تمہارا معاملہ تم جانو۔ وہ آدمی ان سے افضل بھی تھا' لوگ بھی اس کے علاوہ کسی اور کی امامت ناپسند کرتے تھے تو یہ بات رسول اللہ ﷺ کے پاس کی گئی' آپ ﷺ نے فرمایا: تجھے کیا چیز روکتی ہے اس سے جو تیرے مقتدی تجھ سے تقاضا کرتے ہیں اور تُو اس سورت پر ہمیشگی کیوں کرتا ہے؟ اس

897- انظر: كشف الخفا للحافظ العجلونی جلد1صفحه285 .

اَدْخَلَكَ الْجَنَّةَ.

نے عرض کی: میں اس سے محبت کرتا ہوں' تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس کی محبت تجھے جنت میں لے جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ

یہ حدیث عبید اللہ سے صرف عبد العزیز ہی روایت کرتے ہیں۔

899 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ خَلَفِ بْنِ خَلِيفَةَ، عَنْ حَفْصِ ابْنِ اَخِي، اَنَسٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ، وَالْكَافِرُ يَأْكُلُ فِي سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مؤمن ایک آنت میں کھاتا ہے اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَفْصٍ اِلَّا خَلَفٌ

یہ حدیث حفص سے صرف خلف ہی روایت کرتے ہیں۔

900 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ خَلَفِ بْنِ خَلِيفَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ يَزِيدَ الْهُنَائِيُّ. قَالَ: كُنْتُ مَعَ الْفَرَزْدَقِ فِي السِّجْنِ، فَقَالَ الْفَرَزْدَقُ: لَا اَنْجَاهُ اللّٰهُ مِنْ يَدَيْ مَالِكِ ابْنِ الْمُنْذِرِ بْنِ الْجَارُودِ، اِنْ لَمْ اَكُنِ انْطَلَقْتُ اَمْشِي بِمَكَّةَ، فَلَقِيتُ اَبَا هُرَيْرَةَ وَاَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ، فَسَاَلْتُهُمَا، فَقُلْتُ: اِنِّي مِنْ اَهْلِ الْمَشْرِقِ، وَاِنَّ قَوْمًا يَخْرُجُونَ عَلَيْنَا، فَيَقْتُلُونَ مَنْ قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَيَاْمَنُ مَنْ سِوَاهُمْ، فَقَالَا لِي، وَاِلَّا فَلَا نَجَّانِي اللّٰهُ مِنْ مَالِكِ بْنِ الْمُنْذِرِ: سَمِعْنَا خَلِيلَنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ قَتَلَهُمْ فَلَهُ اَجْرُ شَهِيدٍ اَوْ شَهِيدَيْنِ، وَمَنْ قَتَلُوهُ فَلَهُ اَجْرُ شَهِيدٍ

حضرت یحییٰ بن یزید الہنائی فرماتے ہیں کہ میں فرزدق کے ساتھ قید میں تھا تو فرزدق نے کہا: اللہ اسے مالک بن منذر بن جارود کے ہاتھ سے نجات نہیں دے گا' اگر میں چل کر مکہ نہ جاؤں' سو میں حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما سے ملا اور اُن سے پوچھا' میں نے عرض کی کہ میں مشرق کا رہنے والا ہوں اور ایک قوم ہم پر نکلی ہے وہ اسے قتل کرتے ہیں جو لا الٰہ لا اللہ پڑھتا ہے اور اس کے علاوہ کو چھوڑتے ہیں' دونوں نے مجھ سے کہا: اگر اللہ عزوجل نے مالک بن منذر سے نجات نہ دی تو ہم نے اپنے خلیل ﷺ کو فرماتے سنا ہے: جو اُن کو قتل کرے گا' اسے ایک یا دو شہیدوں کا ثواب ہے اور جس نے اس کو قتل کیا اس کو ایک شہید کے برابر ثواب

899- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه36 .

900- انظر: مجمع الزوائد جلد6صفحه237 .

ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْفَرَزْدَقِ الشَّاعِرِ إِلَّا يَحْيَى بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ

یہ حدیث فرزدق شاعر سے صرف یحییٰ بن یزید ہی روا[illegible] ہیں' اسے روایت کرنے میں خلف بن [illegible]یے ہیں۔

901 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَا[illegible] يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَا[illegible] عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: أَشَدُّ خَلْقِ رَبِّكَ عَشَرَةٌ: الْجِبَالُ، وَالْحَدِيدُ يَنْحَتُ الْجِبَالَ، وَالنَّارُ تَأْكُلُ الْحَدِيدَ، وَالْمَاءُ يُطْفِءُ النَّارَ، وَالسَّحَابُ الْمُسَخَّرُ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ يَحْمِلُ الْمَاءَ، وَالرِّيحُ تُقِلُّ السَّحَابَ، وَالْإِنْسَانُ يَتَّقِي الرِّيحَ بِيَدِهِ، وَيَذْهَبُ فِيهَا لِحَاجَتِهِ، وَالسُّكْرُ يَغْلِبُ الْإِنْسَانَ، وَالنَّوْمُ يَغْلِبُ السُّكْرَ، وَالْهَمُّ يَمْنَعُ النَّوْمَ، فَأَشَدُّ خَلْقِ رَبِّكَ الْهَمُّ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ کے رب نے اپنی مخلوق میں سب سے سخت ترین دس اشیاء پیدا کی ہیں' پہاڑ' لوہا پہاڑ کو ختم کرتا ہے اور آگ لوہے کو کھا جاتی ہے اور پانی آگ کو بجھاتا ہے اور بادل آسمان اور زمین کے درمیان مسخر ہیں' وہ پانی اُٹھاتے ہیں اور ہوا بادلوں کو لے جاتی ہے' انسان اپنے ہاتھ کے ساتھ ہوا سے بچتا ہے' اس میں اپنی ضرورت کے لیے جاتا ہے اور نشہ انسان کو مغلوب کر دیتا ہے اور نیند نشے پر غالب آ جاتی ہے اور غم نیند کو ختم کر دیتا ہے' پس آپ کے رب کی سخت ترین پیدا کردہ شے غم ہے۔

902 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ فِي سَفَرٍ وَجَدَّ بِهِ السَّيْرُ، فَرَكِبَ قَبْلَ أَنْ يَفِيءَ الْفَيْءُ أَخَّرَ الظُّهْرَ حَتَّى يَدْخُلَ الْوَقْتُ الْأَوَّلُ مِنَ الْعَصْرِ، فَيَنْزِلَ، فَيُصَلِّيهِمَا جَمِيعًا، ثُمَّ يُؤَخِّرُ الْمَغْرِبَ حَتَّى يَبْدُو غُيُوبُ الشَّفَقِ، ثُمَّ يَنْزِلُ، فَيُصَلِّيهِمَا جَمِيعًا، الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب سفر میں ہوتے اور آپ کو جانے میں جلدی ہوتی تو آپ سوار ہوتے اور ایک مثل سایہ تک ظہر کی نماز کو مؤخر کرتے یہاں تک کہ عصر کا اوّل وقت داخل ہو جاتا' سو آپ اُترتے اور دونوں نمازوں کو اکٹھا کر کے پڑھتے' پھر مغرب کو مؤخر کرتے یہاں تک کہ شفق غروب ہو جاتا' پھر آپ اُترتے تو دونوں یعنی مغرب اور عشاء کو اکٹھا پڑھتے۔

901- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه135 .

902- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه162-163 .

فائدہ: اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ نماز تو اپنے وقت پر ہی ادا کرتے تھے لیکن اس طرح کہ ظہر کو آخری وقت میں اور عصر کو اوّل وقت میں ادا کرتے' یہ نہیں کہ دونوں نمازیں ایک وقت میں ادا کرتے تھے' نماز کو جمع کرنا صرف دو مقام پر جائز ہے: عرفات میں ظہر اور عصر اور مزدلفہ میں مغرب اور عشاء' اس کے علاوہ کسی اور مقام پر دو نمازیں جمع کر کے ایک وقت پڑھنا جائز نہیں ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ اِلَّا اَبُو مَعْشَرٍ

یہ حدیث محمد بن قیس سے صرف ابومعشر ہی روایت کرتے ہیں۔

903 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدٌ، عَنْ اَبِي مَعْشَرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي حَفْصٍ عُمَرَ بْنِ الْحَاكِمِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ عَادَ مَرِيضًا خَاضَ فِي الرَّحْمَةِ، فَاِنْ جَلَسَ عِنْدَهُ اسْتَشْفَعَ فِيهَا

حضرت کعب بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے مریض کی عیادت کی وہ اللہ کی رحمت میں غوطہ زن ہوتا ہے' سو اگر اس کے پاس بیٹھے تو خاص اللہ کی رحمت میں ہوتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ كَعْبٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث حضرت کعب سے صرف اسی سند سے مروی ہے۔

904 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدٌ، عَنْ اَبِي مَعْشَرٍ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: اُهْدِيَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُطَبٌ، فَجَعَلَ يَاْكُلُ بِيَمِينِهِ، وَيَتَنَاوَلُ النَّوَى بِشِمَالِهِ، فَيُلْقِيهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو تر کھجوریں ہدیہ دی گئیں' آپ ان کو دائیں ہاتھ سے کھاتے اور بائیں ہاتھ سے گٹھلی پکڑتے اور اس کو پھینکتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ اِلَّا اَبُو مَعْشَرٍ

یہ حدیث حفص بن عمر بن عبداللہ بن ابی طلحہ سے صرف ابومعشر ہی روایت کرتے ہیں۔

905 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدٌ، عَنْ عَبْدِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

903- انظر: مجمع الزوائد جلد 2 صفحہ 300 .

905- أخرجه البخاری فی العمرة جلد 3 صفحہ 698 رقم الحديث: 1773' ومسلم فی الحج جلد 2 صفحہ 983 رقم الحديث: 1349' والترمذی فی الحج جلد 3 صفحہ 263 رقم الحديث: 933' والنسائی فی المناسك جلد 5 صفحہ 86 (باب فضل العمرة)' وابن ماجة فی المناسك جلد 2 صفحہ 964 رقم الحديث: 2888' ومالك فی

الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي سَلَمَةَ الْمَاجِشُونِ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْعُمْرَةُ اِلَى الْعُمْرَةِ كَفَّارَةٌ لِمَا بَيْنَهُمَا، وَالْحَجُّ الْمَبْرُورُ لَيْسَ لَهُ جَزَاءٌ اِلَّا الْجَنَّةُ

اللہ ﷺ نے فرمایا: ایک عمرہ دوسرے عمرہ تک گناہوں کا کفارہ ہے اور حج مبرور کی جزاء صرف جنت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ اِلَّا سَعِيدٌ

یہ حدیث عبدالعزیز سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں۔

906 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَعَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلَى جَنَازَةٍ، وَمَا نَرَى الشَّمْسَ اِلَّا عَلَى اَطْرَافِ الْحِيطَانِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے ایک جنازہ پڑھایا' اس حالت میں کہ سورج کی شعاعیں ہمیں صرف دیواروں پر نظر آتی تھیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْقَاسِمِ اِلَّا الْحَكَمُ

یہ حدیث قاسم سے صرف حکم ہی روایت کرتے ہیں۔

907 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نا سَعِيدٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيِّ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ اَبِي عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ، فَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا، وَغَسَلَ يَدَيْهِ ثَلَاثًا، وَمَسَحَ بِرَاْسِهِ وَاُذُنَيْهِ، وَغَسَلَ رِجْلَيْهِ ثَلَاثًا، وَرَاَيْتُهُ مَرَّةً اُخْرَى تَوَضَّاَ مَرَّةً مَرَّةً

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو وضو کرتے ہوئے دیکھا' آپ نے اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا اور اپنے دونوں ہاتھوں کو تین مرتبہ دھویا اور اپنے سر اور کانوں کا مسح کیا اور اپنے پاؤں کو تین مرتبہ دھویا اور دوسری مرتبہ آپ کو وضو کرتے ہوئے دیکھا تو آپ نے ہر عضو کو ایک ایک مرتبہ دھویا۔

الموطأ رقم الحديث: 65' وأحمد فی المسند جلد2صفحه246 رقم الحديث: 7372 .

906- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه39 .

907- أخرجه الطبرانی فی الكبير رقم الحديث: 937' والبزار جلد 1صفحه143' والدارقطنی جلد 1صفحه81 .

وانظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه234 .

لَا يُرْوَى هَـذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِى رَافِعٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ. تَفَرَّدَ بِهِ: الدَّرَاوَرْدِيُّ

یہ حدیث ابورافع سے اسی سند سے روایت ہے اسے روایت کرنے میں الدراوردی اکیلے ہیں۔

908 - حَـدَّثَـنَا اَحْـمَـدُ قَـالَ: نَـا سَعِيدُ بْنُ سُـلَيْـمَانَ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ عُتْبَةَ قَالَ: نا اَبُو كَثِيرٍ، عَنْ اَبِى هُـرَيْـرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: دو بیع کرنے والوں کو اختیار ہوتا ہے جب تک وہ جدا نہ ہوں۔

لَـمْ يَـرْوِ هَـذَا الْـحَدِيثَ عَنْ اَبِى كَثِيرٍ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اِلَّا اَيُّوبُ

یہ حدیث ابی کثیر یزید بن عبدالرحمٰن سے صرف ایوب ہی روایت کرتے ہیں۔

909 - حَـدَّثَـنَا اَحْـمَـدُ قَالَ: نا سَعِيدٌ، عَنْ سُـلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ الْيَمَامِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِى كَثِيرٍ، عَنْ اَبِى سَلَمَةَ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَـلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ حَاسَبَهُ اللّٰـهُ حِسَـابًا يَسِيرًا، وَاَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ قُلْتُ: مَا هُنَّ يَا رَسُـولَ اللّٰـهِ؟ قَـالَ: تَـصِلُ مَنْ قَطَعَكَ، وَتُعْطِى مَنْ حَرَمَكَ، وَتَعْفُو عَمَّنْ ظَلَمَكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تین عادتیں جس میں ہوں اس سے اللہ حساب جلدی لے گا اور اسے جنت میں داخل کرے گا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کیا ہیں؟ فرمایا: جو تجھ سے تعلق توڑے' تُو اس سے جوڑے اور جو تجھے محروم رکھے تُو اسے عطا کرے اور جو تجھ پر ظلم کرے تُو اس کو معاف کردے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى اِلَّا سُلَيْمَانُ

یہ حدیث یحییٰ سے صرف سلیمان ہی روایت کرتے ہیں۔

910 - حَـدَّثَـنَا اَحْـمَـدُ قَـالَ: نَـا سَعِيدُ بْنُ سُـلَيْـمَـانَ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ مُسْلِمٍ الْاَعْوَرِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ السَّائِبِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّى الصُّبْحَ اِذَا تَغَشَّى

حضرت قیس بن سائب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ فجر کی نماز پڑھتے تھے' جب آسمان میں نور چھایا ہوتا تھا اور ظہر جب سورج ڈھل جاتا اور عصر اس حالت میں کہ سورج چمک رہا ہوتا اور مغرب جب روزہ

908- أخرجه أحمد فی المسند جلد2صفحه416 رقم الحديث: 8119 .

909- أخرجه البزار جلد2صفحه283' وابن عدی فی الكامل جلد 3صفحه1125' والحاكم فی مستدركه جلد 2 صفحه518 .

910- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه308 .

النُّورُ السَّمَاءَ، وَالظُّهرَ اِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ، وَالْعَصْرَ وَالشَّمْسُ بَيْضَاءُ نَقِيَّةٌ، وَالْمَغْرِبَ اِذَا اَفْطَرَ الصَّائِمُ، وَيُؤَخِّرُ الْعِشَاءَ

دارافطاری کرتا اور عشاء کو دیر سے پڑھتے تھے۔

لَا يُرْوَى هَـذَا الْـحَـدِيثُ عَنْ قَيْسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَيُّوبُ

یہ حدیث قیس سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں ایوب اکیلے ہیں۔

911 - حَـدَّثَـنَـا اَحْـمَـدُ قَـالَ: نَـا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْـمَـانَ، عَـنْ زُهَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ مُـوسَى بْـنِ عَبْـدِ الـلّٰـهِ بْنِ يَزِيدَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِى حُـمَيْـدٍ الْاَنْـصَارِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْـهِ وَسَـلَّـمَ: اِذَا خَطَبَ اَحَدُكُمُ امْرَاَةً، فَلَا جُنَاحَ عَلَيْـهِ اَنْ يَـنْـظُـرَ اِلَيْهَا، اِذَا كَـانَ اِنَّـمَا يَنْظُرُ اِلَيْهَا لِلْخِطْبَةِ، اِذْ كَانَتْ لَا تَعْلَمُ

حضرت ابوحمید انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کسی عورت کو نکاح کا پیغام بھیجے تو کوئی حرج نہیں ہے کہ وہ اس کو دیکھ لے' جب اس کی طرف دیکھے نکاح کے پیغام کے لیے تو اس وقت اس کو علم نہ ہو۔

لَـمْ يَـرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى اِلَّا زُهَيْـرٌ وَّلَا يُـرْوَى عَـنْ اَبِـى حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث عبداللہ بن عیسیٰ سے صرف زہیر ہی روایت کرتے ہیں اور ابوحمید الساعدی سے صرف اسی سند سے مروی ہے۔

912 - حَـدَّثَـنَـا اَحْـمَـدُ قَالَ: نَا سَعِيدٌ، عَنْ حُـدَيْـجِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ ابى اِسْحَاقَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ، يَقُولُ، فِي قَوْلِ اللّٰهِ عَـزَّ وَجَـلَّ: (تَرْمِي بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ) (المرسلات: 32) قَـالَ: اَمَـا اِنَّهَـا لَيْسَتْ مِثْلَ الشَّجَرِ وَالْجَبَلِ، وَلَكِنَّهَا مِثْلُ الْمَدَائِنِ وَالْحُصُونِ

حضرت علقمہ بن قیس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو اللہ عزوجل کے اس ارشاد "تَرْمِي بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ" (المرسلات:۳۲) کی تفسیر کرتے ہوئے سنا کہ یہ کوئی درخت اور پہاڑ کی مثل نہیں ہے' لیکن یہ مدائن اور حصون کی طرح ہے۔

911- أخرجه الامام أحمد فى مسنده جلد 5 صفحه 424' والبزار جلد 2 صفحه 159 . انظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 279 .

912- انظر: مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 135 .

913 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدٌ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ: حَدَّثَنِي الْمُسَيَّبُ بْنُ رَافِعٍ، وَمَعْبَدُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْخَطْمِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْظَلَةَ بْنِ الْغَسِيلِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الرَّجُلَ اَحَقُّ بِصَدْرِ دَابَّتِهِ وَصَدْرِ فِرَاشِهِ، وَاَنْ يَؤُمَّ فِي رَحْلِهِ

حضرت عبداللہ بن حنظلہ بن غسیل رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آدمی اپنی سواری پر آگے اور اپنے بستر پر آگے بیٹھنے کا زیادہ حق دار ہے اور اپنے گھر میں امامت کروانے کا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُسَيَّبِ وَمَعْبَدٍ اِلَّا اِسْحَاقُ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْظَلَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث میتب اور معبد سے صرف اسحاق ہی روایت کرتے ہیں اور عبداللہ بن حنظلہ سے صرف اسی سند سے مروی ہے۔

914 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدٌ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ قَالَ: نَا مَعْبَدُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: اَتَيْنَا عَنْبَسَةَ بْنَ اَبِي سُفْيَانَ نَعُودُهُ، فَقَالَ: حَدَّثَتْنِي اُخْتِي اُمُّ حَبِيبَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى فِي يَوْمٍ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً تَطَوُّعًا، بُنِيَ لَهُ بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ .

حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے دن میں بارہ رکعت نفل پڑھے اس کے لیے جنت میں گھر بنادیا جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَعْبَدٍ اِلَّا اِسْحَاقُ

یہ حدیث معبد سے صرف اسحاق ہی نے روایت کی ہے۔

915 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا سَعِيدٌ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوقٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . وَفُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن سب سے پہلا گروہ جو جنت میں داخل ہوگا ان کے چہرے چودھویں رات کے چاند کی طرح چمک رہے ہوں گے،

-913 أخرجه البزار جلد1صفحه231 . انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه68 .

-914 أخرجه أحمد في المسند جلد6صفحه452 رقم الحديث: 27462 .

-915 أخرجه البزار جلد4صفحه202 . وانظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه414-415 .

مَيْمُونٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَوَّلُ زُمْرَةٍ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وُجُوهُهُمْ عَلَى صُورَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، وَالَّذِينَ يَلُونَهُمْ كَاَحْسَنِ كَوْكَبٍ دُرِّيٍّ فِي السَّمَاءِ، وَلِكُلِّ رَجُلٍ مِنْهُمْ زَوْجَتَانِ، عَلَى كُلِّ زَوْجَةٍ حُلَّةٌ يُرَى مُخُّ سَاقِهَا مِنْ وَرَاءِ اللَّحْمِ كَمَا يُرَى الشَّرَابُ الْاَحْمَرُ فِي الزُّجَاجَةِ الْبَيْضَاءِ

اور دوسرا گروہ جو اُن سے ملا ہوگا اس کے چہرے آسمان پر چمکنے والے ستاروں کی طرح خوبصورت ہوں گے' ان میں سے ہر آدمی کی دو بیویاں ہوں گی' ہر ایک پر دو حلّے ہوں گے' ان کی پنڈلی کا گودا گوشت کے باہر سے دیکھا جا سکے گا جس طرح کہ سرخ شربت سفید شیشے کے پیالے میں دیکھا جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا الْفُضَيْلُ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف فضیل ہی نے روایت کی ہے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام کو دیکھا کہ کھجوروں کو پیوند لگا رہے تھے' آپ نے فرمایا: لوگ کیا کر رہے ہیں؟ عرض کی: یارسول اللہ! پیوندکاری کر رہے ہیں' فرمایا: پیوند کاری نہ کرو' یا یہ فرمایا کہ میں پیوندکاری میں کوئی شی نہیں دیکھتا ہوں۔ تو صحابہ کرام نے پیوند کاری کرنی چھوڑ دی اور لوگ آپ کے پاس آئے اور عرض کی: پھل کم لگا ہے' تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں کھیتی بھی نہیں کرتا ہوں نہ میں کھجوریں لگاتا ہوں' پیوندکاری کرلیا کرو۔

1031 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: اَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي اَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: دِينَارًا تُنْفِقُهُ عَلَى نَفْسِكَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَدِينَارًا تُنْفِقُهُ عَلَى فَرَسِكَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَدِينَارًا تُنْفِقُهُ عَلَى اَهْلِكَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ. فَاَفْضَلُهَا الدِّينَارُ الَّذِي تُنْفِقُهُ عَلَى اَهْلِكَ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ایک دینار وہ ہے جو تُو اپنی جان پر اللہ کی راہ میں خرچ کرے اور ایک دینار وہ ہے جو تُو اپنے گھوڑے پر اللہ کی راہ میں خرچ کرے اور ایک دینار وہ ہے جو تُو اپنے گھر والوں پر اللہ کی راہ میں خرچ کرے' اُن میں سے افضل دینار وہ ہے جو تُو اپنے گھر والوں پر خرچ کرے۔

1032 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت ابی عطیہ فرماتے ہیں کہ حضرت مالک بن

1031- أخرجه مسلم في الزكاة جلد 2 صفحه 691 رقم الحديث: 994' والترمذي في البر جلد 4 صفحه 344 رقم الحديث: 1966' وابن ماجة في الجهاد جلد 2 صفحه 922 رقم الحديث: 2760 .

1032- أخرجه أبو داؤد في الصلاة جلد 1 صفحه 159 رقم الحديث: 596' والترمذي في الصلاة جلد 2 صفحه 187 رقم الحديث: 356' وأحمد في المسند جلد 3 صفحه 533 رقم الحديث: 15609 .

عَوْنِ الزِّيَادِيُّ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي بُدَيْلُ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ أَبِي عَطِيَّةَ قَالَ: زَارَنَا مَالِكُ بْنُ الْحُوَيْرِثِ، فَقُلْنَا: لَوْ صَلَّيْتَ بِنَا، قَالَ لَنَا: لِيُصَلِّي إِمَامُكُمْ، وَسَأُخْبِرُكُمْ بِمَا سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا زَارَ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ فَلَا يَؤُمَّنَّهُ، وَلٰكِنْ يَؤُمُّهُمْ بَعْضُهُمْ

حویرث رضی اللہ عنہ ہمارے پاس تشریف لائے' ہم نے عرض کی کہ آپ ہم کو نماز پڑھائیں! انہوں نے کہا: تمہارا امام امامت کروا کر نماز پڑھائے' اب میں تم کو بتاتا ہوں جو میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جو کوئی تم میں سے اپنے بھائی کی زیارت کرے تو وہ امامت نہ کروائے لیکن اُن میں سے ہی کوئی امامت کروائیں۔

1033 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ مَالِكٍ الرَّاسِبِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ مَسْمُولٍ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي سَبْرَةَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: نَا أَبُو سُهَيْلٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا ضَرَرَ وَلَا ضِرَارَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نہ کسی بھائی کو شروع میں تکلیف دو' نہ کسی سے بدلہ لو۔

1034 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَيَّاشُ بْنُ الْوَلِيدِ الرَّقَّامُ قَالَ: نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُخْرِجُ الرَّجُلُ صَدَقَتَهُ حَتَّى يَفُكَّ عَنْهُ لَحْيَى سَبْعِينَ شَيْطَانًا

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو آدمی اپنی طرف سے صدقہ نکالتا ہے وہ اپنی جانب سے ستر زندہ لوگوں کو شیطان سے آزاد کرتا ہے۔

1035 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْخَطَّابِ الْكُوفِيُّ قَالَ: نَا مَنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَزَالُ تُصَلِّي عَلَى أَحَدِكُمْ مَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک فرشتے مسلسل تم میں سے ہر اُس شخص کے لیے رحمت کی دعا کرتے رہتے ہیں' جب تک اس کا دسترخوان بچھا رہتا ہے۔

1034- أخرجه الامام في مسنده جلد 5 صفحه 350' والبزار جلد 1 صفحه 447' والحاكم في مستدركه جلد 1 صفحه 417 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 112 .

1035- انظر: لسان الميزان جلد 3 صفحه 297 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 27 .

دَامَتْ مَائِدَتُهُ مَوْضُوعَةً

1036 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خَالِدٍ اَبُو مَرْوَانَ الْعُثْمَانِيُّ قَالَ: نَا نَافِعُ بْنُ صَيْفِيٍّ، وَكَانَ بَلَغَ مِائَةً وَّثِنْتَى عَشْرَةَ سَنَةً، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عُقْبَةَ الْجُهَنِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، وَكَانَ قَدْ اَصَابَهُ سَهْمٌ مَّعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَدْخُلُ النَّارَ مُسْلِمٌ رَّآنِي، وَلَا رَاَى مَنْ رَآنِي، وَلَا رَاَى مَنْ رَاَى مَنْ رَآنِي

حضرت عبدالرحمٰن بن عقبہ الجہنی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تیر لگے تھے' وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: وہ مسلمان جہنم میں داخل نہیں ہوگا جس نے مجھے دیکھا اور میرے دیکھنے والے کو دیکھا اور میرے دیکھنے والے کے دیکھنے والے کو دیکھا۔

1037 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَامِعٍ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا غَسَّانُ بْنُ عَوْفٍ الْمَازِنِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدٌ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةً لَّنَا، فَاَتَى عَلَى غَدِيرٍ، فَنَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَزَلْنَا، وَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا بِلَالُ، قُمْ فَاَذِّنْ فَانْطَلَقَ بِلَالٌ فَهَرَاقَ الْمَاءَ، ثُمَّ اَتَى الْغَدِيرَ، فَغَسَلَ وَجْهَهُ وَيَدَيْهِ، وَاَهْوَى اِلَى خُفَّيْهِ، وَكَانَ عَلَيْهِ خُفَّانِ اَسْوَدَانِ، وَذَلِكَ بِعَيْنَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَادَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا بِلَالُ، امْسَحْ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَالْخِمَارِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ جہاد کیا' پس آپ مقامِ غدیر پر آئے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی اُترے اور ہم بھی اُترے اور نماز کا وقت ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے بلال! اُٹھو اور اذان دو! حضرت بلال رضی اللہ عنہ پانی لینے کے لیے گئے اور پانی لے کر آئے پھر مقامِ غدیر پر آئے تو چہرے اور ہاتھوں کو دھویا اور اپنے موزوں کو اُتارنے لگے' اس وقت انہوں نے دو کالے موزے پہنے ہوئے تھے' یہ موزے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی پہنے ہوئے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں آواز دی: اے بلال! اپنے موزوں اور اپنے عمامہ پر (نیچے ہی سے) مسح کرلو۔

1038 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

1036- أخرجه الطبراني في الكبير جلد17 صفحه357 . انظر: مجمع الزوائد جلد10 صفحه24 .

1037- انظر: الميزان جلد3 صفحه3335' مجمع الزوائد جلد1 صفحه259 .

1038- انظر: مجمع الزوائد جلد5 صفحه51 .

عِقَالٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ قَالَ: نَا مِسْكِينُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ زَمْعَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لَمْ يُحَرِّمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لُحُومَ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ

رسول اللہ ﷺ نے پالتو گدھوں کا گوشت حرام نہیں کیا۔

1039 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ شَعْرُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوْقَ الْوَفْرَةِ، وَدُونَ الْجُمَّةِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے بال مبارک گردن سے اوپر اور کانوں کے نیچے تک تھے۔

1040 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: سَاقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ مِائَةَ بَدَنَةٍ مُقَلَّدَةٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر قلادہ والے سو اونٹوں کو چلایا۔

1041 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: قَرَاْتُ عَلَى مَعْقِلِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَدَّمَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ثَقَلِهِ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے مزدلفہ سے اپنے کمزور اہل خانہ کے ساتھ (منیٰ کی طرف جلدی) بھیج دیا تھا۔

1042 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: قَرَاْتُ عَلَى مَعْقِلِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ ان کے والد کو مشرکین نے اُحد کے دن قتل کر دیا،

1039- أخرجه أبو داؤد: الترجل جلد **4** صفحه **79** رقم الحديث: **4187**، والترمذي: اللباس جلد **4** صفحه **233** رقم الحديث: **1755**، وابن ماجة: اللباس جلد **2** صفحه **1200** رقم الحديث: **3635**، وأحمد: المسند جلد **6** صفحه **133** رقم الحديث: **24924**.

1041- أخرجه البخاري: الحج جلد **3** صفحه **615** رقم الحديث: **1678**، ومسلم: الحج جلد **2** صفحه **941**، وأحمد: المسند جلد **1** صفحه **356** رقم الحديث: **2464**.

الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ اَبَاهُ قَتَلَهُ الْمُشْرِكُونَ يَوْمَ اُحُدٍ، ثُمَّ مَثَّلُوا بِهِ، وَجَدَعُوا اَنْفَهُ وَاُذُنَهُ، قَالَ جَابِرٌ: فَجَعَلْتُ اَنْظُرُ اِلَيْهِ، وَاِلَى مَا صُنِعَ بِهِ، فَجَائَتِ الْاَنْصَارُ فَسَجَّوْهُ ثَوْبًا، ثُمَّ اِنِّي كَشَفْتُ الثَّوْبَ، فَلَمَّا رَاَيْتُ مَا صُنِعَ بِهِ صِحْتُ فَجَائَتِ الْاَنْصَارُ فَسَجَّوْهُ بِالثَّوْبِ، وَذَهَبَتِ الْاَنْصَارُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَلا تَرَى مَا يَصْنَعُ جَابِرٌ؟ فَقَالَ: دَعُوهُ، فَوَاللّٰهِ مَا زَالَتِ الْمَلَائِكَةُ تُظَلِّلُهُ بِاَجْنِحَتِهَا فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ذَلِكَ، قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اِنَّ اَبِي قَدْ تَرَكَ عَلَيْهِ دَيْنًا، فَقَالَ: اِذَا كَانَ عِنْدَ صَلَاحِ النَّخْلِ فَآذِنِّي فَلَمَّا كَانَ عِنْدَ صَلَاحِ النَّخْلِ ذَكَرْتُ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَعَا لَهُ، فَكَانَ فِي نَخْلِهِ فَضْلُ دَيْنِهِ، وَفَضَلَ مِثْلُ مَا كَانَ يَفْضُلُ

پھر ان کا مثلہ کیا اور ان کی ناک اور ان کے کان کاٹ دیئے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ان کو دیکھنے کے لیے گیا کہ ان کے ساتھ کیا کیا گیا تو انصار آئے اور انہوں نے ان کو کپڑے میں لپیٹ دیا' پھر میں نے اُن سے کپڑا کھولا تو میں نے دیکھا جو ان کے ساتھ کیا گیا تھا' میں نے چیخ ماری تو انصار آئے اور اُنہیں کپڑے میں ہی لپیٹ دیا' اور انصار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آئے اور عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ دیکھتے نہیں کہ جابر نے کیا کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کو چھوڑ دو! اللہ کی قسم! فرشتے ان کو اپنے پروں کے ساتھ مسلسل ڈھانپے ہوئے ہیں' جب ان کو دفن کر دیا گیا تو میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! میرے باپ نے اپنے اوپر قرض چھوڑا ہے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب کھجوریں پک جائیں تو مجھے بتانا' پس جب کھجوریں پک گئیں تو میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں اس کا ذکر کیا' آپ نے دعا کی تو کھجوروں کے ساتھ ہی قرض بچ گیا اور اسی طرح کھجوریں باقی بھی بچی ہوئی تھیں۔

1043 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: قَرَاْتُ عَلَى مَعْقِلِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ لَيْلَةً فِي شَهْرِ رَمَضَانَ فَصَلَّى فِي الْمَسْجِدِ، فَصَلَّى رِجَالٌ وَّرَائَهُ بِصَلَاتِهِ، وَاَصْبَحَ النَّاسُ، فَتَحَدَّثُوا بِذَلِكَ، حَتَّى اِذَا كَانَ اللَّيْلَةُ الثَّانِيَةُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رمضان کے مہینہ میں ایک رات کو نکلے اور آپ نے مسجد میں نماز پڑھی' صحابہ کرام بھی آپ کے پیچھے نماز پڑھنے لگے' صبح ہوئی تو لوگ اس کے متعلق گفتگو کرنے لگے' جب دوسری رات ہوئی تو آپ پھر نکلے اور مسجد میں نماز پڑھی' پھر جب تیسری رات ہوئی تو آپ باہر نہیں

1043- أخرجه البخاري: صلاة التراويح جلد 4 صفحه 295 رقم الحديث: 2012، ومسلم: المسافرين جلد 2 صفحه 524.

خَرَجَ فَصَلَّى فِي الْمَسْجِدِ، فَلَمَّا كَانَتِ اللَّيْلَةُ الثَّالِثَةُ لَمْ يَخْرُجْ، فَصَاحَ النَّاسُ، وَقَرَعُوا بَابَهُ، فَلَمْ يَخْرُجْ، فَلَمَّا أَصْبَحَ قَالَ: إِنَّهُ لَمْ يَخْفَ عَلَيَّ مَكَانُكُمْ، وَلَكِنِّي خَشِيتُ أَنْ يُفْرَضَ عَلَيْكُمْ، فَلَا تَقُومُوا بِهِ

نکلے تو صحابہ کرام نے آوازیں دی اور آپ کا دروازہ کھٹکھٹایا لیکن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باہر نہیں نکلے' جب صبح ہوئی تو آپ نے فرمایا: تمہارے پاس آنے میں مجھے کوئی ڈر نہیں تھا لیکن مجھے یہ خوف تھا کہ یہ نماز کہیں تم پر فرض نہ ہو جائے' تو تم اس کا قیام نہ کرسکو۔

1044 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا أَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى مَعْقِلِ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ: أَقْرَأَنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُورَةً فَبَيْنَا أَنَا فِي الْمَسْجِدِ جَالِسٌ إِذْ سَمِعْتُ رَجُلًا يَقْرَأُ بِخِلَافِ قِرَائَتِي وَذَكَرَهُ

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک سورت پڑھائی' اس وقت میں مسجد میں تھا' اچانک میں نے وہی سورت ایک آدمی کو اس قرأت کے علاوہ پڑھتے سنا جو قرأت میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پڑھی تھی اور اسے یاد کیا تھا۔

1045 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا أَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى مَعْقِلِ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ أَبِي قَزَعَةَ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: أُتِيَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَمْرٍ فَقَالَ: مَا هَذَا مِنْ تَمْرِنَا فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللهِ، بِعْتُ تَمْرَنَا صَاعَيْنِ بِصَاعٍ مِنْ هَذَا التَّمْرِ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ذَلِكَ الرِّبَا ارْدُدُوهُ، ثُمَّ بِيعُوا مِنْ تَمْرِنَا، وَاشْتَرُوا لَنَا مِنْ هَذَا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس کھجوریں لائی گئیں' آپ نے فرمایا: یہ ہماری کھجوریں نہیں ہے' ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم نے دو صاع کے بدلے ایک صاع کھجوریں لی ہیں' تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ سود ہے اس کو واپس کرو پھر ہماری کھجوریں فروخت کرو اور ہمارے لیے اس سے کھجوریں خریدو۔

1046 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نا أَبُو جَعْفَرٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول

1044- أخرجه مسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 561، والنسائي: الافتتاح جلد 2 صفحه 113 (باب جامع ما جاء في القرآن) .

1045- أخرجه البيهقي في الكبرى جلد 5 صفحه 483 رقم الحديث: 10567 .

1046- أخرجه البخاري: الأشربة جلد 10 صفحه 91 رقم الحديث: 5624، ومسلم: الأشربة جلد 3 صفحه 1594، وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 392 رقم الحديث: 14447 .

قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى مَعْقِلِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِالْاَبْوَابِ اَنْ تُغْلَقَ، فَيُقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ، وَاِنْ لَمْ تَجِدْ اِلَّا عُودًا فَاعْرِضْهُ عَلَيْهِ، وَقُلْ: بِسْمِ اللّٰهِ وَتُطْفِءُ الْمِصْبَاحَ، وَيُقَالُ: بِسْمِ اللّٰهِ

اللہ ﷺ دروازہ بند کرنے کا حکم دیتے اور فرماتے: بند کرتے وقت بسم اللہ پڑھو! اگر تم بند کرنے کے لیے کوئی شی نہ پاؤ تو اس پر کوئی شی لٹکا دو اور بسم اللہ پڑھو اور اپنے چراغ کو بجھا دو اور بسم اللہ پڑھو۔

1047 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى مَعْقِلِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَوَضَّئُوا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: آگ پر پکی ہوئی شی کھانے کے بعد وضو کرو۔

1048 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى مَعْقِلِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِى رَبَاحٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ فَطَّرَ صَائِمًا كَانَ لَهُ مِثْلُ اَجْرِهِ، مِنْ غَيْرِ اَنْ يَنْقُصَ مِنْ اَجْرِهِ شَيْئًا

حضرت زید بن خالد الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے روزہ دار کو افطار کرایا تو اُس کو بھی اسی (روزہ دار) کے مثل ثواب ملے گا اور اس کے اجر میں سے کوئی شے کم نہیں ہوگی۔

1049 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى مَعْقِلِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ اَبِى عَمْرَةَ، اَخْبَرَهُ، عَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: میری کنیت پر تم میں سے کوئی کنیت نہ رکھے۔

1047- أخرجه مسلم: الحيض جلد 1 صفحه 273، وابن ماجة: الطهارة جلد 1 صفحه 164 رقم الحديث: 486. وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 99 رقم الحديث: 24634.

1048- أخرجه الترمذي: الصوم جلد 3 صفحه 162 رقم الحديث: 807، وابن ماجة: الصيام جلد 1 صفحه 555 رقم الحديث: 1746. والدارمي: الصوم جلد 2 صفحه 14 رقم الحديث: 1702، وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 141 رقم الحديث: 17035.

1049- أخرجه البخاري: المناقب جلد 6 صفحه 647 رقم الحديث: 3539، ومسلم: الأداب جلد 3 صفحه 1684، وأبو داؤد: الأدب جلد 4 صفحه 293 رقم الحديث: 4965. وابن ماجة: الأدب جلد 2 صفحه 1230 رقم الحديث: 3735، وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 598 رقم الحديث: 9877.

عَمِّهِ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: لَا یَتَکَنّٰی اَحَدُکُمْ بِکُنْیَتِی

1050 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا مِسْکِینُ بْنُ بُکَیْرٍ قَالَ: نَا الْاَوْزَاعِیُّ، عَنْ اِسْمَاعِیلَ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ، عَنْ یَزِیدَ بْنِ الْاَصَمِّ، عَنْ مَیْمُونَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِی الرُّقْیَةِ مِنْ کُلِّ ذِی حُمَةٍ

حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہر قسم کے بخار میں دَم کی اجازت دی۔

1051 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا النُّفَیْلِیُّ قَالَ: قَرَاْتُ عَلَی مَعْقِلِ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ، عَنْ مَیْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: ذَکَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمَجُوسَ، فَقَالَ: اِنَّهُمْ یُوَفِّرُونَ سِبَالَهُمْ، وَیَحْلِقُونَ لِحَاهُمْ، فَخَالِفُوهُمْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجوس کا ذکر کیا اور فرمایا: وہ لوگ اپنی مونچھیں بڑھاتے ہیں اپنی داڑھی مونڈتے ہیں' تم اُن کی مخالفت کرو۔

1052 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا عُفَیْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَیْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ اَبِی اُمَامَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فِی بَعْضِ مَغَازِیهِ، فَمَرَّ بِاَهْلِ اَبْیَاتٍ مِّنَ الْعَرَبِ، فَاَرْسَلَ اِلَیْهِمْ: هَلْ مِنْ مَاءٍ لِّوُضُوءِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالُوا: مَا عِنْدَنَا مَاءٌ اِلَّا فِی اِهَابِ مَیْتَةٍ دَبَغْنَاهُ بِلَبَنٍ، فَاَرْسَلَ اِلَیْهِمْ: اَنَّ دِبَاغَهُ طَهُورُهُ، فَاُتِیَ بِهِ، فَتَوَضَّاَ، ثُمَّ صَلَّی

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کسی غزوہ کے لیے نکلے تو آپ کا گزر عرب کے کچھ گھروں کے پاس سے ہوا' آپ نے اُن کی طرف کسی کو بھیجا کہ کیا تمہارے پاس رسول اللہ ﷺ کے لیے وضو کا پانی ہے؟ انہوں نے عرض کی: ہمارے پاس پانی مردار جانوروں کے چمڑے میں ہے اور ہم نے اس چمڑے کو دودھ کے ساتھ دباغت کیا ہے' آپ ﷺ نے اُن کی طرف پیغام بھیجا کہ اس کی دباغت ہی اس کی پاکی ہے' پس آپ کے پاس وہ پانی لایا گیا' تو آپ نے وضو کیا پھر نماز پڑھی۔

1050- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: **11415** .

1051- أخرجه البيهقى فى الكبرىٰ جلد **1** صفحه **234** رقم الحديث: **696** .

1052- أخرجه الطبرانى فى الكبير رقم الحديث: **7711** . وانظر: مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **220** .

1053 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا خُلَيْدُ بْنُ دَعْلَجٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَاِذَا رَجُلٌ يَقُولُ: اَللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْفِطْرَةُ ، ثُمَّ قَالَ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَرَجَ مِنَ النَّارِ فَابْتَدَرْنَاهُ، فَاِذَا صَاحِبُ مَاشِيَةٍ حَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَنَادَى بِهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے کہ ایک آدمی کہہ رہا تھا: اللہ اکبر! اللہ اکبر! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: فطرت پر ہے' پھر اس نے کہا: اشھد ان لا الہ الا اللہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جہنم سے نکل گیا' ہم نے اس کی طرف جلدی کی' تو وہ جانور چرانے والا تھا' نماز کا وقت ہوا تو اس نے اذان دی۔

1054 - وَبِهِ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِرَجُلٍ يُعَذَّبُ فِي قَبْرِهِ مِنَ النَّمِيمَةِ، وَمَرَّ بِرَجُلٍ يُعَذَّبُ فِي قَبْرِهِ مِنَ الْبَوْلِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ ہی روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا گزر ایک ایسے آدمی کے پاس سے ہوا جس کو قبر میں چغل خوری کی وجہ سے عذاب ہو رہا تھا اور ایک اور آدمی کی قبر کے پاس سے گزرے تو اس کو پیشاب کی چھینٹوں سے نہ بچنے کی وجہ سے عذاب ہو رہا تھا۔

1055 - وَبِهِ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَهَنَ دِرْعَهُ عِنْدَ يَهُودِيٍّ، فَاَخَذَ بِهَا شَعِيرًا لِاَهْلِهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ ہی روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک یہودی کے پاس اپنی ذرع رہن رکھی اور اس کے بدلے اپنے گھر والوں کیلئے جو لیے۔

1056 - وَبِهِ: اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت انس رضی اللہ عنہ ہی روایت کرتے ہیں کہ

1053- أخرجه مسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 288' والترمذي: السير جلد 4 صفحه 163 رقم الحديث: 1618' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 281 رقم الحديث: 13404 . والبيهقي في الكبرى جلد 1 صفحه 595 رقم الحديث: 1902 .

1054- انظر: مجمع الزوائد جلد 11 صفحه 210 .

1055- أخرجه البخاري: البيوع جلد 4 صفحه 354 رقم الحديث: 2069' والترمذي: البيوع جلد 3 صفحه 510 رقم الحديث: 1215' والنسائي: البيوع جلد 7 صفحه 254 (باب الرهن في الحضر)' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 164 رقم الحديث: 12369 .

1056- أخرجه البخاري: الرهن جلد 5 صفحه 166 رقم الحديث: 2058' وابن ماجة: الزهد جلد 2 صفحه 1389 رقم الحديث: 4147' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 292 رقم الحديث: 13503 .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا اَصْبَحَ فِي آلِ مُحَمَّدٍ صَاعُ حَبٍّ وَلَا صَاعُ تَمْرٍ وَّاِنَّ عِنْدَهُ لَتِسْعُ نِسْوَةٍ

انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: آلِ محمد نے کبھی ایک صاع دانے اور ایک صاع کھجور پاس ہونے پر صبح نہیں کی، حالانکہ اس وقت آپ کے پاس نو ازواج تھیں۔

1057 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ الْحَجَبِيُّ، عَنْ جَدَّتِهِ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: جَائَتِ امْرَاَةٌ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: اِنَّهُ وُلِدَ لِي غُلَامٌ، فَسَمَّيْتُهُ مُحَمَّدًا، وَكَنَّيْتُهُ اَبَا الْقَاسِمِ، فَذُكِرَ لِي اَنَّكَ سَتَكْرَهُ ذٰلِكَ . فَقَالَ: مَا الَّذِي اَحَلَّ اسْمِي وَحَرَّمَ كُنْيَتِي، وَمَا الَّذِي حَرَّمَ كُنْيَتِي وَاَحَلَّ اسْمِي؟

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک عورت رسول اللہ ﷺ کے پاس آئی اور اس نے عرض کی: میرے ہاں بچہ پیدا ہوا ہے، میں نے اس کا نام محمد اور اس کی کنیت ابوالقاسم رکھی ہے، مجھے بتایا گیا ہے کہ آپ نے ایسا کرنے کو ناپسند کیا ہے، تو آپ ﷺ نے فرمایا: کس نے میرا نام رکھنے کو جائز رکھا اور میری کنیت رکھنے کو حرام کیا؟ کس نے میری کنیت رکھنے کو حرام کیا اور میرا نام رکھنے کو حلال کیا ہے؟

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَفِيَّةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث حضرت صفیہ سے صرف محمد بن عمران ہی روایت کرتے ہیں اور حضرت عائشہ سے یہ حدیث صرف اسی سند سے مروی ہے۔

1058 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ، عَنْ حُذَيْفَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَنَا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، يَدْعُونِي رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ، فَاَقُولُ: لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ فِي يَدَيْكَ، تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ، لَبَّيْكَ وَحَنَانَيْكَ، وَالْمَهْدِيُّ مَنْ هَدَيْتَ، عَبْدُكَ بَيْنَ يَدَيْكَ، لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَى مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ، تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ، نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: میں قیامت کے دن لوگوں کا سردار ہوں گا، میرا رب مجھے بلائے گا تو میں عرض کروں گا: "لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ فِي يَدَيْكَ، تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ، لَبَّيْكَ وَحَنَانَيْكَ، وَالْمَهْدِيُّ مَنْ هَدَيْتَ، عَبْدُكَ بَيْنَ يَدَيْكَ، لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَى مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ، تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ"۔

1057- أخرجه البيهقي في الكبرى جلد9صفحه521 رقم الحديث: 19331 .

1058- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد4صفحه573 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ لَيْثٍ إِلَّا مُوسَى

یہ حدیث لیث سے صرف موسیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

1059 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى بِالْيَمِينِ مَعَ الشَّاهِدِ

حضرت عمرو بن شعیب از والد خود از جدِ خود روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک گواہ اور قسم کے ساتھ فیصلہ فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: النُّفَيْلِيُّ

یہ حدیث عمرو بن شعیب سے صرف محمد بن عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں نفیلی اکیلے ہیں۔

1060 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا عَتَّابُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لَمَّا دَخَلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ، قَالَ أَهْلُ مَكَّةَ: إِنَّ بِأَصْحَابِ مُحَمَّدٍ جُوعًا وَهُزْلًا . فَأَمَرَهُمْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُهَرْوِلُوا بِالْبَيْتِ، لِيُرِيَهُمْ أَنَّهُمْ لَيْسُوا كَذَلِكَ، وَأَنَّهُمْ أَقْوِيَاءُ بِخَيْرٍ، وَكَانُوا يُهَرْوِلُونَ ثَلَاثَةَ أَشْوَاطٍ، وَيَمْشُونَ أَرْبَعَةً

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو اہل مکہ نے کہا: اصحابِ محمد بھوکے اور کمزور ہیں' تو رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام کو حکم دیا کہ کندھے ہلا ہلا کر چلیں تا کہ ان کو معلوم ہو کہ یہ کمزور نہیں ہیں اور ان کو معلوم ہو کہ یہ قوی ہیں۔ صحابہ کرام نے تین چکر کندھے ہلا ہلا کر لگائے اور چار چکر اپنی اصل حالت پر لگائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خُصَيْفٍ إِلَّا عَتَّابُ بْنُ بَشِيرٍ

یہ حدیث خصیف سے صرف عتاب بن بشیر ہی روایت کرتے ہیں۔

1061 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو جَعْفَرٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

1059- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه205 .

1060- أخرجه البخاري: المغازي جلد7صفحه581 رقم الحديث: 4256' ومسلم: الحج جلد 2صفحه921-922' وأحمد: المسند جلد1صفحه462 رقم الحديث: 3346 .

1061- أخرجه البخاري: الأحكام جلد13صفحه228 رقم الحديث: 7224' ومسلم: المساجد جلد1صفحه452'

قَالَ: نَا اَبُو الْمَلِيحِ الرَّقِّيُّ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، شَيْخٌ مِنْ اَهْلِ الرَّقَّةِ قَالَ: حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ الْاَصَمِّ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي لَاَهُمُّ اَنْ آمُرَ فِتْيَتِي، فَيَجْمَعُوا حُزَمًا مِنْ حَطَبٍ الْحَدِيثَ

اللہ ﷺ نے فرمایا: میں نے ارادہ کیا کہ میں کسی نوجوان کو حکم دوں کہ وہ لکڑیاں اکٹھی کرے اور میں اُن کے گھروں کو جلا دوں (جو نماز نہیں پڑھتے' گھروں میں بیٹھے ہیں۔الحدیث)۔

1062 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ يَزِيدَ الْاَعْوَرُ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو يَحْيَى الْقَوَّاسُ قَالَ: قَالَ لِي اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: خَلِّلُوا لِحَاكُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے فرمایا کہ تم اپنی داڑھیوں کا خلال کرو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي يَحْيَى اِلَّا سَعِيدُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: النُّفَيْلِيُّ

یہ حدیث ابی یحییٰ سے صرف سعید بن یزید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں نفیلی اکیلے ہیں۔

1063 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ خَطَّابِ بْنِ صَالِحٍ، مَوْلَى الْاَنْصَارِ، عَنْ اُمِّهِ سَلَامَةَ بِنْتِ مَعْقِلٍ امْرَاَةٍ مِنْ قَيْسِ عَيْلَانَ، قَالَتْ: قَدِمَ بِي عَمِّي الْمَدِينَةَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَبَاعَنِي مِنَ

حضرت خطاب بن صالح مولیٰ انصار اپنی والدہ حضرت سلامہ بنت معقل' جو قیس عیلان کی زوجہ ہیں' وہ فرماتی ہیں کہ مجھے میرا چچا جاہلیت میں مدینہ منورہ لایا' مجھے حباب بن عمرو نے خریدا جو کہ ابی الیسر بن عمرو کے بھائی ہیں' تو میرے بطن سے اُن کے ہاں عبدالرحمٰن بن حباب

وأبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 147-148 رقم الحديث: 549' والترمذي: الصلاة جلد 1 صفحه 422 رقم الحديث: 217' والدارمي: الصلاة جلد 1 صفحه 327 رقم الحديث: 1274' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 498 رقم الحديث: 8912 .

1062- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 36 رقم الحديث: 145' والبيهقي في الكبرى جلد 1 صفحه 90 رقم الحديث: 247 .

1063- أخرجه أبو داؤد: العتق جلد 4 صفحه 25-26 رقم الحديث: 3953' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 393 رقم الحديث: 27094' والطبراني في الكبير جلد 24 صفحه 309 رقم الحديث: 780 .

الْحُبَابِ بْنِ عَمْرٍو - اخِي اَبِي الْيَسَرِ بْنِ عَمْرٍو، فَوَلَدَتْ لَهُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ الْحُبَابِ، ثُمَّ هَلَكَ، فَقَالَتِ امْرَاَتُهُ: الْآنَ وَاللّٰهِ تُبَاعِينَ فِي دَيْنِهِ، فَاَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي امْرَاَةٌ مِّنْ قَيْسِ عَيْلَانَ، قَدِمَ بِي عَمِّي الْمَدِينَةَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَبَاعَنِي مِنَ الْحُبَابِ بْنِ عَمْرٍو، فَوَلَدْتُ لَهُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ الْحُبَابِ، فَمَاتَ، فَقَالَتْ لِي امْرَاَتُهُ: الْآنَ تُبَاعِينَ فِي دَيْنِهِ . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ وَلِيُّ الْحُبَابِ؟ فَقِيلَ: اَخُوهُ اَبُو الْيَسَرِ . فَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهِ، فَقَالَ: اَعْتِقُوهَا، فَاِذَا سَمِعْتُمْ بِرَقِيقٍ قَدِمَ عَلَيَّ، فَاْتُونِي اُعَوِّضُكُمْ بِهَا فَاَعْتَقُونِي . ثُمَّ قَدِمَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَقِيقٌ، فَعَوَّضَهُمْ مِنِّي غُلَامًا

پیدا ہوئے' پھر قیس فوت ہو گیا تو اس کی بیوی نے کہا: اللہ کی قسم! اب تجھے اس کے قرض کے بدلے فروخت کر دوں گی' پس میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آئی اور عرض کی: یارسول اللہ! میں قیس عیلان کی بیوی تھی' میرا چچا مجھے جاہلیت میں مدینہ منورہ لے کر آیا تھا' مجھے حباب بن عمرو نے خرید لیا' میں نے اُن کے ہاں عبدالرحمٰن بن حباب کو جنم دیا' پھر حباب فوت ہو گیا تو اس کی بیوی نے مجھے کہا کہ اب میں تجھے اس کے قرض کے بدلے فروخت کر دوں گی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: حباب کا ولی کون ہے؟ آپ سے عرض کی گئی: ابوالیسر اس کا بھائی ہے' رسول اللہ ﷺ نے اس کی طرف کسی کو بھیجا اور اسے فرمایا: اس کو آزاد کر دو! جب تم سنو کہ میرے پاس غلام آئے ہیں تو میرے پاس آنا میں اس کے بدلے تجھے غلام دیدوں گا۔ سو اُس نے مجھے آزاد کر دیا' پھر رسول اللہ ﷺ کے پاس غلام آئے تو آپ نے میرے بدلے ایک غلام اس کو دیدیا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَلَامَةَ بِنْتِ مَعْقِلٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ

یہ حدیث سلامہ بنت معقل سے اسی سند سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں محمد بن اسحاق اکیلے ہیں۔

1064 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا يُونُسُ بْنُ رَاشِدٍ قَالَ: نَا عَوْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِالْاِثْمِدِ، فَاِنَّهُ مَنْبَتَةٌ لِلشَّعْرِ، مَذْهَبَةٌ لِلْقَذَى، مَصْفَاةٌ

حضرت عون بن محمد بن حنفیہ اپنے والد' وہ ان کے دادا حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم اثمد سرمہ استعمال کیا کرو کیونکہ یہ بال اُگاتا ہے اور آنکھ کی روشنی کو تیز کرتا ہے۔

لِلْبَصَرِ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَلِيٍّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: النُّفَيْلِيُّ

1065 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ زَمْعَةَ بْنِ الْأَسْوَدِ بْنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ أَسَدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: لَمَّا اسْتُعِزَّ بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَنَا عِنْدَهُ فِي نَفَرٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، دَعَاهُ بِلَالٌ إِلَى الصَّلَاةِ، فَقَالَ: مُرُوا أَبَا بَكْرٍ يُصَلِّي بِالنَّاسِ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ زَمْعَةَ: فَخَرَجْتُ، فَإِذَا عُمَرُ فِي النَّاسِ، وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ غَائِبًا . فَقُلْتُ: يَا عُمَرُ، قُمْ فَصَلِّ بِالنَّاسِ، فَقَامَ، فَكَبَّرَ فَسَمِعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَوْتَهُ، وَكَانَ عُمَرُ رَجُلًا جَهِيرًا، فَقَالَ: فَأَيْنَ أَبُو بَكْرٍ؟ يَأْبَى اللَّهُ ذَلِكَ وَالْمُسْلِمُونَ مَرَّتَيْنِ، فَبَعَثَ إِلَى أَبِي بَكْرٍ، فَجَاءَ بَعْدَ أَنْ صَلَّى عُمَرُ، فَصَلَّى بِالنَّاسِ . قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ زَمْعَةَ: فَقَالَ لِي عُمَرُ: وَيْحَكَ مَاذَا فَعَلْتَ بِي يَا ابْنَ زَمْعَةَ؟ وَاللَّهِ مَا ظَنَنْتُ حِينَ أَمَرْتَنِي إِلَّا أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَكَ بِذَلِكَ، وَلَوْلَا ذَلِكَ لَمَا صَلَّيْتُ بِالنَّاسِ . قُلْتُ: وَاللَّهِ مَا أَمَرَنِي رَسُولُ اللَّهِ، وَلَكِنْ حِينَ لَمْ أَرَ أَبَا بَكْرٍ رَأَيْتُكَ أَحَقَّ مَنْ حَضَرَ بِالصَّلَاةِ

یہ حدیث حضرت علی سے صرف اسی سند سے روایت ہے اسے روایت کرنے میں نفیلی اکیلے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن زمعہ بن اسود بن مطلب بن اسد بن عبدالعزیز سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ کو روک لیا گیا تو میں بھی مسلمانوں کے گروہوں میں آپ کے ساتھ تھا حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کو نماز کی طرف بلایا تو آپ نے فرمایا: ابوبکر کو حکم دو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ حضرت عبداللہ بن زمعہ فرماتے ہیں کہ میں نکلا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ لوگوں میں موجود تھے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ غائب تھے سو میں نے عرض کی: اے عمر! اُٹھیے اور لوگوں کو نماز پڑھایئے۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور تکبیر کہی۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کی آواز سن لی چونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اونچی آواز والے تھے تو آپ ﷺ نے دومرتبہ فرمایا: ابوبکر کہاں ہیں؟ اللہ تعالیٰ اور مسلمان اس (یعنی ان کی امامت) کا انکار کرتے ہیں (کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد حضرت ابوبکر کے ہوتے ہوئے کوئی اور نماز پڑھائے) آپ ﷺ نے حضرت ابوبکر کی طرف کسی کو بھیجا تو حضرت ابوبکر حضرت عمر کے نماز پڑھانے کے بعد آئے پھر آپ نے لوگوں کو نماز پڑھائی۔ حضرت عبداللہ بن زمعہ فرماتے ہیں: مجھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اے ابن زمعہ! تیرے

1065- أخرجه أبو داؤد: السنة جلد4صفحه215 رقم الحديث: 4660' وأحمد: المسند جلد4صفحه396 رقم الحديث: 18930 .

مِنَ النَّاسِ

لیے ہلاکت ہو! تُو نے میرے لیے کیا کیا؟ اللہ کی قسم! مجھے یقین نہیں تھا کہ جس وقت تُو نے مجھے کہا مگر یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تجھے اس کا حکم دیا ہو (کہ میں نماز پڑھاؤں)' اگر ایسا نہ ہوتا تو میں لوگوں کو نماز نہ پڑھاتا۔ میں نے عرض کی: اللہ کی قسم! مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کا حکم نہیں دیا تھا لیکن جس وقت میں نے ابوبکر کو نہیں دیکھا تو میں نے موجودہ لوگوں میں آپ کو نماز پڑھانے کا زیادہ حقدار سمجھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا مُحَمَّدٌ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَمْعَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث زہری سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں اور عبداللہ بن زمعہ سے صرف اسی سند سے روایت کی گئی ہے۔

1066 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ قَالَ: نَا صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْ، قَالَتْ: كَانَ آخِرُ مَا عَهِدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُتْرَكُ فِي جَزِيرَةِ الْعَرَبِ دِينَانِ

حضرت عبیداللہ بن عبداللہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا' آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آخر زمانے میں اس بات کا عہد فرمایا کہ جزیرہ عرب میں دو ادیان کو نہیں چھوڑا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ صَالِحٍ اِلَّا مُحَمَّدٌ

یہ حدیث صالح سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں۔

1067 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عِقَالٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ الْمَدَنِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ حَمْزَةَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْزَةَ الْاَسْلَمِيَّ، يَذْكُرُ اَنَّ اَبَاهُ

حضرت محمد بن عبدالمجید المدنی فرماتے ہیں کہ میں نے حمزہ بن محمد بن حمزہ اسلمی سے سنا' وہ ذکر کرتے ہیں کہ اُن کے والد نے انہیں ان کے دادا کے حوالے سے بیان کیا کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں جس سواری کا

1066- أخرجه الامام أحمد فی مسنده جلد6صفحه275 . انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه328 .

1067- أخرجه أبو داؤد: الصوم جلد2صفحه327 رقم الحديث: 2403' والحاكم فی المستدرك جلد1 صفحه433 .

اَخْبَرَهُ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي صَاحِبُ ظَهْرٍ، اُعَالِجُهُ، اُسَافِرُ عَلَيْهِ، وَاِنَّهُ رُبَّمَا صَادَفَنِي هَذَا الشَّهْرُ وَاَنَا اَجِدُ الْقُوَّةَ، فَاُحِبُّ اَنْ اَصُومَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَهْوَنُ عَلَيَّ مِنْ اَنْ اُؤَخِّرَهُ فَيَكُونَ دَيْنًا، اَفَاَصُومُهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَمْ اُفْطِرُ؟ فَقَالَ: اَنَّى ذٰلِكَ شِئْتَ يَا حَمْزَةُ

مالک ہوں اُس پر سفر کرتا ہوں تو بسا اوقات یہ رمضان کا مہینہ مجھے سفر کی حالت میں ملتا ہے' اور میں طاقت پاتا ہوں کہ رمضان کا روزہ رکھوں' یارسول اللہ! میں روزہ رکھنا پسند کرتا ہوں' مجھے یہ مؤخر کرنے سے زیادہ آسان ہے کہ قرض بن جائے' یارسول اللہ! تو کیا میں روزہ رکھوں یا نہ رکھوں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے حمزہ! تو چاہے تو رکھ لے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمْزَةَ اِلَّا مُحَمَّدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: النُّفَيْلِيُّ

اس حدیث کو حمزہ سے صرف محمد نے روایت کیا ہے اور اسے روایت کرنے میں نفیلی اکیلے ہیں۔

1068 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ: نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ اُمِّهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى لَيَغَارُ لِلْمُسْلِمِ، فَلْيَغَرْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ مسلمان کیلئے غیرت کرتا ہے' تو مسلمان کو بھی چاہیے کہ وہ بھی (اللہ تعالیٰ کیلئے) غیرت کرے۔

1069 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا زُهَيْرٌ قَالَ: نَا اَبُو اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي اَسْمَاءَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَصْرُخُ بِالْحَجِّ، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ، اَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَجْعَلَهَا عُمْرَةً، وَقَالَ: اِنِّي لَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ اَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ لَجَعَلْتُهَا عُمْرَةً، وَلٰكِنِّي سُقْتُ الْهَدْيَ، وَقَرَنْتُ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نکلے' ہم نے حج کے لیے آواز دی' جب ہم مکہ پہنچے تو ہم کو رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا کہ ہم اسے عمرہ بنالیں اور فرمایا: اگر مجھے پہلے سے اس معاملہ کا پتہ ہوتا تو میں پیچھے نہ ہٹتا' میں اس کو عمرہ بنا دیتا لیکن میں نے قربانی کا جانور بھیج دیا ہے اور میں نے حج اور عمرہ کو ملا دیا ہے۔

1068- أخرجه أبو يعلى بنحوه رقم الحديث: 1919 . وانظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه330 .

1069- أخرجه الامام أحمد في مسنده جلد3صفحه148 . انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه151 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، وَالْاَعْمَشُ . تَفَرَّدَ بِهِ عَنِ الْاَعْمَشِ: عَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف زہیر بن معاویہ اور اعمش ہی روایت کرتے ہیں' اعمش سے روایت کرنے میں عمار بن رزیق اکیلے ہیں۔

1070 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ وَاقِدٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ الْمُطَّلِبِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كَسَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةً سِيَرَاءَ، فَلَبِسْتُهَا، فَغَدَوْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَآهَا عَلَيَّ قَالَ: اِنِّي لَمْ اَكْسُكَهَا لِتَلْبَسَهَا، اِنَّمَا بَعَثْتُ بِهَا اِلَيْكَ لِتَكْسُوَهَا النِّسَاءَ

حضرت محمد بن اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے شامی حلہ دیا اور میں اس کو پہن کر صبح کے وقت نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں گیا' جب آپ ﷺ نے یہ حلہ مجھ پر دیکھا تو آپ نے فرمایا: میں نے تجھے پہننے کیلئے نہیں دیا تھا بلکہ میں نے تیری طرف اس لیے بھیجا تھا کہ تُو عورتوں کو پہنا دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ اِلَّا عَمْرٌو

یہ حدیث حکم سے صرف عمرو ہی روایت کرتے ہیں۔

1071 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ وَاقِدٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ اَبِي السَّائِبِ قَالَ: حَدَّثَنِي بُسْرُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ قَالَ: سُرِقَتْ نَاقَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجَدْعَاءُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَئِنْ رَدَّهَا اللّٰهُ عَلَيَّ لَاَشْكُرَنَّ رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ فَوَقَعَتْ فِي حَيٍّ مِنْ اَحْيَاءِ الْعَرَبِ فِيهِ امْرَاَةٌ مُسْلِمَةٌ، فَكَانَتِ الْاِبِلُ اِذَا سَرَحَتْ سَرَحَتْ مُتَوَحِّدَةً، وَاِذَا بَرَكَتِ الْاِبِلُ بَرَكَتْ مُتَوَحِّدَةً، وَاضِعَةً بِجِرَانِهَا، فَاَوْقَعَ اللّٰهُ فِي خَلَدِهَا اَنْ تَهْرُبَ عَلَيْهَا، فَرَاَتْ مِنَ الْقَوْمِ غَفْلَةً فَقَعَدَتْ عَلَيْهَا، ثُمَّ حَرَّكَتْهَا، فَصَبَّحَتْ بِهَا الْمَدِينَةَ، فَلَمَّا رَآهَا الْمُسْلِمُونَ فَرِحُوا بِهَا، وَمَشَوْا بِجَنْبِهَا، حَتَّى اَتَوْا

حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی جدعاء اونٹنی چوری ہوگئی' تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ یہ اونٹنی مجھے واپس کر دے تو میں اپنے رب عزوجل کا شکریہ ادا کروں' وہ اونٹنی مُحلّہ عرب کے ایک قبیلے میں تھی' اس میں ایک مسلمان عورت تھی' اونٹ جب چرنے جاتے تھے تو وہ اکیلی چرتی' جب بیٹھتے تھے تو وہ اکیلی ہی بیٹھتی تھی' اس نے اپنی گردن نیچے رکھ لی' اللہ عزوجل نے اس کے دل میں بھاگنے کے متعلق ڈالا' قوم کو اس نے غفلت میں دیکھا تو اس پر بیٹھ گئی تو پھر اس نے اسے حرکت دی' پس وہ صبح مدینہ منورہ آ گئی' جب صحابہ کرام نے اسے دیکھا تو بہت خوش ہوئے اور اس کے اردگرد چلنے لگے یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس لے آئے' جب رسول اللہ ﷺ نے اس کو

1071- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 19014 .

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَآهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ، فَقَالَتِ الْمَرْأَةُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي نَذَرْتُ إِنْ نَجَّانِي اللّٰهُ عَلَيْهَا أَنْ أَنْحَرَهَا وَأُطْعِمَ لَحْمَهَا الْمَسَاكِينَ، فَقَالَ: بِئْسَ مَا جَزَيْتِهَا، لَا نَذْرَ لَكِ إِلَّا بِمَا مَلَكْتِ، فَانْتَظَرُوا، هَلْ يُحْدِثُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَوْمًا أَوْ صَلَاةً، فَظَنُّوا أَنَّهُ نَسِيَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ كُنْتَ قُلْتَ: لَئِنْ رَدَّهَا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَيَّ لَأَشْكُرَنَّ رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ قَالَ: أَلَمْ أَقُلْ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ؟

دیکھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: الحمد للہ! اس عورت نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے نذر مانی تھی کہ اگر اللہ تعالیٰ نے مجھے نجات دی تو میں اس کو نحر کروں گی اور اس کا گوشت مسکینوں کو کھلا دوں گی۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: تُو نے بُری نذر مانی ہے، تیرے لیے اس نذر کا پورا کرنا ضروری نہیں جو تیری ملکیت میں نہیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم انتظار کرنے لگے کہ کیا رسول اللہ ﷺ روزہ یا نماز کے متعلق بتائیں گے؟ صحابہ کرام نے گمان کیا کہ آپ ﷺ بھول گئے ہیں، صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے فرمایا تھا کہ اللہ نے میری اونٹنی واپس کر دی تو میں اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا کروں گا۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: کیا میں نے الحمد للہ نہیں کہا؟

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنِ النَّوَّاسِ إِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: النُّفَيْلِيُّ

یہ حدیث نواس سے صرف اسی سند سے مروی ہے، اسے روایت کرنے میں نفیلی اکیلے ہیں۔

1072 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ قَالَ: نَا عَاصِمُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْأَحْوَلُ، عَنْ قَزَعَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنِ الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا، آپ ﷺ نے عصر کے بعد دو رکعت نماز (نفل) پڑھنے سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ إِلَّا زُهَيْرٌ

یہ حدیث عاصم سے صرف زہیر ہی روایت کرتے ہیں۔

1073 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو جَعْفَرٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

1072- أخرجه البخاري: الصوم جلد 4 صفحه 281 رقم الحديث: 1992، ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 567، وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 9 رقم الحديث: 11039 .

1073- انظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 122 .

قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِی عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِی اُنَيْسَةَ، عَنْ نُفَيْعِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: لَبِسَ حُذَيْفَةُ ثِيَابًا جُدُدًا، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِی وَارَى عَوْرَتِی، وَجَمَّلَنِی فِی عِبَادِهِ، ثُمَّ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا لَبِسَ ثِيَابًا جُدُدًا قَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے نئے کپڑے پہنے اور اس کے بعد یہ دعا مانگی: ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ وَارٰی عَوْرَتِیْ وَجَمَّلَنِیْ فِیْ عِبَادِہٖ'' پھر فرمایا کہ جب رسول اللہ ﷺ کوئی نیا کپڑا پہنتے تو اسی طرح دعا کرتے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ حُذَيْفَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهٖ: زَيْدٌ

یہ حدیث حضرت حذیفہ سے صرف اسی اسناد کے ساتھ مروی ہے اور اسے روایت کرنے میں زید اکیلے ہیں۔

1074 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِيهِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ: قَدِمْتُ الْبَصْرَةَ، فَلَقِيتُ اَبَا بَكْرَةَ، فَقَالَ: اَشْهَدُ اَنِّی سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: كُلُّ قَرْيَةٍ يَدْخُلُهَا فَزَعُ الدَّجَّالِ اِلَّا الْمَدِينَةَ، يَاْتِيهَا لِيَدْخُلَهَا، فَيَجِدُ عَلَى بَابِهَا مَلَكًا مُصْلِتًا بِالسَّيْفِ، فَيَرُدُّهُ عَنْهَا

حضرت صالح بن ابراہیم اپنے والد ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں بصرہ آیا تو میری ملاقات حضرت ابوبکرہ سے ہوئی' انہوں نے فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: ہر بستی میں دجال کی گھبراہٹ داخل ہوگی سوائے مدینہ کے' وہ (دجال) مدینہ میں داخل ہونے کیلئے آئے گا تو ہر دروازہ پر ایک فرشتہ پائے گا جو تلوار سونتے ہوئے کھڑا ہوگا' وہ اسے اس سے دور کر دے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ

یہ حدیث ابراہیم بن عبدالرحمٰن سے صرف محمد بن اسحاق ہی روایت کرتے ہیں۔

1075 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِی الْوَاصِلِ، عَنْ اَبِی الصِّدِّيقِ النَّاجِیِّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ يَزِيدَ السَّعْدِیِّ، اَحَدِ بَنِی بَهْدَلَةَ، عَنْ اَبِی سَعِيدٍ الْخُدْرِیِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میری اُمت سے ایک آدمی نکلے گا' جو میری سنت پر عمل کرنے کا کہے گا' اللہ عزوجل اس کیلئے آسمان سے بارش نازل کرے گا اور اس کیلئے زمین سے برکت نکالے گا اور اس

1075- انظر: مجمع الزوائد جلد7 صفحه320 .

يَخْرُجُ رَجُلٌ مِنْ أُمَّتِي يَقُولُ بِسُنَّتِي، يُنْزِلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ الْقَطْرَ مِنَ السَّمَاءِ، وَتُخْرِجُ لَهُ الْاَرْضُ مِنْ بَرَكَتِهَا، تُمْلَأُ الْاَرْضُ مِنْهُ قِسْطًا وَعَدْلًا، كَمَا مُلِئَتْ جَوْرًا وَظُلْمًا، يَعْمَلُ عَلَى هَذِهِ الْاُمَّةِ سَبْعَ سِنِينَ، وَيَنْزِلُ بَيْتَ الْمَقْدِسِ

کی وجہ سے زمین کو عدل وانصاف سے بھر دے گا جس طرح کہ زمین ظلم و زیادتی سے بھری ہوئی تھی' وہ اس اُمت پر سات سال تک حکومت کرے گا اور بیت المقدس پر اُترے گا۔

رَوَى هَذَا الْحَدِيثَ جَمَاعَةٌ عَنْ اَبِي الصِّدِّيقِ، فَلَمْ يُدْخِلْ اَحَدٌ مِمَّنْ رَوَاهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ اَبِي سَعِيدٍ اَحَدًا اِلَّا اَبُو وَاصِلٍ

یہ حدیث ابوصدیق سے ایک جماعت نے روایت کی ہے اور ان کے درمیان اور ابوسعید کے درمیان صرف ابوواصل کے سوا کوئی نہیں۔

1076 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِمَكَّةَ اِذَا قَرَاَ الْقُرْآنَ يَجْهَرُ بِهِ، فَكَانَ الْمُشْرِكُونَ يَطْرُدُونَ النَّاسَ عَنْهُ، وَيَقُولُونَ: لَا تَسْمَعُوا لِهَذَا الْقُرْآنِ وَالْغَوْا فِيهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُونَ، وَكَانَ اِذَا اَخْفَى قِرَائَتَهُ لَمْ يَسْمَعْ مَنْ يُحِبُّ اَنْ يُسْمَعَ الْقُرْآنَ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذَلِكَ سَبِيلًا (الاسراء: 110)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ مکہ مکرمہ میں ہوتے تو قرآن اونچی آواز میں پڑھتے تو مشرکین لوگوں کو ان سے دور کرتے اور کہتے کہ اس قرآن کو نہ سننا اور اس کی پڑھائی کے دوران شور کرو تا کہ تم غالب آ جاؤ۔ آپ ﷺ جب قرأت آہستہ کرتے تو جو لوگ سننا پسند کرتے تھے ان کو سنائی نہ دیتا تھا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اتاری کہ ''اس قرآن کو نماز میں نہ آہستہ پڑھیں نہ اونچا'' (الاسراء:110) بلکہ درمیانہ راستہ اختیار کریں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ اِلَّا مُحَمَّدٌ

یہ حدیث داؤد سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں۔

1077 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک

1076- أخرجه البخاري: التوحيد جلد 13 صفحه 471 رقم الحديث: 7490' ومسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 329' والترمذي: التفسير جلد 5 صفحه 306 رقم الحديث: 3145' والنسائي: الافتتاح جلد 2 صفحه 138' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 283 رقم الحديث: 1858 .

1077- أخرجه البخاري: الأدب جلد 10 صفحه 463 رقم الحديث: 6024' ومسلم: السلام جلد 4 صفحه 1706' والترمذي: الاستئذان جلد 5 صفحه 60 رقم الحديث: 2701' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 42 رقم الحديث:

قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ مَالِكٍ الْمُزَنِيُّ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ عَابِدٍ، عَنْ اَبِي رُوْبَةَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ يَهُودِيَّةً دَخَلَتْ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي بَيْتِ عَائِشَةَ، فَقَالَتْ: السَّامُ عَلَيْكَ، فَقُلْتُ: السَّامُ عَلَيْكِ وَاللَّعْنَةُ

یہودی عورت رسول اللہ ﷺ کے پاس آئی اس حالت میں کہ آپ ﷺ میرے گھر میں تھے' اس نے کہا: السام علیک! (آپ پر موت ہو) میں نے جواب دیا: السام علیک ولعنۃ! (تم پر موت ہو اور لعنت ہو)

1078 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا خُلَيْدُ بْنُ دَعْلَجٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَفَّ النَّاسِ صَلَاةً فِي تَمَامٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی نماز دوسرے لوگوں سے مختصر مگر مکمل ہوتی تھی۔

1079 - وَعَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَجُلًا دَعَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى خُبْزِ شَعِيرٍ وَّاِهَالَةٍ سَنِخَةٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ کی دعوت جَو کی روٹی اور بدبودار چربی سے کی۔

1080 - وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ: صَلَّيْتُ خَلْفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَخَلْفَ اَبِي بَكْرٍ، وَخَلْفَ عُمَرَ، وَخَلْفَ عُثْمَانَ، فَكَانُوا يَفْتَتِحُونَ الْقِرَاءَةَ بـ: (الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابوبکر اور حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم کے پیچھے نماز پڑھی' یہ تمام حضرات نماز الحمد للہ رب العالمین سے شروع

24145 .

1078- أخرجه البخاری: الأذان جلد 2 صفحه 236 رقم الحديث: 708 . ومسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 342' والترمذی: الصلاة جلد 1 صفحه 461 رقم الحديث: 237' والنسائی: الامامة جلد 2 صفحه 74 (باب ما على الامام من التخفيف)' والدارمی: الصلاة جلد 1 صفحه 322 رقم الحديث: 1260' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 208 رقم الحديث: 12740 .

1079- تقدم تخريجه .

1080- أخرجه البخاری: الأذان جلد 2 صفحه 265 رقم الحديث: 743' ومسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 299' وأبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 205 رقم الحديث: 782' والترمذی: الصلاة جلد 2 صفحه 15 رقم الحديث: 246' والنسائی: الافتتاح جلد 2 صفحه 104 (باب ترك الجهر بسم الله الرحمٰن الرحيم)' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 125 رقم الحديث: 11997 .

(الفاتحة: 2) کرتے تھے۔

1081 - وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ: اِنْ كَانَ السَّبْعَةُ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَمُصُّونَ التَّمْرَةَ الْوَاحِدَةَ، وَاَكَلُوا الْخَبَطَ حَتّٰى وَرِمَتْ اَشْدَاقُهُمْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے سات اصحاب ایک کھجور کو چوستے تھے اور پتے کھاتے تھے یہاں تک کہ اُن کے مسوڑھوں میں ورم پڑ گئے۔

1082 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا خُلَيْدٌ، عَنْ مَعْرُوفِ بْنِ اَبِي مَعْرُوفٍ، عَنْ اَبِي الْحَجَّاجِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا خَلَا فِي بَيْتِهِ يَكُونُ فِي مِهْنَةِ اَهْلِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب گھر میں ہوتے تو اپنے گھر والوں کا کام کاج میں ہاتھ بٹاتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ خُلَيْدٍ اِلَّا النُّفَيْلِيُّ

یہ احادیث خلید سے صرف نفیلی ہی روایت کرتے ہیں۔

1083 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ سِنَانٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَرِيبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّ هٰذِهِ الْاٰيَةَ نَزَلَتْ: (الَّذِينَ يُنْفِقُونَ اَمْوَالَهُمْ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَعَلَانِيَةً) (البقرة: 274)، اَنَّهَا نَزَلَتْ فِي النَّفَقَاتِ عَلَى الْخَيْلِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت یزید بن عبداللہ بن عریب از والد خود از جد خود، نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ یہ آیت ''الَّذِينَ يُنْفِقُونَ اَمْوَالَهُمْ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَعَلَانِيَةً'' (وہ لوگ جو اپنے مال رات، دن، پوشیدہ و علانیہ خرچ کرتے ہیں) اللہ کی راہ میں رکھے جانے والے گھوڑوں پر خرچ کرنے کے متعلق نازل ہوئی تھی۔

1084 - وَبِهِ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت یزید بن عبداللہ بن عریب از والد خود از جد

1081- انظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 322 وبنحوه أخرجه الامام أحمد فی مسنده رقم الحديث: 44613 .

1082- أخرجه البخاری: النفقات جلد 9 صفحه 417 رقم الحديث: 5363، والترمذی: القيامة جلد 4 صفحه 654 رقم الحديث: 2489، وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 56 رقم الحديث: 24281 .

1083- أخرجه الطبرانی فی الأوسط جلد 17 صفحه 188 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 327 .

1084- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد 17 صفحه 188 . انظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 262 .

وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْخَيْلَ مَعْقُودٌ فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَاَهْلُهَا مُعَانُونَ عَلَيْهَا، وَالْمُنفِقُ عَلَيْهَا كَالْبَاسِطِ يَدَهُ بِالصَّدَقَةِ، وَاَبْوَالُهَا وَاَرْوَاثُهَا لِاَهْلِهَا عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ مِسْكِ الْجَنَّةِ

خود ہی نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: گھوڑے کی پیشانی میں قیامت تک کے لیے بھلائی رکھی ہے' اس کے رکھنے والوں کے ساتھ تعاون کرنے والوں اور اس پر خرچ کرنے والوں کی مثال اس طرح ہے جیسے اُن کے ہاتھ صدقہ کے لیے کھولے ہوئے ہیں' اور ان گھوڑوں' کے پیشاب اور لید ان کے مالکوں کے لیے قیامت کے دن جنت کی مشک ہوں گے۔

لَا يُرْوَى هٰذَانِ الْحَدِيثَانِ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: سَعِيدُ بْنُ سِنَانٍ

یہ دونوں حدیثیں صرف اسی اسناد سے مروی ہیں' ان کو روایت کرنے میں سعید بن سنان اکیلے ہیں۔

1085 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا اَبُو الْمَلِيحِ الرَّقِّيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا سَبَقَتْ لَهُ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مَنْزِلَةٌ لَمْ يَبْلُغْهَا بِعَمَلِهِ، ابْتَلَاهُ اللّٰهُ فِي جَسَدِهِ اَوْ فِي مَالِهِ اَوْ فِي وَلَدِهِ، ثُمَّ صَبَّرَهُ عَلَى ذٰلِكَ حَتّٰى يُبْلِغَهُ مَنْزِلَتَهُ الَّتِي سَبَقَتْ لَهُ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت محمد بن خالد از والد خود از جد خود روایت کرتے ہیں کہ ان کو شرفِ صحابیت حاصل ہے' فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: بندے کا اللہ تعالیٰ کے ہاں ایک مقام لکھ دیا جاتا ہے لیکن وہ بندہ اس مقام کو عمل کے ذریعے نہیں پا سکتا تو اللہ تعالیٰ اس کو اس کے جسم کے حوالے سے یا اس کے مال سے یا اولاد کے حوالے سے آزماتا ہے' پھر وہ بندہ اس پر صبر کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس بندہ کو اس درجہ پر پہنچا دیتا ہے جو درجہ اس کیلئے اللہ تعالیٰ کے ہاں پہلے سے ہی لکھ دیا گیا ہوتا ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي خَالِدٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الْمَلِيحِ

یہ حدیث ابوخالد سے صرف اسی اسناد سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں ابوالملیح اکیلے ہیں۔

1086 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ قَالَ: نَا عَبَّادُ بْنُ كَثِيرٍ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب میری اُمت چھ

1085- أخرجه الطبراني في الكبير جلد22صفحه318' والامام أحمد في مسنده جلد 5صفحه272 . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 29512 .

1086- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 33417 .

عُرْوَةُ بْنُ رُوَيْمٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اسْتَحَلَّتْ اُمَّتِي سِتًّا فَعَلَيْهِمُ الدَّمَارُ: اِذَا ظَهَرَ فِيهِمُ التَّلاعُنُ، وَشَرِبُوا الْخُمُورَ، وَلَبِسُوا الْحَرِيرَ، وَاتَّخَذُوا الْقِيَانَ، وَاكْتَفَى الرِّجَالُ بِالرِّجَالِ، وَالنِّسَاءُ بِالنِّسَاءِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُرْوَةَ اِلَّا عَبَّادٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: النُّفَيْلِيُّ

کاموں کو حلال جانے تو اس کے بعد ان کیلئے ہلاکت ہے: (۱) جب ان میں آپس میں لعن طعن عام ہوجائے گا (۲) وہ شراب پئیں گے (۳) ریشم پہنیں گے (۴) گانا سنیں گے (۵) مرد مردوں سے بدفعلی کرے گا (۶) اور عورتیں عورتوں سے (بدفعلی کریں)۔

یہ حدیث عروہ سے صرف عباد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں نفیلی اکیلے ہیں۔

1087 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا بَكَّارُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِيُّ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ قَالَ: اَخْبَرَنِي اَيُّوبُ بْنُ خَالِدِ بْنِ صَفْوَانَ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ، مَوْلَى اُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْيَوْمُ الْمَوْعُودُ يَوْمُ الْقِيَامَةِ، وَالْمَشْهُودُ يَوْمُ عَرَفَةَ، وَالشَّاهِدُ يَوْمُ الْجُمُعَةِ، مَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ، وَلَا غَرَبَتْ عَلَى يَوْمٍ اَفْضَلَ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ، وَفِيهِ سَاعَةٌ لَّا يُرَدُّ فِيهَا مُسْلِمٌ يَدْعُو اللّٰهَ بِخَيْرٍ اِلَّا اسْتَجَابَ لَهُ، وَلَا يَسْتَعِيذُهُ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا اَعَاذَهُ اللّٰهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آج کا دن قیامت کے وعدے کا دن ہے اور عرفہ کا دن مشہود ہے اور جمعہ کا دن شاہد ہے' جمعہ کے دن سے زیادہ افضل کوئی دن نہیں جس میں سورج طلوع وغروب ہوتا ہو' جمعہ کے دن میں ایک ایسی گھڑی ہے کہ جو مسلمان اس میں بھلائی کی دعا کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی دعا کو قبول کرتا ہے اور جس شے سے پناہ مانگتا ہے' اللہ تعالیٰ اسے اس سے پناہ دیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ اِلَّا اَيُّوبُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُوسَى

یہ حدیث عبداللہ بن رافع سے صرف ایوب ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں موسیٰ اکیلے ہیں۔

1088 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ قَالَ: نَا اَبُو تُمَيْلَةَ يَحْيَى بْنُ وَاضِحٍ قَالَ: نَا

حضرت اُمِ سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو کپڑوں میں قمیص سب سے زیادہ پسند تھی۔

1087- أخرجه الترمذي: التفسير جلد5صفحه436 رقم الحديث: 3339 .

1088- أخرجه أبو داؤد: اللباس رقم الحديث: 4026 .

عَبْدُ الْمُؤْمِنِ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: لَمْ يَكُنْ ثَوْبٌ اَحَبَّ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْقَمِيصِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْمُؤْمِنِ

یہ حدیث حضرت اُم سلمہ سے صرف اسی اسناد سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں عبدالمؤمن اکیلے ہیں۔

1089 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ اَخَافَ هٰذَا الْحَيَّ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَقَدْ اَخَافَ مَا بَيْنَ هٰذَيْنِ، وَوَضَعَ كَفَّيْهِ عَلَى جَنْبَيْهِ

حضرت محمد بن جابر بن عبداللہ انصاری اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جس کو انصار کے اس قبیلے سے خوف ہو' بے شک اسے خوف ہونا چاہیے اس سے جو ان دونوں کے درمیان ہے اور آپ ﷺ نے اپنی دونوں ہتھیلیاں اپنے پہلوؤں پر رکھیں۔

1090 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا مِسْكِينُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ بْنِ اَبِي مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لِلْمُدَّعِي: اَحْضِرْ بَيِّنَتَكَ، فَلَمْ تَكُنْ لَهُ بَيِّنَةٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاِنَّ الْيَمِينَ عَلَيْهِ فَضَجَّ الرَّجُلُ مِنْ ذٰلِكَ، وَقَالَ: يَذْهَبُ حَقِّي بِيَمِينِهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِينٍ يُرِيدُ اَنْ يَذْهَبَ بِهَا حَقُّ اَخِيهِ بَاطِلًا، لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَمْ يُزَكِّهِ، وَلَهُ عَذَابٌ اَلِيمٌ فَلَمَّا سَمِعَهَا الرَّجُلُ

حضرت ابوبردہ بن ابی موسیٰ اشعری اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ دو آدمی جھگڑا کرنے والے اپنا جھگڑا لے کر نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے' آپ ﷺ نے مدعی سے فرمایا: اپنے گواہ لاؤ! اس کے پاس گواہ نہیں تھے' آپ ﷺ نے فرمایا: قسم اُٹھاؤ! تو دوسرا آدمی اس بات سے چیخ اُٹھا اور اس نے عرض کی: یہ شخص اپنی قسم کے ساتھ میرا حق لے جائے گا' آپ ﷺ نے فرمایا: جس نے کسی شے پر قسم اُٹھائی اور اس سے اپنے مسلمان بھائی کا ناجائز طریقہ سے مال لیا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس پر نظر رحمت نہیں فرمائے گا اور اس کو پاک بھی نہیں فرمائے گا اور اس کیلئے دردناک عذاب ہوگا' جب اس آدمی نے

1090- أخرجه الامام أحمد في مسنده رقم الحديث: 39414' والبزار رقم الحديث: 12712 . انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه181 .

نَكَلَ عَنِ الْيَمِينِ، وَاَقَرَّ لِلرَّجُلِ بِحَقِّهِ

یہ بات سنی تو اس نے قسم اُٹھانے سے انکار کر دیا اور اس آدمی کیلئے اس کے حق کا اقرار کرلیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي بُرْدَةَ اِلَّا ثَابِتٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: جَعْفَرٌ

یہ حدیث ابوبردہ سے صرف ثابت ہی روایت کرتے ہیں اور اسے روایت کرنے میں جعفر اکیلے ہیں۔

1091 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا خَطَّابُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ بْنِ مَالِكٍ الْجَزَرِيِّ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ قَالَ: اَتَيْتُ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ، فَسَاَلْتُهَا: اَتَزَوَّجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَيْمُونَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ؟ فَقَالَتْ: لَا، اِنَّمَا تَزَوَّجَهَا وَهُمَا حَلَالَانِ

حضرت مامون بن مہران فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفیہ بنت شیبہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا اور میں نے آپ سے پوچھا: کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت میمونہ سے حالت احرام میں نکاح کیا تھا؟ تو حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے جب نکاح کیا تو دونوں (یعنی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا) حالت احرام میں نہ تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ اِلَّا خَطَّابٌ

یہ حدیث عبدالکریم سے صرف خطاب ہی روایت کرتے ہیں۔

1092 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا اَبُو الدَّهْمَاءِ الْبَصْرِيُّ، شَيْخُ صِدْقٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَعْجَلَ الطَّاعَةِ ثَوَابًا صِلَةُ الرَّحِمِ، وَاِنَّ اَهْلَ الْبَيْتِ لَيَكُونُونَ فُجَّارًا، فَتَنْمُو اَمْوَالُهُمْ، وَيَكْثُرُ عَدَدُهُمْ، اِذَا وَصَلُوا اَرْحَامَهُمْ، وَاِنَّ اَعْجَلَ الْمَعْصِيَةِ عُقُوبَةً الْبَغْيُ وَالْخِيَانَةُ، وَالْيَمِينُ الْغَمُوسُ تُذْهِبُ الْمَالَ، وَتُقِلُّ فِي الرَّحِمِ، وَتَذَرُ الدِّيَارَ بَلَاقِعَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نیکی کا ثواب جلدی ملتا ہے وہ صلہ رحمی ہے بے شک وہ گھر والے بڑے گنہگار ہی کیوں نہ ہوں ان کے مال بڑھیں گے اور ان کی تعداد میں بھی اضافہ ہوگا جب وہ صلہ رحمی کریں گے بے شک جس گناہ کی سزا جلدی ملتی ہے وہ ہے بغاوت خیانت جھوٹی قسم مال لے جاتی ہے اور رشتے داری کم ہوتی ہے اور گھر میں آزمائش اترتی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا

یہ حدیث محمد بن عمرو سے صرف ابودھماء ہی روایت

1091- أخرجه الطبراني في الكبير جلد24صفحه324 . انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه271 .

1092- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث:18314 .

اَبُو الدَّهْمَاءِ، تفرَّدَ بِهِ: النُّفَيْلِيُّ

کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں نفیلی اکیلے ہیں۔

1093 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا اَبُو الدَّهْمَاءِ، عَنْ اَبِي ظِلَالٍ الْقَسْمَلِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ لَوْحًا مِنْ زَبَرْجَدٍ خَضِرًا، جَعَلَهُ تَحْتَ الْعَرْشِ، كَتَبَ فِيهِ: اَنَا اللّٰهُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا، اَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ، خَلَقْتُ بِضْعَةَ عَشَرَ وَثَلَاثِمِائَةِ خُلُقٍ، مَنْ جَاءَ بِخُلُقٍ مِنْهَا مَعَ شَهَادَةِ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ کی تختی سبز زبرجد کی ہے' اس کے نیچے اللہ تعالیٰ کا عرش ہے' اس میں لکھا ہے: ''اَنَا اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ'' میں نے تین سو سے زیادہ مخلوقات پیدا کی ہے' اُن میں سے جو بھی توحید و رسالت کا اقرار کرے گا' وہ جنت میں داخل ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي ظِلَالٍ اِلَّا اَبُو الدَّهْمَاءِ، تفرَّدَ بِهِ: النُّفَيْلِيُّ

یہ حدیث ابی ظلال سے ابودھماء ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں نفیلی اکیلے ہیں۔

1094 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحُرِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّهُ كَانَ يُوتِرُ عَلَى بَعِيرِهِ، وَيَذْكُرُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ

حضرت نافع' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما وتر اپنے اونٹ پر پڑھتے تھے اور ذکر کرتے تھے کہ نبی کریم ﷺ بھی ایسا ہی کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ اِلَّا زُهَيْرٌ

یہ حدیث حسن سے صرف زہیر ہی روایت کرتے ہیں۔

1095 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا خَطَّابُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی ازواج کو حج تمتع کرنے کا

1093- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 3911 .

1094- أخرجه البخاری: تقصير الصلاة جلد 2 صفحه 668 رقم الحديث: 1095' ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 487' والنسائی: قيام الليل جلد 3 صفحه 190 (باب الوتر على الراحلة) .

1095- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد 12 صفحه 409 رقم الحديث: 13509 . انظر: مجمع الزوائد جلد 13 صفحه 239 .

مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ نِسَائَهُ اَنْ يَتَمَتَّعْنَ، وَاَمَرَ لَهُنَّ بِالْبَقَرِ

حکم دیا' ان کے (قربانی) لیے گائے کا حکم دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خُصَيْفٍ اِلَّا خَطَّابٌ

یہ حدیث خصیف سے صرف خطاب ہی روایت کرتے ہیں۔

1096 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ قَالَ: نَا خَالِدُ بْنُ اَبِي بَكْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَرَبَ صَدْرَ عُمَرَ بِيَدِهِ حِينَ اَسْلَمَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، وَهُوَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اَخْرِجْ مَا فِي صَدْرِهِ مِنْ غِلٍّ، وَاَبْدِلْهُ اِيمَانًا يَقُولُ ذَلِكَ ثَلَاثًا

حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سینے پر اپنا ہاتھ تین بار مارا جس وقت آپ مسلمان ہوئے اور آپ دعا کر رہے تھے: اے اللہ! جو اس کے سینے میں خیانت ہے اس کو نکال دے اور اس کے بدلے ایمان بھر دے' یہ آپ ﷺ نے تین مرتبہ فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَالِمٍ اِلَّا خَالِدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ

یہ حدیث سالم سے صرف خالد بن ابی بکر ہی روایت کرتے ہیں۔

1097 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ قَالَ: نَا زُهَيْرٌ قَالَ: نَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا لَبِسْتُمْ، وَاِذَا تَوَضَّاْتُمْ، فَابْدَئُوا بِمَيَامِنِكُمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم کوئی چیز پہنو اور جب وضو کرو تو اپنی دائیں جانب سے شروع کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا زُهَيْرٌ

یہ حدیث اعمش سے صرف زہیر ہی روایت کرتے ہیں۔

1098 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ابوشعیب کا

1096- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: **6819** .

1097- اخرجه أبو داؤد: اللباس جلد **4** صفحه **69** رقم الحديث: **4141**' وأحمد: المسند جلد **2** صفحه **471** رقم الحديث: **8673** .

1098- اخرجه أحمد: المسند جلد **3** صفحه **484** رقم الحديث: **15273**' والبيهقي في الكبرى جلد **7** صفحه **432**

قَالَ: نَا زُهَيْرٌ قَالَ: نَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: كَانَ لِاَبِي شُعَيْبٍ غُلَامٌ لَحَّامٌ، فَلَمَّا رَاَى مَا بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهِ مِنَ الْجَهْدِ، اَمَرَ غُلَامَهُ اَنْ يَاْتِيَهُمْ بِلَحْمٍ يَكْفِي خَمْسَةً، وَاَرْسَلَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنِ ائْتِنَا خَامِسَ خَمْسَةٍ، فَجَاءَ وَمَعَهُمْ سَادِسٌ، فَلَمَّا انْتَهَوْا اِلَى بَابِ اَبِي شُعَيْبٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّكَ اَرْسَلْتَ اِلَيَّ وَاِلَى خَمْسَةٍ، وَاِنَّ هٰذَا تَبِعَنَا، فَاِنْ اَذِنْتَ لَهُ دَخَلَ، وَاِلَّا رَجَعَ، فَقَالَ: قَدْ اَذِنْتُ، فَلْيَدْخُلْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ

ایک غلام قصاب تھا' جب اس نے رسول اللہ ﷺ اور آپ کے صحابہ کو بھوکا دیکھا تو اس نے اپنے غلام کو گوشت لانے کا حکم دیا جو پانچ افراد کے لیے کافی ہو' اس نے رسول اللہ ﷺ کی طرف کسی کو بھیجا کہ آپ پانچ افراد کو لے کر ہمارے پاس تشریف لائیں' پس آپ ﷺ تشریف لائے اور ان کے ساتھ چھٹا آدمی بھی تھا' جب ابوشعیب کے دروازے کے پاس پہنچے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم لوگوں نے مجھے پانچ افراد کی دعوت دی تھی اور یہ ہمارے ساتھ آ گیا ہے' اگر تم اس کو اجازت دیتے ہو تو داخل ہو جاتا ہے ورنہ یہ واپس چلا جاتا ہے۔ انہوں نے عرض کی: میں اجازت دیتا ہوں' یا رسول اللہ! اسے چاہیے کہ داخل ہو جائے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ اِلَّا زُهَيْرٌ

یہ حدیث از اعمش از سفیان صرف زہیر ہی روایت کرتے ہیں۔

1099 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَالْعِمَامَةِ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے غزوۂ تبوک میں موزوں اور عمامہ پر مسح کیا۔ (عمامہ پر مسح کرنے سے مراد یہ ہے کہ عمامہ کے نیچے ہاتھ داخل کر کے سر پر مسح کیا)۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمٍ اِلَّا عُفَيْرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: النُّفَيْلِيُّ

یہ حدیث سلیم سے صرف غفیر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں نفیلی اکیلے ہیں۔

1100 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ اَيُّوبَ الْمُوصِلِيُّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ يَزِيدَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے زمانۂ پاک میں ہمارے پاس قربانی

رقم الحديث: 14544 .

1099- أخرجه الطبراني في الكبير رقم الحديث: 7710 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 260 .

1100- انظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 229 .

بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ذَكْوَانَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كُنَّا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْهَدْىُ فِينَا الْإِبِلُ وَالْبَقَرُ

کا جانور اونٹ اور گائے ہی ہوتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَابِرٍ اِلَّا عُمَرُ

یہ حدیث حضرت جابر سے صرف عمر ہی روایت کرتے ہیں۔

1101 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَطَاءُ بْنُ اَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: مَا صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْكَعْبَةِ، وَلَكِنَّهُ لَمَّا دَخَلَ خَرَّ سَاجِدًا، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ، ثُمَّ دَعَا حَدَّثَنِي بِذَلِكَ الْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ، وَكَانَ مَعَهُ حِينَ دَخَلَ . قَالَ: وَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقُولُ: مَا اُحِبُّ اَنْ اُصَلِّيَ فِيهَا، لَوْ فَعَلْتُ لَتَرَكْتُ بَعْضَ الْقِبْلَةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خانہ کعبہ کے اندر نماز نہیں پڑھی بلکہ آپ جب خانہ کعبہ کے اندر داخل ہوئے تو آپ سجدہ میں گر گئے' پھر آپ نے اپنا سر اُٹھایا پھر آپ نے دعا کی۔ مجھے یہ بات حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما نے بتائی جو کہ خانہ کعبہ میں داخل ہوتے وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے' کہا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے تھے کہ مجھے پسند نہیں ہے کہ میں اس میں نماز پڑھوں' اگر میں نے ایسے کیا تو میں نے بعض قبلہ کو چھوڑ دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث ابن اسحاق سے صرف محمد بن سلمہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1102 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي هَذِهِ الْآيَةِ: (فَاِنْ جَاءُوكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ) ، (وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ) (المائدة: 42) قَالَ: كَانُوا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اس آیت ''فَاِنْ جَاءُوكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ...... وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ'' (المائدہ:۴۲) کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ یہ بنو نضیر کے متعلق نازل ہوئی ہے' وہ جب بنی قریظہ کو قتل کرتے تو اُن کو نصف دیت دیتے' اور جب

1101- أخرجه الطبرانی فی الکبیر جلد 11 صفحه 173 رقم الحدیث: 11402 .

1102- أخرجه أبو داؤد: الأقضية جلد 3 صفحه 301 رقم الحدیث: 3591' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 472 رقم الحدیث: 3433 .

مِنْ بَنِي النَّضِيرِ، إِذَا قَتَلُوا مِنْ بَنِي قُرَيْظَةَ قَتِيلًا أَدَّوْا إِلَيْهِمْ نِصْفَ الدِّيَةِ، وَكَانَ بَنُو قُرَيْظَةَ إِذَا قَتَلُوا مِنْ بَنِي النَّضِيرِ قَتِيلًا أَدَّوْا إِلَيْهِمُ الدِّيَةَ كَامِلَةً، فَسَوَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمُ الدِّيَةَ كَامِلَةً

بنوقریظہ کے لوگ بنونضیر کو قتل کرتے تو ان کو مکمل دیت دیتے تھے' رسول اللہ ﷺ نے ان کے درمیان پوری دیت رکھی۔

1103 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا السَّيِّدُ بْنُ عِيسَى الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنَ الزَّبِيبِ وَالتَّمْرِ وَالْحِنْطَةِ وَالشَّعِيرِ خَمْرًا

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: شراب کشمش' کھجور' گندم اور جَو سے بنائی جاتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُجَالِدٍ إِلَّا السَّيِّدُ

یہ حدیث مجالد سے صرف سید ہی روایت کرتے ہیں۔

1104 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ قَالَ: أَوَّلُ مَنْ عَرَفَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ الْهَزِيمَةِ، وَقَوْلِ النَّاسِ: قُتِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَمَا حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ كَعْبٌ: عَرَفْتُ عَيْنَيْهِ تُزْهِرَانِ مِنْ تَحْتِ الْمِغْفَرِ، فَنَادَيْتُ بِأَعْلَى صَوْتِي: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ، هٰذَا رَسُولُ اللّٰهِ، فَأَوْمَأَ إِلَيَّ أَنِ اسْكُتْ

حضرت محمد بن اسحاق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے سب سے پہلے رسول اللہ ﷺ کو ہزیمت اور لوگوں کی باتوں کے بعد پہچانا کہ رسول اللہ ﷺ کو قتل کر دیا گیا جیسا کہ مجھے زہری نے عبداللہ بن کعب کے حوالے سے بیان کیا ہے کہ حضرت کعب فرماتے ہیں کہ میں نے آپ کی دونوں آنکھوں سے پہچانا جو کہ مغفر کے نیچے سے چمک رہی تھیں' میں نے اپنی بلند آواز سے کہا: اے مسلمانوں کے گروہ! یہ رسول اللہ ہیں' میری طرف خاموش رہنے کا اشارہ کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا مُحَمَّدٌ

یہ حدیث زہری سے صرف محمد ہی روایت کرتے

1103- أخرجه أبو داؤد: الأشربة جلد 3 صفحه 325 رقم الحديث: 3677' والترمذي: الأشربة جلد 4 صفحه 297 رقم الحديث: 1872' وابن ماجة: الأشربة جلد 2 صفحه 1121 رقم الحديث: 3379' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 328 رقم الحديث: 18380 .

1104- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 19 صفحه 100 . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 11516 .

ہیں۔

1105 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا مِسْكِينُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَطُوفُ عَلَى نِسَائِهِ بِغُسْلٍ وَّاحِدٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا مِسْكِينٌ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اپنی تمام ازواج سے جماع (کرنے کے بعد) ایک ہی غسل کرتے تھے۔

یہ حدیث شعبہ سے صرف مسکین ہی روایت کرتے ہیں۔

1106 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي مَحْذُورَةَ قَالَ: سَمِعْتُ جَدِّي عَبْدَ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي مَحْذُورَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا مَحْذُورَةَ يَقُولُ: اَلْقَى عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَذَانَ حَرْفًا حَرْفًا: اَللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ، اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ، لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ

حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے مجھے اذان کا ایک ایک کلمہ سکھایا: ''اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ، اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ''۔

1107 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

1105- أخرجه البخاری: النكاح جلد 9 صفحه 227 رقم الحديث: 5215، ومسلم: الحيض جلد 1 صفحه 249، وأبو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 55 رقم الحديث: 218، والترمذی: الطهارة جلد 1 صفحه 259 رقم الحديث: 140، والنسائی: الطهارة جلد 1 صفحه 118 (باب اتيان النساء قبل احداث الغسل)، وابن ماجة: الطهارة جلد 1 صفحه 194 رقم الحديث: 588، وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 121 رقم الحديث: 11952 .

1106- أخرجه أبوداؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 125 رقم الحديث: 504 .

1107- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد 11 صفحه 415 رقم الحديث: 12179 . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث:

قَالَ: نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيِّدَاتُ نِسَاءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ، بَعْدَ مَرْيَمَ ابْنَةِ عِمْرَانَ: فَاطِمَةُ وَخَدِيجَةُ، ثُمَّ آسِيَةُ امْرَاَةُ فِرْعَوْنَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اہل جنت کی سردار عورتوں میں مریم بن عمران' اُن کے بعد فاطمہ' اور خدیجہ پھر آسیہ فرعون کی زوجہ ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا الدَّرَاوَرْدِيُّ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث ابراہیم سے صرف الدراوردی ہی روایت کرتے ہیں اور حضرت ابن عباس سے یہ حدیث صرف اسی سند سے مروی ہے۔

1108 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ عِيسَى بْنِ سِنَانٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَرْزَبٍ الْاَشْعَرِيِّ، عَنْ اَبِي مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَضُوءٍ فَمَسَحَ عَلَى الْجَوْرَبَيْنِ وَالنَّعْلَيْنِ وَالْعِمَامَةِ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس وضو کا پانی لے کر آیا' تو آپ نے موزوں اور نعلین اور عمامہ پر مسح کیا۔ (عمامہ پر مسح کرنے سے مراد کہ آپ نے اپنا ہاتھ عمامہ کے نیچے داخل کیا اور سر کا مسح کیا)

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي مُوسَى اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عِيسَى

یہ حدیث حضرت انس سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں نفیلی اکیلے ہیں۔

1109 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا عَبَّادُ بْنُ كَثِيرٍ الرَّمْلِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّدِّيِّ قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُفْطِرُ اِذَا كَانَ صَائِمًا عَلَى اللَّبَنِ، وَجِئْتُهُ بِقَدَحٍ مِنْ لَبَنٍ، فَوَضَعْتُهُ اِلَى جَانِبِهِ، فَغَطَّى عَلَيْهِ وَهُوَ يُصَلِّي

حضرت عبدالرحمٰن السدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب روزہ دودھ سے افطار کرتے تھے' تو میں آپ کے پاس دودھ کا پیالہ لے کر آیا' میں نے اس کو آپ کی ایک جانب رکھ دیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نماز کے دوران ہی اس کو ڈھانپ دیا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا بِهَذَا

یہ حدیث حضرت انس سے صرف اسی سند سے

20419.

1109- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحہ159 .

الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: النُّفَيْلِيُّ

روایت ہے اسے روایت کرنے میں نفیلی اکیلے ہیں۔

1110 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا عَبَّادُ بْنُ كَثِيرٍ الرَّمْلِيُّ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ طَلْحَةَ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اثْرُدُوا، وَلَوْ بِالْمَاءِ

حضرت عاصم بن طلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ثرید بناؤ اگرچہ پانی کے ساتھ ہی ہو۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَنَسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبَّادٌ

یہ حدیث حضرت انس سے صرف اسی سند سے روایت ہے اسے روایت کرنے میں عباد اکیلے ہیں۔

1111 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا عِكْرِمَةُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْأَزْدِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي إِدْرِيسُ بْنُ يَزِيدَ الْأَوْدِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ، اللَّهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ، وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ جس کا میں مولا (مددگار) ہوں اس کا علی مولا (مددگار) ہے اے اللہ! تو اس کو دوست رکھ جو اس کو دوست رکھے اور اے اللہ! تو اس سے دشمنی رکھ جو اس سے دشمنی رکھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِدْرِيسَ إِلَّا عِكْرِمَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: النُّفَيْلِيُّ

یہ حدیث حضرت ادریس سے صرف عکرمہ ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں نفیلی اکیلے ہیں۔

1112 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ هُودِ بْنِ عَطَاءٍ قَالَ: سَمِعْتُ شَدَّادًا أَبَا عَمَّارٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ يَقُولُ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ

حضرت ھود بن عطاء فرماتے ہیں کہ میں نے شداد ابو عمار سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور عرض کی: یارسول اللہ! آپ بتائیں کہ ایک آدمی خیر اور ذکر تلاش کرتا ہے اس کے لیے اجر کیا

1110- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 2215 .

1111- أخرجه أبو يعلى جلد 11 صفحه 307، والبزار جلد 3 صفحه 187 .

1112- أخرجه النسائي جلد 6 صفحه 22 (باب من غزا يلتمس الأجر والذكر) . والترغيب والترهيب للمنذرى جلد 1 صفحه 55 رقم الحديث: 9 . والطبراني في الكبير جلد 18 صفحه 140 رقم الحديث: 7628 .

اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ رَجُلًا يَلْتَمِسُ الْخَيْرَ وَالذِّكْرَ، مَا لَهُ؟ قَالَ: لَا شَیْءَ لَهُ يَقُولُ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى لَا يَقْبَلُ مِنَ الْعَمَلِ اِلَّا مَا خَلَصَ لَهُ، وَابْتُغِیَ بِهِ

ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کے لیے کوئی شی نہیں ہے' یہ جملہ آپ نے تین مرتبہ ارشاد فرمایا' پھر فرمایا: بے شک اللہ عزوجل بغیر خلوص اور اس کی رضا کے بغیر کیا جانے والا عمل قبول نہیں کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هُودٍ اِلَّا مُعَاوِيَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُثْمَانُ

یہ حدیث ھود سے صرف معاویہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عثمان اکیلے ہیں۔

1113 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ قَالَ: حَدَّثَنِي صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، اَنَّ عَائِشَةَ، حَدَّثَتْهُ قَالَتْ: كَانَ عَلٰى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمِيصَةٌ سَوْدَاءُ، حِينَ اشْتَدَّ بِهِ وَجَعُهُ، فَهُوَ يَضَعُهَا مَرَّةً عَلٰى وَجْهِهِ، وَمَرَّةً يَكْشِفُهَا وَيَقُولُ: قَاتَلَ اللّٰهُ قَوْمًا اتَّخَذُوا قُبُورَ اَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ يُحَذِّرُ ذٰلِكَ عَلٰى اُمَّتِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں کالی اوڑھنی تھی' جس وقت آپ کو تکلیف ہوتی تو آپ اس کو کئی مرتبہ اپنے چہرے پر رکھتے' کبھی کھول دیتے اور فرماتے: اللہ تعالیٰ یہود کو ہلاک کرے! انہوں نے انبیاء علیہم السلام کی قبروں کو سجدہ گاہ بنا لیا۔ آپ ایسا کرنے سے اپنی اُمت کو ڈراتے تھے۔

1114 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا عَبَّادُ بْنُ كَثِيرٍ الرَّمْلِيُّ، عَنْ شُمَيْسَةَ بِنْتِ نَبْهَانَ، عَنْ مَوْلَاهَا مُسْلِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَايِعُ النِّسَاءَ عَامَ الْفَتْحِ عَلَى الصَّفَا، فَجَائَتِ امْرَاَةٌ كَاَنَّ

حضرت شمیسہ بنت نبھان اپنے آقا مسلم بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ سے روایت کرتی ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ فتح مکہ کے سال مقامِ صفا پر عورتوں کی بیعت کر رہے تھے' پس ایک عورت آئی اور اس کے ہاتھ ایسے تھے جس طرح کسی

1113- أخرجه أحمد: المسند جلد 6 صفحه 305 رقم الحديث: 26404' وأخرجه البخاری: المغازی جلد 7 صفحه 747 رقم الحديث: 4444,4443' ومسلم: المساجد جلد 1 صفحه 377' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 255 رقم الحديث: 25970 .

1114- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد 19 صفحه 435' والبزار رقم الحديث: 37813 . انظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 157 .

يَدِهَا يَدَ الرَّجُلِ، فَأَبَى أَنْ يُبَايِعَهَا حَتَّى ذَهَبَتْ فَغَيَّرَتْ يَدَهَا بِصُفْرَةٍ، وَأَتَاهُ رَجُلٌ فِي يَدِهِ خَاتَمٌ مِّنْ حَدِيدٍ، فَقَالَ: مَا طَهَّرَ اللّٰهُ يَدًا فِيهَا خَاتَمٌ مِّنْ حَدِيدٍ

آدمی کا ہاتھ ہوتا ہے' آپ نے اس کی بیعت کرنے سے انکار کیا' یہاں تک کہ وہ چلی گئی' پس اس نے اپنے ہاتھ کی رنگت زردی سے بدلی' اور ایک آدمی آیا' اس کے ہاتھ میں لوہے کی انگوٹھی تھی' تو آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل اس ہاتھ کو پاک نہیں کرے گا جس میں لوہے کی انگوٹھی ہو۔

1115 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُنَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عِيسَى بْنُ سَبْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: صَعِدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ الْمِنْبَرَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَأَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، لَا صَلَاةَ إِلَّا بِوُضُوءٍ، وَلَا وُضُوءَ لِمَنْ لَمْ يُذْكَرِ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ، وَلَمْ يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ مَنْ لَمْ يُؤْمِنْ بِي، وَلَمْ يُؤْمِنْ بِي مَنْ لَمْ يَعْرِفْ حَقَّ الْأَنْصَارِ

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ سَبْرَةَ إِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ

حضرت عیسیٰ بن سبرہ از والد خود از جد خود سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک دن منبر پر تشریف فرما ہوئے' آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی' پھر فرمایا: اے لوگو! بغیر وضو کے نماز نہیں ہے اور بغیر بسم اللہ کے (کامل) وضو نہیں (لیکن وضو ہو جاتا ہے) اور جو مجھ پر ایمان نہیں لایا وہ اللہ پر بھی ایمان نہیں لایا' اور جس نے انصار کا حق نہیں پہچانا وہ مجھ پر ایمان نہیں لایا۔

یہ حدیث ابن سبرہ سے صرف اسی اسناد سے روایت ہے۔

☆☆☆☆☆

1115- انظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 231 .

احمد بن ابراهيم

1116 - حَدَّثَنَا . . . . (سقط من اصل الكتاب) . . . .

1117 - اَحَدَاهُمَا تَحُطُّ خَطِيْئَةً، وَالْاُخْرَى تَرْفَعُ دَرَجَةً . وَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ آمُرَ بِالصَّلَاةِ فَتُقَامُ . وَذَكَرَ الْحَدِيثَ .

وَنَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَسْتَامَ الرَّجُلُ عَلَى سَوْمِ اَخِيهِ وَنَهَى عَنِ التَّنَاجُشِ وَنَهَى اَنْ تَسْاَلَ الْمَرْاَةُ طَلَاقَ اُخْتِهَا وَنَهَى اَنْ يُمْنَعَ الْمَاءُ مَخَافَةَ الْكَلَإِ وَنَهَى اَنْ يَبِيعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ وَقَالَ: مَنْ مَنَحَ مَنِيحَةً غَدَتْ بِصَدَقَةٍ صَبُوحُهَا وَغَبُوقُهَا

1118 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَوْمَ الْخَنْدَقِ: شَغَلُونَا عَنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ وَلَمْ

احمد بن ابراہیم

اس حدیث کا متن کتاب میں مذکور نہیں ہے۔

(اس حدیث کی اصل کتاب میں بھی سند موجود نہیں ہے' باقی متن کا ترجمہ یہ ہے:) ان میں سے ایک قدم اُٹھاتے ہوئے ایک گناہ معاف ہوتا ہے اور دوسرا قدم ایک درجہ بلند کرتا ہے۔ اور میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: میں نے ارادہ کیا کہ میں کسی کو نماز پڑھانے کا حکم دوں' پس اقامت پڑھی جائے اور آگے حدیث بیان کی (اور میں اُن کے گھروں کو جلا دوں جو نماز نہیں پڑھتے ہیں)۔

اور رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی کے پیغامِ نکاح پر پیغام بھیجے جانے اور تناجش (سے مراد ہے: دھوکہ کی نیت سے نرخ بڑھانا) سے منع فرمایا اور اس سے منع فرمایا کہ کوئی عورت اپنے بہن کی طلاق کا مطالبہ کرے اور پانی نہ دینے اور گھاس نہ دینے سے منع کیا اور شہری کو دیہاتی کے لیے بیع کرنے سے منع کیا' جس نے دودھ دینے والا جانور کسی کو دیا تو اُس کا دودھ پینا صبح و شام اس دینے والے کے لیے صدقہ ہو جائے گا۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو خندق کے دن فرماتے ہوئے سنا کہ ان لوگوں نے ہمیں عصر کی نماز سے مشغول رکھا ہے' اس دن آپ نے نماز نہیں پڑھی تھی یہاں تک کہ سورج غائب ہو گیا' (آپ نے دعا کی:) اے اللہ! ان کی قبروں کو

يُصَلِّهَا يَوْمَئِذٍ حَتَّى غَابَتِ الشَّمْسُ مَلَأَ اللَّهُ قُبُورَهُمْ نَارًا، وَقُلُوبَهُمْ نَارًا، وَبُيُوتَهُمْ نَارًا

آگ سے بھر دے! اور ان کے دلوں کو آگ سے بھر دے اور اے اللہ! ان کے گھروں کو آگ سے بھر دے۔

1119 - وَعَنْ زَيْدٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْبَرَاءِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: لَقِيتُ عَمِّي وَمَعَهُ رَايَةٌ، فَقُلْتُ: أَيْنَ تُرِيدُ؟ فَقَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى رَجُلٍ نَكَحَ امْرَأَةَ أَبِيهِ، فَأَمَرَنِي أَنْ أَضْرِبَ عُنُقَهُ، وَآخُذَ مَالَهُ

حضرت یزید بن براء اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: میں اپنے چچا سے اس حال میں ملا کہ اُن کے ساتھ جھنڈا تھا' میں نے عرض کی: آپ کا کہاں کا ارادہ ہے؟ تو اُنہوں نے فرمایا: مجھے رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی کی طرف بھیجا ہے کہ اس نے اپنے والد کی بیوی سے شادی کی ہے' آپ نے مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اس کی گردن اُڑا دوں اور اس کا مال لے لوں۔

1120 - وَعَنْ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى سُبَاطَةِ قَوْمٍ، فَبَالَ، فَجِئْتُهُ بِمَاءٍ، فَصَبَبْتُهُ عَلَيْهِ، فَتَوَضَّأَ وَمَسَحَ بِرَأْسِهِ، وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ، ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ قوم کے کوڑے کے ڈھیر کی طرف کھڑے ہوئے' آپ نے پیشاب کیا تو میں آپ کے پاس پانی لے کر آیا' پس میں نے آپ پر پانی بہایا تو آپ نے وضو کیا اور اس کے ساتھ سر پر اور موزوں پر مسح کیا' پھر آپ اُٹھے اور نماز پڑھی۔

1121 - وَعَنْ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ قَالَ: سَأَلْتُ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ، عَنِ الْمُعَوِّذَتَيْنِ، فَقَالَ: سَأَلْتُ عَنْهُمَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: قِيلَ لِي، فَقُلْتُ . قَالَ أُبَيٌّ: فَقَالَ لَنَا، فَقُلْنَا

حضرت زر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے معوذتین کے متعلق پوچھا تو انہوں نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا' آپ نے فرمایا: مجھے کہا گیا تو میں نے کہہ دیا: حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہم کو کہا' پس ہم نے کہا۔

1119- أخرجه أبو داؤد: الحدود جلد 4صفحه155 رقم الحديث: 4457، والترمذي: الأحكام جلد 3صفحه634 رقم الحديث: 1362، والنسائي: النكاح جلد 6صفحه90 (باب نكاح ما نكح الآباء)، وابن ماجه: الحدود جلد 2 صفحه869 رقم الحديث: 2607 .

1121- أخرجه أحمد: المسند جلد5صفحه156 رقم الحديث: 21240 .

1122 - وَعَنْ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ النَّاسِ قَرْنِي، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ يَأْتِي قَوْمٌ تَسْبِقُ أَيْمَانُهُمْ شَهَادَتَهُمْ، وَشَهَادَتُهُمْ أَيْمَانَهُمْ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بہترین لوگ میرے زمانہ کے ہیں' پھر وہ لوگ جوان کے بعد آئیں گے' پھر وہ لوگ جو اُن کے بعد آئیں گے' پھر ایسے لوگ آئیں گے کہ اُن کے ایمان پر اُن کی شہادت سبقت لے جائے گی' اور اُن کی شہادت اُن کا ایمان ہوگا۔

1123 - وَعَنْ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ قَالَ: سَأَلْتُ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ، عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ، فَقَالَ: هِيَ لَيْلَةُ سَبْعٍ وَّعِشْرِينَ، بِالْآيَةِ الَّتِي أَخْبَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ الشَّمْسَ تَطْلُعُ غَدَاتَئِذٍ، لَا شُعَاعَ لَهَا

حضرت زر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے لیلۃ القدر کے متعلق پوچھا' تو انہوں نے فرمایا: وہ ستائیسویں رات ہے' اس کی نشانی جو ہم کو رسول اللہ ﷺ نے بتائی اور یہ ہے کہ اس دن سورج طلوع ہوتا ہے تو اس میں شعاع نہیں ہوتی۔

1124 - وَعَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ قَالَ: أَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ، فَسَأَلْتُهُ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقَالَ: كُنَّا إِذَا سَافَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَنَا أَنْ لَا نَنْزِعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَ لَيَالٍ وَّأَيَّامَهُنَّ إِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، فَأَمَّا مِنْ غَائِطٍ وَّبَوْلٍ فَلَا وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت زر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت صفوان بن عسال المرادی کے پاس آیا' میں نے ان سے موزوں پر مسح کے متعلق پوچھا' تو انہوں نے فرمایا: جب ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سفر میں تھے تو آپ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم اپنے موزے تین دن اور راتیں نہ اُتاریں مگر جنابت کی حالت کے اور جو جنابت جو بول و براز کی وجہ سے ہوتی ہے اس پر نہیں۔ اور حدیث ذکر کی۔

1122- أخرجه الامام أحمد في مسنده جلد14صفحه267' والبزار رقم الحديث: 29013 . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه22 .

1123- أخرجه مسلم: الصيام جلد2صفحه828' وأبو داؤد: الصلاة جلد2صفحه52 رقم الحديث: 1378' والترمذي: الصوم جلد3صفحه151 رقم الحديث: 793' وأحمد: المسند جلد5صفحه156 رقم الحديث: 21248 .

1124- أخرجه الترمذي: الطهارة جلد 1صفحه159 رقم الحديث: 96' والنسائي: الطهارة جلد 1صفحه71 (باب التوقيت في المسح على الخفين للمسافر)' وابن ماجة: الطهارة جلد1صفحه161 رقم الحديث: 478 .

1125 - وَعَنْ زَيْدٍ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ سُحَيْمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَكَلَ مَعَ قَوْمٍ فَلَا يَقْرِنْ، فَاِنْ اَرَادَ اَنْ يَفْعَلَ فَلْيَسْتَأْمِرْ، فَاِنْ اَذِنُوا لَهُ فَلْيَفْعَلْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو لوگوں کے ساتھ مل کر کھائے وہ ملا کر نہ (یعنی دو دو چیزیں اکٹھی) کھائے' اگر ملا کر کھانا چاہتا ہے تو وہ اس سے اجازت لے' اگر وہ اجازت دیں تو وہ ملا کر کھا لے۔

1126 - وَعَنْ زَيْدٍ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ سُحَيْمٍ، عَنْ اَبِي الْمُثَنَّى الْعَبْدِيِّ، عَنْ بَشِيرِ ابْنِ الْخَصَاصِيَةِ السَّدُوسِيِّ قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُبَايِعَهُ، فَاشْتَرَطَ عَلَيَّ: تَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، وَتُصَلِّي الْخَمْسَ، وَتَصُومُ رَمَضَانَ، وَتُؤَدِّي الزَّكَاةَ، وَتَحُجُّ الْبَيْتَ، وَتُجَاهِدُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ . فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَمَّا اثْنَتَانِ فَلَا اُطِيقُهُمَا: فَوَاللّٰهِ مَا لِي اِلَّا عَشْرُ ذَوْدٍ، رِسْلُ اَهْلِي وَحَمُولَتُهُمْ، وَاَمَّا الْجِهَادُ، فَيَزْعُمُونَ اَنَّهُ مَنْ وَلَّى بَاءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ، فَاَخَافُ اِذَا حَضَرَ قِتَالٌ جَشِعَتْ نَفْسِي، وَكَرِهْتُ الْمَوْتَ . فَقَبَضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ، ثُمَّ حَرَّكَهَا، ثُمَّ قَالَ: لَا صَدَقَةَ وَلَا جِهَادَ، فَبِمَ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ؟ فَبَايَعْتُهُ عَلَيْهِنَّ كُلِّهِنَّ

حضرت بشیر بن خصاصیہ السدوسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا تاکہ آپ کی بیعت کروں' تو آپ نے مجھ پر شرط لگائی کہ تُو اس بات کی گواہی دے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اور یہ کہ حضرت محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں اور یہ کہ تُو پانچ وقت کی نماز پڑھے اور رمضان کے روزے رکھے اور زکوٰۃ ادا کرے اور بیت اللہ کے حج کرے اور اللہ کی راہ میں جہاد کرے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! دو کی تو میں طاقت نہیں رکھتا ہوں' اللہ کی قسم! میرے پاس صرف دس یا پندرہ دودھ دینے والی اونٹنیاں ہیں گھر والوں کے لیے اور میں ان پر غلہ لاتا ہوں' بہرحال رہا جہاد تو لوگ گمان کرتے ہیں کہ جو لوٹا اس سے اس پر اللہ کا غضب ہوگا' میں خوف کرتا ہوں کہ جب جنگ ہو تو میرا دل زندگی کی حرص کرے اور موت کو ناپسند کرے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا' پھر اسے حرکت دی' پھر فرمایا: صدقہ اور جہاد بھی نہیں' تو تُو جنت میں کیسے داخل ہوگا' پھر میں نے اُن تمام پر آپ سے بیعت کی۔

1125- أخرجه أحمد: المسند جلد2صفحه178 رقم الحديث:6154 .

1126- أخرجه الطبراني في الكبير جلد2صفحه44-45 . انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه45 .

1127 - وَعَنْ زَيْدٍ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ سُحَيْمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُخْلَطَ الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خشک اور تر کھجوریں ملانے سے (یعنی مکس کر کے بیچنے سے) منع فرمایا۔

1128 - وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ اَصْحَابُ نَبِيِّكُمْ يَكْرَهُونَ اَنْ يَلْبَسُوا الْحَرِيرَ، وَيُدْخِلُونَهُ بُيُوتَهُمْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب کرام ریشم کا لباس پہننے کو ناپسند کرتے تھے اور اپنے گھروں میں رکھنے سے منع کرتے ہیں۔

1129 - وَعَنْ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي نَصْرٍ، قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ: هُوَ حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ اَبِي بَرْزَةَ قَالَ: غَضِبَ اَبُو بَكْرٍ عَلَى رَجُلٍ غَضَبًا شَدِيدًا، حَتَّى تَغَيَّرَ لَوْنُهُ، وَكَانَ اَبُو بَكْرٍ رَّجُلًا فِيهِ حِدَّةٌ، قَالَ اَبُو بَرْزَةَ: فَلَمَّا رَاَيْتُ ذٰلِكَ مِنْهُ، قُلْتُ: يَا خَلِيفَةَ رَسُولِ اللّٰهِ لَئِنْ اَمَرْتَنِي لَاَضْرِبَنَّ عُنُقَهُ، فَكَاَنَّمَا صُبَّ عَلَيْهِ مَاءٌ بَارِدٌ، فَذَهَبَ غَضَبُهُ عَنِ الرَّجُلِ، وَقَالَ: ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ اَبَا بَرْزَةَ، اِنَّهَا لَمْ تَكُنْ لِاَحَدٍ بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوبرزہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ایک آدمی پر سخت غصہ ہوئے یہاں تک کہ آپ کے چہرہ کا رنگ تبدیل ہو گیا' اور گویا ابوبکر ایک گرم مزاج آدمی تھے۔ اور حضرت ابوبرزہ نے فرمایا: جب میں نے یہ دیکھا تو میں نے عرض کی: اے رسول اللہ کے خلیفہ! اگر آپ مجھے حکم دیں تو میں اس کی گردن اُڑا دوں! تو ایسے محسوس ہوا گویا کہ آپ پر ٹھنڈا پانی گرا دیا گیا ہے اور آپ سے غصہ دور ہو گیا اور فرمایا: اے ابوبرزہ! تیری ماں تجھ پر روئے! یہ قتل کرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کسی کے لیے جائز نہیں ہے۔

1130 - وَبِهِ: عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا: عُرِضَ عَلَيَّ الْاَنْبِيَاءُ، فَكَانَ النَّبِيُّ يَجِيءُ وَلَيْسَ مَعَهُ اِلَّا الرَّجُلُ، وَيَجِيءُ الْآخَرُ لَيْسَ مَعَهُ اِلَّا الرَّجُلَانِ، وَيَجِيءُ النَّبِيُّ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک دن فرمایا: مجھ پر انبیاء علیہم السلام پیش کیے گئے' ایک نبی آئے تو اُن کے ساتھ سوائے ایک آدمی کے اور کوئی نہیں تھا' پھر ایک اور نبی آئے تو اُن کے ساتھ صرف دو آدمی تھے' پھر ایک نبی

1127- أخرجه مسلم: الأشربة جلد3صفحه1577 .

1129- أخرجه النسائي: تحريم الدم جلد7صفحه100 (باب ذكر الاختلاف على الأعمش فى هذا الحديث) .

1130- أخرجه الطبراني فى الكبير جلد18صفحه241 رقم الحديث:605 .

لَيْسَ مَعَهُ اِلَّا النَّفَرُ الْيَسِيرُ كَذٰلِكَ، وَعُرِضَتْ عَلَيَّ أُمَّتِي، فَرَفَعْتُ رَأْسِي، فَإِذَا الظِّرَابُ قَدْ سَدَّ بَيْنِي وَبَيْنَ الْأُفُقِ

آئے تو اُن کے ساتھ تھوڑا سا گروہ تھا' اسی طرح اور مجھ پر میری اُمت پیش کی گئی تو میں نے اپنا سر اُٹھایا تو ایک گروہ تھا جو میرے اور اُفق کے درمیان پھیلا ہوا تھا۔

1131 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ مُوَرِّقٍ الْعِجْلِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاسْتَسْقَى، فَأُتِيَ بِقَدَحٍ فِيهِ نَبِيذٌ، فَلَمَّا قَرَّبَهُ اِلَى فِيهِ رَاَى فِيهِ شِدَّةً، فَرَدَّهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھے کہ آپ نے پانی مانگا' آپ کے پاس ایک پیالہ لایا گیا تو اس میں نبیذ تھی' جب آپ نے اپنے منہ کے قریب کیا تو اس میں آپ نے شدت دیکھی تو آپ نے اس پیالہ کو واپس کر دیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ مُوَرِّقٍ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ

یہ حدیث از اسماعیل از مورق صرف عبیداللہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1132 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ جُنَادٍ الْحَلَبِيُّ قَالَ: نَا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ الْخَفَّافُ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَلِيُّ اِنَّهَا سَتَكُونُ فِتْنَةٌ، وَسَتَحَاجُّ قَوْمَكَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَمَا تَأْمُرُنِي؟ فَقَالَ: احْكُمْ بِالْكِتَابِ اَوْ قَالَ: اتَّبِعِ الْكِتَابَ

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے علی! عنقریب فتنے ہوں گے' تمہاری قوم محتاج ہو گی۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ مجھے کیا حکم دیتے ہیں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کتاب اللہ کے ساتھ فیصلہ کرنا' یا یہ فرمایا: کتاب اللہ کی اتباع کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا عَطَاءٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدٌ

یہ حدیث سفیان سے صرف عطاء ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبیدا کیلے ہیں۔

1133 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدٌ قَالَ: نَا عَطَاءٌ، عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي عَبْلَةَ،

حضرت روح بن زنباع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت تمیم الداری کے پاس آیا' وہ اس وقت

1131- أخرجه النسائي: الأشربة جلد8صفحه293-285 . وانظر: نصب الراية جلد4صفحه308 .

1133- أخرجه الطبراني في الكبير جلد2صفحه51 رقم الحديث: 1254' والطبراني في الصغير جلد 1صفحه14 . أخرجه أحمد: المسند جلد4صفحه128 رقم الحديث: 16957 .

عَنْ رَوْحِ بْنِ زِنْبَاعٍ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، وَهُوَ اَمِيرٌ عَلَى بَيْتِ الْمَقْدِسِ، وَهُوَ يُنَقِّي لِفَرَسِهِ شَعِيرًا، فَقُلْتُ: اَيُّهَا الْاَمِيرُ، اَمَا كَانَ لَكَ مَنْ يَكْفِيكَ هَذَا؟ فَقَالَ: اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ نَقَّى لِفَرَسِهِ شَعِيرًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، ثُمَّ قَامَ بِهِ حَتَّى يُعْلِفَهُ عَلَيْهِ، كَتَبَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ بِكُلِّ شَعِيرَةٍ حَسَنَةً

بیت المقدس کے امیر تھے' اور وہ اپنے گھوڑے کے لیے دانہ صاف کر رہے تھے' میں نے عرض کی: اے امیر! کیا آپ کے پاس کوئی اس کام کے لیے کافی نہیں ہے؟ (کہ آپ بادشاہ ہیں) آپ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جو اللہ کی راہ میں اپنے گھوڑے کے لیے دانہ صاف کرتا ہے' پھر اس کو لے کر کھڑا ہوتا ہے یہاں تک کہ اس کو چرا لیتا ہے تو اللہ عزوجل اس کے لیے ہر جَو کے بدلے ایک نیکی لکھ دیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا ابْنُ شَوْذَبٍ، وَلَا عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ اِلَّا عَطَاءٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدٌ

یہ حدیث ابراہیم سے صرف ابن شوذب ہی روایت کرتے ہیں اور ابن شوذب سے صرف عطاء ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبید اکیلے ہیں۔

1134 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عُبَيْدٌ قَالَ: نَا عَطَاءٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ قَالَ: قَدِمَ عُمَرُ الْجَابِيَةَ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: احْفَظُونِي فِي اَصْحَابِي، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ

حضرت ابوصالح رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جابیہ آئے تو فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: میرے اصحاب کے متعلق میری حفاظت کرنا (مقصد یہ کہ اچھا عقیدہ رکھنا) پھر ان سے جو اُن سے ملے ہوں' پھر ان سے جو اُن سے ملے ہوں (اُن کا بھی خاص خیال رکھنا)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدٍ اِلَّا عَطَاءٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدٌ

یہ حدیث محمد سے صرف عطاء ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبید اکیلے ہیں۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ جُرَيْجٍ

یہ حدیث عبداللہ بن سرجس سے صرف اسی اسناد سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں جریج اکیلے ہیں۔

1691 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: اَنَا حُسَيْنُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ: اَنَا مُبَشِّرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ حُسَيْنٍ، عَنْ يَعْلَى بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ، وَاَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ كَانُوا مُهَاجِرِينَ لِاَنَّهُمْ هَجَرُوا الْمُشْرِكِينَ، وَكَانَ مِنَ الْاَنْصَارِ مُهَاجِرُونَ، لِاَنَّ الْمَدِينَةَ كَانَتْ دَارَ شِرْكٍ، فَجَائُوا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْعَقَبَةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرات ابوبکر عمر رضی اللہ عنہما اور اصحاب مہاجرین تھے کیونکہ انہوں نے مشرکوں سے ہجرت کی تھی اور انصار میں بھی مہاجرین تھے کیونکہ مدینہ منورہ مشرک کا گھر تھا' وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف لیلۃ العقبہ میں آئے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَعْلَى اِلَّا سُفْيَانُ، وَلَا عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا مُبَشِّرٌ

یہ حدیث یعلیٰ سے صرف سفیان اور سفیان سے صرف مبشر ہی روایت کرتے ہیں۔

1692 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: اَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ قَالَ: اَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كُنَّا نَقُولُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَعُثْمَانُ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں حضرات ابوبکر وعمر و عثمان کہتے تھے۔

1691- أخرجه النسائی: البيعة جلد7صفحه130 (باب تفسير الهجرة) .

1692- أخرجه البخاری: فضائل الصحابة جلد7صفحه66 رقم الحديث: 3697' وأبو داؤد: السنة جلد4صفحه205 رقم الحديث: 4628 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَوْرٍ إِلَّا الْوَلِيدُ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْحَاقُ

یہ حدیث ثور سے صرف ولید ہی بیان کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اسحاق اکیلے ہیں۔

1693 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: نَا أَبُو يَزِيدَ عَمْرُو بْنُ يَزِيدَ الْجَرْمِيُّ قَالَ: نَا سَيْفُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ، وَكَانَ ثِقَةً عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْعَيَّارِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الدِّمَشْقِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، هَلْ نَرَى رَبَّنَا عَزَّ وَجَلَّ؟ قَالَ: هَلْ تَرَوْنَ الشَّمْسَ فِي يَوْمٍ لَّا غَيْمَ فِيهِ؟ قُلْنَا: نَعَمْ، وَتَرَوْنَ الْقَمَرَ فِي لَيْلَةٍ لَّا غَيْمَ فِيهَا؟ قُلْنَا: نَعَمْ قَالَ: فَإِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ عَزَّ وَجَلَّ حَتَّى إِنَّ أَحَدَكُمْ لَيُخَاصِرُ رَبَّهُ مُخَاصَرَةً، يَقُولُ: عَبْدِي، تَذْكُرُ ذَنْبَ كَذَا وَكَذَا ـ فَيَقُولُ: رَبِّ أَلَمْ تَغْفِرْ لِي؟ فَيَقُولُ: بِمَغْفِرَتِي صِرْتَ إِلَى هَذَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم اپنے ربِ عزوجل کو دیکھیں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم سورج کو نہیں دیکھتے ہو جب آسمان میں بادل وغیرہ نہ ہوں؟ ہم نے عرض کی: جی ہاں! اور تم چاند کو نہیں دیکھتے جس رات آسمان میں بادل وغیرہ نہ ہوں؟ ہم نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: اسی طرح عنقریب تم اپنے رب عزوجل کو دیکھو گے یہاں تک کہ تم اپنے رب کے ہاں حاضر ہو گے' اللہ عزوجل اس کو فرمائے گا: میرے بندے! تجھے فلاں فلاں گناہ یاد ہے؟ تو وہ بندہ عرض کرے گا: اے میرے رب! کیا تو مجھے معاف نہیں کرے گا! اللہ عزوجل فرمائے گا: میری بخشش اس جگہ تک وسیع ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا سَعِيدٌ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ إِلَّا سَلَمَةُ، وَلَا عَنْ سَلَمَةَ إِلَّا سَيْفٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو يَزِيدَ

یہ حدیث زہری سے سعید اور سعید سے صرف سلمہ اور سلمہ سے صرف سیف ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابویزید اکیلے ہیں۔

1694 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: أَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ قَالَ: نَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَدْخُلِ الْحَمَّامَ إِلَّا بِمِئْزَرٍ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ حمام میں تہبند پہن کر داخل ہو' اور جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنی حلیلۃ (بیوی) سے حمام میں دخول نہ کرے' اور جو اللہ اور

1693- انظر: الدر المنثور جلد6صفحه291 .

1694- أخرجه الترمذي: الأدب جلد 4صفحه113 رقم الحديث: 2801' وأحمد: المسند جلد 3صفحه416 رقم الحديث:14663 .

وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلا يُدْخِلْ حَلِيلَتَهُ الْحَمَّامَ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلا يَجْلِسَنَّ عَلَى مَائِدَةٍ يُّدَارُ عَلَيْهَا الْخَمْرُ

آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ اس دسترخوان پر نہ بیٹھے جس میں شراب چلتی ہو۔

يُقَالُ: اِنَّ عَطَاءً الَّذِي رَوَى عَنْهُ هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ هٰذَا الْحَدِيثَ هُوَ عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ. وَلَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْهُ اِلَّا هِشَامٌ، وَلَا عَنْ هِشَامٍ اِلَّا ابْنُهُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ

کہا جاتا ہے: یہ عطاء جن سے یہ حدیث ہشام الدستوائی روایت کرتے ہیں' یہ عطاء بن سائب ہیں۔ یہ حدیث صرف ہشام اور ہشام سے اُن کے بیٹے ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اسحاق اکیلے ہیں۔

1695 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: بَيْنَا اَنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْخَمِيلَةِ، اِذْ حِضْتُ، فَانْسَلَلْتُ آخُذُ ثِيَابَ حَيْضَتِي، فَضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: اَنُفِسْتِ قُلْتُ: نَعَمْ قَالَتْ: وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ وَهُوَ صَائِمٌ، وَيَغْتَسِلَانِ مِنْ اِنَاءٍ وَّاحِدٍ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں بستر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھی کہ اچانک مجھے حیض آنا شروع ہوگیا' پس میں کھسکی' میں نے اپنے حیض کے لیے کپڑا پکڑا تو رسول اللہ ﷺ مسکرائے اور فرمایا: کیا حیض والی ہوگئی ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! اور نبی کریم ﷺ روزے کی حالت میں بوسہ لے لیتے تھے اور دونوں ایک ہی برتن (کے پانی) سے غسل کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عُمَرُ، وَلَا عَنْ عُمَرَ اِلَّا سَالِمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: قُتَيْبَةُ

یہ حدیث قتادہ سے صرف عمر اور عمر سے صرف سالم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں قتیبہ اکیلے ہیں۔

1696 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ: نَا اَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت ابن خلاد فرماتے ہیں کہ اُن کے والد نے نبی کریم ﷺ کو فرماتے سنا: جب تم میں سے کوئی قضاء

1695- أخرجه البخاري: الصوم جلد 4 صفحه 180 رقم الحديث: 1929' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 333 رقم الحديث: 26622.

1696- انظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 214.

يَحْيَى الْكِنَانِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ ابْنِ اَخِي ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي ابْنُ خَلَّادٍ، اَنَّ اَبَاهُ، سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا تَغَوَّطَ اَحَدُكُمْ فَلْيَتَمَسَّحْ ثَلَاثَ مِرَارٍ

حاجت کرے تو اس جگہ کو تین مرتبہ صاف کرے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا ابْنُ اَخِيهِ، وَلَا عَنِ ابْنِ اَخِي الزُّهْرِيِّ اِلَّا اَبُو غَسَّانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى النَّيْسَابُورِيُّ

یہ حدیث زہری سے صرف ان کے بھتیجے اور زہری کے بھتیجے سے صرف ابوغسان ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں محمد بن یحییٰ نیشاپوری اکیلے ہیں۔

1697 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حَرْبٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ يَزِيدَ النَّحْوِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ سَرِيَّةً، فَغَنِمُوا، وَفِيهِمْ رَجُلٌ، فَقَالَ: اِنِّي لَسْتُ مِنْهُمْ، عَشِقْتُ امْرَاَةً، فَلَحِقْتُهَا، فَدَعُونِي اَنْظُرْ اِلَيْهَا نَظْرَةً، ثُمَّ اصْنَعُوا بِي مَا بَدَا لَكُمْ، فَنَظَرُوا، فَاِذَا امْرَاَةٌ طَوِيلَةٌ اَدْمَاءُ، فَقَالَ لَهَا: اَسْلِمِي حُبَيْشُ قَبْلَ نَفَادِ الْعَيْشِ .

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک سریہ بھیجا' انہیں مالِ غنیمت ملا' اور اُن میں سے ایک آدمی تھا' اس نے کہا: میں ان سے نہیں ہوں' میں ایک عورت کا عاشق ہوں' میں اس سے ملا' اس نے مجھے چھوڑ دیا' میں اس کی طرف دیکھنے لگا' پھر انہوں نے کہا: میرے ساتھ وہ کچھ کیا جو اُن کے لیے ظاہر ہوا تو وہ ایک لمبی اور کالی عورت تھی' اس کو کہا: اے حبشی عورت! اسلام قبول کر لے زندگی ختم ہونے سے پہلے۔

(البحر الطويل)

اَرَاَيْتِ لَوِ اتَّبَعْتُكُمْ فَلَحِقْتُكُمْ . . . بِحَلْبَةٍ اَوْ اَلْفَيْتُكُمْ بِالْخَوَانِقِ

اَمَا كَانَ حَقًّا اَنْ يُنَوَّلَ عَاشِقٌ . . . تَكَلَّفَ اِدْلَاجَ السُّرَى وَالْوَدَائِقِ

''کیا تُو بتائے گی اگر میں تمہاری اتباع کروں حلبہ کے ساتھ یا تم کو ڈال دوں خوانق میں۔ کیا عاشق کا عطیہ دینا حق ہے' تیر چلنے اور سخت محبت کا تکلف اُٹھانا۔

قَالَتْ: نَعَمْ، فَدَيْتُكَ، فَقَدَّمُوهُ، فَضَرَبُوا عُنُقَهُ، فَجَاءَتِ الْمَرْاَةُ، فَوَقَفَتْ عَلَيْهِ، فَشَهِقَتْ شَهْقَةً اَوْ

اُس عورت نے کہا: ہاں! میں تمہارا فدیہ دیتی ہوں' پس انہوں نے اُس شخص کو آگے کیا اور اس کی گردن اُڑا

1697- اخرجه الطبرانی فی الکبير جلد **11** صفحه **369** رقم الحديث: **12037** . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: **21216** .

شَهْقَتَيْنِ، ثُمَّ مَاتَتْ، فَلَمَّا قَدِمُوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرُوهُ ذٰلِكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا كَانَ فِيكُمْ رَجُلٌ رَحِيمٌ؟ .

دی۔ پس وہ عورت آئی' اُس پر کھڑی ہوئی' اُس نے ایک یا دو سسکیاں لیں پھر وہ عورت مرگئی۔ جب یہ لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم میں کوئی رحم کرنے والا آدمی نہیں تھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حَرْبٍ

یہ حدیث حضرت ابن عباس سے صرف اسی اسناد سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں محمد بن علی بن حرب اکیلے ہیں۔

1698 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: اَنَا عَمْرُو بْنُ قُتَيْبَةَ قَالَ: نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ: حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كُنْتُ شَابًّا عَزَبًا، وَكُنْتُ اَبِيتُ فِي الْمَسْجِدِ، وَكَانَ الرَّجُلُ مِنْهُمْ اِذَا رَاَى الرُّؤْيَا اَتَى بِهَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْبُرُهَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نوجوان تھا' میں رات مسجد میں ہی گزارتا تھا تو ان میں سے کوئی آدمی جب کوئی خواب دیکھتا تو وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آ کر بیان کرتا' آپ اس کی تعبیر بتاتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا الْوَلِيدُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرٌو

یہ حدیث سعید سے صرف ولید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عمرو اکیلے ہیں۔

1699 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَذْرَمِيُّ قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ يَزِيدَ الْجَرْمِيُّ قَالَ: نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا تَبِعَ اَحَدُكُمْ جِنَازَةً فَلَا يَجْلِسْ حَتَّى تُوضَعَ بِالْاَرْضِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی جنازہ کے ساتھ چلے تو وہ میت کو زمین پر رکھنے سے پہلے نہ بیٹھے۔

1698- أخرجه البخاري: التعبير جلد 12 صفحه 437 رقم الحديث: 7030' ومسلم: فضائل الصحابة جلد 4 صفحه 1927 .

1699- أخرجه البيهقي في الكبرى جلد 4 صفحه 41 رقم الحديث: 6876' أخرجه النسائي: الجنائز جلد 4 صفحه 36 (باب الأمر ب القيام للجنازة) .

لَمْ يَرْوِ هَـذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا الْقَاسِمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْاَذْرَمِيُّ

یہ حدیث سفیان سے صرف قاسم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں الاذرمی اکیلے ہیں۔

1700 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: اَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ: نَا الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ جَبَلَةَ بْنِ سُحَيْمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ جَرَّ ثِيَابَهُ مِنَ الْخُيَلَاءِ لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو تکبر سے اپنا کپڑا لٹکاتا ہے' اللہ عزوجل قیامت کے دن اس کی طرف نظر رحمت نہیں فرمائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَـذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا الْاَشْجَعِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث سفیان سے صرف اشجعی ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابراہیم اکیلے ہیں۔

1701 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهُوَيْهِ قَالَ: اَنَا اَبُو قُرَّةَ مُوسَى بْنُ طَارِقٍ قَالَ: سَمِعْتُ مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، يَذْكُرُ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، يُذْكَرُ اَنَّهُ سَاَلَ عَائِشَةَ عَنِ الْقُبْلَةِ لِلصَّائِمِ؟ فَقَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ وَهُوَ صَائِمٌ ، ثُمَّ ضَحِكَتْ

حضرت عروہ بن زبیر روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روزہ کی حالت میں بوسہ لینے کے متعلق پوچھا تو آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ روزے کی حالت میں بوسہ لیتے تھے' پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مسکرا پڑیں۔

لَمْ يَرْوِ هَـذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى إِلَّا اَبُو قُرَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ

یہ حدیث موسیٰ سے صرف ابوقرہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں اسحاق اکیلے ہیں۔

1702 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: اَنَا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهُوَيْهِ قَالَ: اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا

حضرت ابوالاحوص رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا تو

1700- أخرجه البخاری: اللباس جلد10صفحه269 رقم الحديث: 5791' ومسلم: اللباس جلد3صفحه1652 .

1701- أخرجه البخاری: الصوم جلد4صفحه180 رقم الحديث: 1928' ومسلم: الصيام جلد 2صفحه776 رقم الحديث: 1106 .

1702- أخرجه أبو داؤد: اللباس جلد 4صفحه50 رقم الحديث: 4063' والنسائی: الزينة جلد 8صفحه173 (باب كر ما يستحب منلبس ثياب' وما يكره منها)' وأحمد: المسند جلد 3صفحه575 رقم الحديث: 15894' والطبرانی فی الكبير جلد19صفحه276 رقم الحديث: 607-613 .

إِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ اَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَآنِي سَيِّءَ الْهَيْئَةِ، فَقَالَ: هَلْ لَكَ مِنْ مَالٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، كُلُّ الْمَالِ قَدْ آتَانِي اللّٰهُ، فَقَالَ: إِذَا كَانَ لَكَ مَالٌ فَلْيُرَ عَلَيْكَ

آپ نے مجھے خستہ حال پایا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تیرے پاس مال نہیں ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! اللہ تعالیٰ نے مجھے ہر قسم کا مال عطا کیا ہے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ نے تجھے مال دیا ہے تو اس کا اثر تجھ پر دیکھا جانا چاہیے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمُزَنِيُّ الْوَاسِطِيَّانِ

یہ حدیث اسماعیل سے صرف محمد بن یزید اور محمد بن حسن المزنی الواسطیان ہی روایت کرتے ہیں۔

1703 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: اَنَا إِسْحَاقُ بْنُ رَاهُوَيْهِ قَالَ: اَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ سَائِلٌ كُلَّ رَاعٍ عَمَّا اسْتَرْعَاهُ، حَفِظَ ذَلِكَ اَمْ ضَيَّعَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل ہر ایک سے اس کے ماتحتوں کے متعلق پوچھے گا کہ کیا اُس نے اس کا حق ادا کیا یا ضائع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا هِشَامٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُعَاذٌ

یہ حدیث قتادہ سے صرف ہشام ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں معاذ اکیلے ہیں۔

1704 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: اَنَا الْحَسَنُ بْنُ قَزَعَةَ قَالَ: نَا حُمَيْدُ بْنُ الْاَسْوَدِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْحَجُّ الْمَبْرُورُ لَيْسَ لَهُ جَزَاءٌ إِلَّا الْجَنَّةُ، وَالْعُمْرَةُ إِلَى الْعُمْرَةِ كَفَّارَةٌ لِمَا بَيْنَهُمَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: حج مبرور کی جزا صرف جنت ہے' اور ایک عمرہ سے دوسرے عمرہ تک کے درمیان گناہوں کا کفارہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ إِلَّا حُمَيْدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَسَنُ

یہ حدیث اسماعیل سے صرف حمید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں حسن اکیلے ہیں۔

1703- أخرجه ابن حبان في موارد الظمآن رقم الحديث: **1562**' والمنذري في الترغيب والترهيب جلد **3** صفحه **65** رقم الحديث: **20** . انظر: الدر المنثور جلد **3** صفحه **69** .

1704- أخرجه البخاري: العمرة جلد **3** صفحه **698** رقم الحديث: **1773**' ومسلم: الحج جلد **2** صفحه **983** .

1705 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: اَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ قَالَ: نَا شُرَيْحُ بْنُ مَسْلَمَةَ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ بْنِ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ الْقَيْلِ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَرَبَ بِيَمِينِهِ عَلَى شِمَالِهِ فِي الصَّلَاةِ

حضرت وائل بن حجر القیل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے نماز کی حالت میں دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر رکھا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا يُوسُفُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، وَلَا عَنْ يُوسُفَ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ، تَفَرَّدَ بِهِ: شُرَيْحٌ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف یوسف بن ابی اسحاق اور یوسف سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں شریح اکیلے ہیں۔

1706 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَقِيلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي جَدِّي عُبَيْدُ بْنُ عَقِيلٍ قَالَ: نَا مُصْعَبُ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَارِقٍ فَقَالَ: اقْتُلُوهُ ـ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّمَا سَرَقَ قَالَ: اقْطَعُوهُ، فَقَطَعَ، ثُمَّ جِيءَ بِهِ الثَّانِيَةَ، فَقَالَ: اقْتُلُوهُ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّمَا سَرَقَ قَالَ: اقْطَعُوهُ ثُمَّ جِيءَ بِهِ الثَّالِثَةَ، فَقَالَ: اقْتُلُوهُ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّمَا سَرَقَ قَالَ: اقْطَعُوهُ ثُمَّ اُتِيَ بِهِ الرَّابِعَةَ، فَقَالَ: اقْتُلُوهُ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّمَا سَرَقَ قَالَ: اقْطَعُوهُ، ثُمَّ اُتِيَ بِهِ الْخَامِسَةَ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کے پاس چور لایا گیا' آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو قتل کرو' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اس نے چوری کی ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: اس کا ہاتھ کاٹ دو' تو اس کا ہاتھ کاٹا گیا پھر اسے دوبارہ لایا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو قتل کرو! صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اس نے چوری کی ہے' آپ ﷺ نے اس کا ہاتھ کاٹو۔ پھر تیسری مرتبہ لایا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو قتل کرو! صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اس نے چوری ہی کی ہے' تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس کا ہاتھ کاٹ دو۔ پھر اسے چوتھی مرتبہ لایا گیا تو آپ ﷺ نے

1705- أخرجه مسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 301' والنسائي: الافتتاح جلد 2 صفحه 97 (باب وضع اليمين من الشمال في الصلاة) .

1706- أخرجه أبو داؤد: الحدود جلد 4 صفحه 140 رقم الحديث: 4410' والنسائي: السارق جلد 8 صفحه 83 (باب قطع اليدين والرجلين من السارق) .

فَقَالَ: اقْتُلُوهُ قَالَ جَابِرٌ: فَانْطَلَقْنَا بِهِ إِلَى مِرْبَدِ النَّعَمِ، ثُمَّ حَمَلْنَا عَلَيْهِ، فَاسْتَلْقَى عَلَى ظَهْرِهِ، فَرَمَيْنَاهُ بِالْحِجَارَةِ، فَقَتَلْنَاهُ، ثُمَّ أَلْقَيْنَاهُ فِي بِئْرٍ، ثُمَّ رَمَيْنَا عَلَيْهِ الْحِجَارَةَ

فرمایا: اس کوقتل کرو! صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اس نے چوری ہی کی ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس کا ہاتھ کاٹ دو۔ پھر پانچویں مرتبہ لایا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس کوقتل کرو۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم اس کو لے کر بکریوں کے ریوڑ میں آئے' پھر ہم نے اس پر حملہ کیا اور اس نے اپنی پشت آگے کر دی' ہم نے اس کو پتھر مارے اور ہم نے اسے قتل کر دیا' پھر ہم نے اسے کنوئیں میں ڈال دیا' پھر ہم نے اس پر پتھر پھینکے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ إِلَّا مُصْعَبٌ

یہ حدیث محمد بن منکدر سے صرف مصعب ہی روایت کرتے ہیں۔

1707 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: أَنَا إِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ قَالَ: أَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْقَزِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: هَذَا الَّذِي تَحَرَّكَ لَهُ الْعَرْشُ، وَفُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ السَّمَاءِ، وَشَهِدَهُ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ، لَقَدْ ضُمَّ ضَمَّةً، ثُمَّ فُرِّجَ عَنْهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ وہ وقت ہے جس کے لیے عرش حرکت کرتا ہے' اور اس کے لیے آسمان کے دروازے کھول دیئے گئے ہیں' اس کے جنازہ میں ستر ہزار فرشتے حاضر ہیں' اس کو (زمین نے) دبوچا پھر چھوڑ دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ إِلَّا ابْنُ إِدْرِيسَ

یہ حدیث عبیداللہ سے صرف ادریس ہی روایت کرتے ہیں۔

1708 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ قَالَ: أَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ: أَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: لَمْ يَكُنْ شَيْءٌ بَعْدَ النِّسَاءِ أَحَبَّ إِلَى

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو عورتوں کے بعد سب سے زیادہ محبت گھوڑوں سے تھی۔

1707- أخرجه النسائي: الجنائز جلد4صفحه82 .

1708- أخرجه النسائي: الخيل جلد6صفحه181 (باب حب الخيل) .

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْخَيْلِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث سعید سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں۔

1709 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ: رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُذِنَ لِي اَنْ اُحَدِّثَ عَنْ مَلَكٍ مِّنَ الْمَلَائِكَةِ مِنْ حَمَلَةِ الْعَرْشِ، مَا بَيْنَ شَحْمَةِ اُذُنِهِ اِلَى عَاتِقِهِ مَسِيرَةُ اَرْبَعِ مِائَةِ عَامٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے اجازت دی گئی ہے کہ میں ان فرشتوں کے متعلق بتاؤں جو عرش اُٹھائے ہوئے ہیں' ان کے دونوں کانوں کے درمیان کا فاصلہ گردن تک چار سو میل چلنے کی مقدار ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى اِلَّا اِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث موسیٰ سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں۔

1710 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ الْاَعْرَجُ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: اِنَّمَا سَمَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْيُنَ اُولَئِكَ الْعُرَنِيِّينَ؛ لِاَنَّهُمْ سَمَلُوا اَعْيُنَ الرِّعَاءِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قبیلہ عرنیین کے لوگوں کی آنکھوں میں گرم سلائیں پھروائی تھیں کیونکہ انہوں نے آپ کے چرواہوں کی آنکھوں میں گرم سلائیں پھیری تھیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ اِلَّا يَزِيدُ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى

یہ حدیث سلیمان سے صرف یزید ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یحییٰ اکیلے ہیں۔

1711 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ

1709- أخرجه أبو داؤد: السنة جلد4صفحه232 .انظر: الدر المنثور جلد5صفحه346 .

1710- أخرجه مسلم: القسامة جلد3صفحه1298' والنسائي: التحريم جلد7صفحه93-90 (باب ذكر اختلاف طلحة بن مصرف ومعاوية بن صالح على يحيى بن سعيد في هذا الحديث) .

1711- أخرجه النسائي: الأشربة جلد 8صفحه274 (باب النهي عن نبيذ الدباء والحنتم والمزفت)' وابن ماجة: الأشربة جلد2صفحه1128 رقم الحديث: 3408' وأحمد: المسند جلد2صفحه708 رقم الحديث: 10977 .

عَلِيّ بْنِ حَرْبٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ يَزِيدَ النَّحْوِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مٹکے کی نبیذ سے منع فرمایا۔

1712 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ: نَا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ قَالَ: نَا دَاوُدُ بْنُ نُصَيْرٍ الطَّائِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، رَفَعَ الْحَدِيثَ قَالَ: لَا حَسَدَ اِلَّا فِي اثْنَتَيْنِ: رَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ مَالًا، فَسَلَّطَهُ عَلَى هَلَكَتِهِ فِي الْحَقِّ، وَرَجُلٌ آتَاهُ اللّٰهُ حِكْمَةً، فَهُوَ يَعْمَلُ بِهَا وَيُعَلِّمُهَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ مرفوعاً حدیث بیان کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حسد (رشک) صرف دو آدمیوں پر جائز ہے' ایک وہ آدمی جس کو اللہ عزوجل نے مال دیا ہے اور وہ اس کو اللہ کی راہ میں خرچ کرتا ہے' اور ایک وہ آدمی جس کو اللہ عزوجل نے علم دیا ہے اور وہ اس پر عمل بھی کرتا ہے اور لوگوں کو سکھاتا بھی ہے۔

1713 - وَبِهِ: عَنْ دَاوُدَ الطَّائِيِّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَا يَرْحَمِ النَّاسَ لَا يَرْحَمُهُ اللّٰهُ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا' اللہ اس پر رحم نہیں کرتا ہے۔

1714 - وَعَنْ دَاوُدَ الطَّائِيِّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْمَعْرُورِ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: السَّيِّئَةُ وَاحِدَةٌ اَوْ اَغْفِرُ، وَالْحَسَنَةُ عَشْرٌ اَوْ اَزِيدُ. وَمَنْ جَائَنِي بِقُرَابِ الْاَرْضِ خَطِيئَةً لَيْسَ يُشْرِكُ بِي شَيْئًا، جَعَلْتُهَا لَهُ مَغْفِرَةً، وَمَنْ دَنَا مِنِّي شِبْرًا دَنَوْتُ مِنْهُ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے: ایک گناہ کرنے پر ایک گناہ ہے یا میں اس کو معاف کر دوں گا' لیکن ایک نیکی دس نیکیوں کے برابر ہے یا اس میں بھی اضافہ کر دوں گا' اور جو میرے پاس اس حالت میں آئے کہ اس کے گناہوں سے زمین بھری ہوئی ہو بشرطیکہ

1712- أخرجه البخاري: العلم جلد**1**صفحه**199** رقم الحديث: **73**' ومسلم: المسافرين جلد**1**صفحه**559** .

1713- أخرجه البخاري: التوحيد جلد**13**صفحه**370** رقم الحديث: **7376**' ومسلم: الفضائل جلد**4**صفحه**1809** .

1714- أخرجه مسلم: الذكر والدعاء جلد **4**صفحه**2068**' وابن ماجه: الأدب جلد **2**صفحه**1255** رقم الحديث: **3821** .

ذِرَاعًا، وَمَنْ دَنَا مِنِّي ذِرَاعًا دَنَوْتُ مِنْهُ بَاعًا، وَمَنْ أَتَانِي يَمْشِي أَتَيْتُهُ هَرْوَلَةً

اس نے میرے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا ہو تو میں اس کے گناہوں کو معاف کر دوں گا' اور جو میرے قریب ایک بالشت آتا ہے تو میری رحمت ایک ہاتھ اس کے قریب آتی ہے' اور جو ایک ہاتھ میرے قریب آتا ہے تو میری رحمت دو ہاتھ اس کے قریب ہوتی ہے اور جو میرے پاس چل کر آتا ہے تو میری رحمت دوڑ کر اس کے قریب آتی ہے۔

1715 - وَبِهِ: عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ: انْتَهَيْتُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُولُ: هُمُ الْأَخْسَرُونَ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ . قُلْتُ: مَنْ أُولَئِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الْأَكْثَرُونَ أَمْوَالًا، إِلَّا مَنْ قَالَ بِالْمَالِ هَكَذَا، وَهَكَذَا، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَا يَمُوتُ رَجُلٌ فَيَتْرُكُ إِبِلًا أَوْ بَقَرًا أَوْ غَنَمًا لَمْ يُؤَدِّ زَكَاتَهَا، إِلَّا جَاءَتْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَعْظَمَ مَا تَكُونُ وَأَسْمَنَهُ، تَنْتَطِحُهُ بِقُرُونِهَا، وَتَطَؤُهُ بِأَخْفَافِهَا، كُلَّمَا ذَهَبَتْ أُخْرَاهَا رَجَعَتْ أُولَاهَا، حَتَّى يُقْضَى بَيْنَ النَّاسِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم ﷺ کے پاس پہنچا' آپ فرما رہے تھے: رب کعبہ کی قسم! وہ لوگ نقصان میں ہیں۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کون لوگ ہیں؟ آپ نے فرمایا: زیادہ مال والے' ہاں! وہ زیادہ مال والے نقصان میں نہیں جو اس طرح اس طرح اللہ کی راہ میں خرچ کریں' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! کوئی آدمی اس حالت میں نہ مرے کہ وہ بکریاں' اونٹ یا گائے چھوڑ جائے اور وہ اُن کی زکوٰۃ نہیں دیتا ہو تو وہ جانور قیامت کے دن دنیا کے جانوروں سے بڑے اور موٹے تازے ہوں گے اور اپنے سینگوں اور دانتوں کے ساتھ اور اپنے پاؤں کے اپنے مالک کو روندیں گے' جب ان کا آخری جانور جائے گا تو پہلا پھر لوٹ آئے گا (اس کے روندنے کے لیے) یہاں تک کہ لوگوں کے درمیان فیصلہ کر دیا جائے گا۔

1716 - وَبِهِ: عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ

حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

1715- أخرجه البخاري: الأيمان والنذور جلد 11 صفحه 533 رقم الحديث: 6638' ومسلم: الزكاة جلد 2 صفحه 686 .

1716- أخرجه مسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 323' والنسائي: الامامة جلد 2 صفحه 68 (باب من يلي الامام ثم الذي يليه)'

عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي مَعْمَرٍ، عَنْ اَبِي مَسْعُودٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْمَحُ مَنَاكِبَنَا وَيَقُولُ: اسْتَوُوا، وَلَا تَخْتَلِفُوا، فَتَخْتَلِفَ قُلُوبُكُمْ، لِيَلِيَنِّي مِنْكُمْ اُولُو الْاَحْلَامِ وَالنُّهَى، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ

اللہ ﷺ ہمارے کندھوں کو سیدھا کرتے اور فرماتے: سیدھے رہو' اختلاف نہ کرو ورنہ تمہارے دل مختلف ہو جائیں گے' میرے قریب عاقل اور بالغ کھڑے ہوں' پھر اس کے بعد وہ جو اُن سے ملے ہوئے ہوں' پھر اُن کے بعد وہ اُن سے ملے ہوئے ہوں۔

1717 - وَبِهِ: عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ: نَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوقُ: اِنَّ خَلْقَ اَحَدِكُمْ يُجْمَعُ فِي بَطْنِ اُمِّهِ اَرْبَعِينَ لَيْلَةً، ثُمَّ يَكُونُ عَلَقَةً مِّثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ يَكُونُ مُضْغَةً مِّثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ يَاْتِيهِ الْمَلَكُ، فَيَقُولُ: رَبِّ اَذَكَرٌ اَمْ اُنْثَى؟ اَشَقِيٌّ اَمْ سَعِيدٌ؟ وَمَا الرِّزْقُ؟ وَمَا الْاَجَلُ؟ فَيَقْضِي رَبُّكَ، وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ

حضرت عبداللہ (بن مسعود) رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے بتایا جو صادق المصدوق ہیں کہ تم میں سے ہر کوئی اپنی ماں کے پیٹ میں چالیس راتیں خون کی شکل میں موجود رہتا ہے' پھر وہ اسی طرح لوتھڑا بن جاتا ہے' پھر اسی طرح مضغہ بن جاتا ہے' پھر فرشتہ اس کے پاس آتا ہے اور عرض کرتا ہے: اے رب! مذکر یا مؤنث؟ بدبخت یا نیک بخت؟ اس کا رزق کیا ہے؟ اس کی زندگی کتنی ہے؟ سو تیرا رب فیصلہ کرتا ہے اور فرشتہ لکھتا ہے۔

1718 - وَبِهِ: عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ حُذَيْفَةَ فِي الْمَسْجِدِ، فَدَخَلَ رَجُلٌ مِّنْ اَبْوَابِ كِنْدَةَ، فَجَعَلَ يُصَلِّي صَلَاةً لَّا يُتِمُّ رُكُوعَهَا وَسُجُودَهَا، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: مُنْذُ كَمْ صَلَّيْتَ هٰذِهِ الصَّلَاةَ؟ فَقَالَ: مُنْذُ اَرْبَعِينَ سَنَةً ـ فَقَالَ: مَا صَلَّيْتَ مُنْذُ اَرْبَعِينَ سَنَةً، وَلَوْ مِتَّ لَمِتَّ عَلَى غَيْرِ فِطْرَةِ اَبِي

حضرت زید بن وہب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ پاس تھے کہ مسجد میں کندہ کے دروازوں سے ایک آدمی داخل ہوا اور نماز پڑھنے لگا' لیکن وہ رکوع اور سجدہ مکمل نہیں کر رہا تھا' حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم یہ نماز کتنی مدت سے پڑھ رہے ہو؟ وہ عرض کرنے لگا: چالیس سال سے' حضرت حذیفہ رضی اللہ

وابن ماجه: الاقامة جلد 1 صفحه 312 رقم الحديث: 976' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 150 رقم الحديث: 17106 .

1717- أخرجه البخاري: التوحيد جلد 13 صفحه 449 رقم الحديث: 7454' ومسلم: القدر جلد 4 صفحه 2036 .

1718- أخرجه البخاري: الأذان جلد 2 صفحه 321 رقم الحديث: 791' والنسائي: السهو جلد 3 صفحه 49 (باب تطفيف الصلاة)' وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 448-449 رقم الحديث: 23320 .

الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عنہ نے فرمایا: تُو نے چالیس سال سے صحیح نماز نہیں پڑھی ہے' اگر تُو اسی حالت میں مر جاتا تو ابوالقاسم ﷺ کے دین پر نہ مرتا۔

1719 - وَبِهِ: عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ قَالَ: جَاءَ عُمَرُ اِلَى الْحَجَرِ فَاسْتَلَمَهُ وَقَالَ: اِنِّى لَاَعْلَمُ اَنَّكَ حَجَرٌ، وَلَوْلَا اَنِّى رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُكَ مَا قَبَّلْتُكَ

حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حجر اسود کے پاس تشریف لائے اور فرمایا: میں جانتا ہوں کہ تُو پتھر ہے' اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کو تجھے بوسہ دیتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا تو میں کبھی بھی تیرا بوسہ نہ لیتا۔

1720 - وَعَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ جَرِيرٍ، اَنَّهُ رَاَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو وضو میں موزوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا۔

1721 - وَعَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ ذُكِرَ لِاَبِى ذَرٍّ الْمُتْعَةَ، فَقَالَ: اِنَّمَا كَانَتْ لَنَا رُخْصَةً اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابراہیم التیمی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے متعہ کا ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا: حضرت محمد ﷺ کے اصحاب' ہمیں (اس متعہ کی) رخصت دیتے تھے۔

1722 - وَعَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتَابِ: يَا اَبَا الْقَاسِمِ، تَزْعُمُ اَنَّ اَهْلَ الْجَنَّةِ يَاْكُلُونَ وَيَشْرَبُونَ . فَقَالَ: اَجَلْ، وَالَّذِى نَفْسِى بِيَدِهِ اِنَّ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اہل کتاب میں سے ایک آدمی آیا اور اس نے عرض کی: اے ابوالقاسم! آپ خیال کرتے ہیں کہ اہل جنت کھائیں اور پئیں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: بالکل (کھائیں پئیں

1719- أخرجه البخاري: الحج جلد3صفحه540 رقم الحديث:1597' ومسلم: الحج جلد2صفحه925 .

1720- أخرجه البخاري: الصلاة جلد1صفحه589 رقم الحديث:387' ومسلم: الطهارة جلد1صفحه227-228 .

1721- أخرجه مسلم: الحج جلد2صفحه897 .

1722- أخرجه الدارمي: الرقاق جلد 2صفحه431 رقم الحديث:2825' وأحمد: المسند جلد 4صفحه449 رقم الحديث:19291 .

اَحَدَهُمْ لَيُعْطَى قُوَّةَ مِائَةِ رَجُلٍ فِي الْاَكْلِ، وَالشُّرْبِ، وَالْجِمَاعِ، وَالشَّهْوَةِ قَالَ: الَّذِي يَاْكُلُ يَكُونُ لَهُ الْحَاجَةُ؟ فَقَالَ: حَاجَةُ اَحَدِهِمْ عِرْقٌ يَّخْرُجُ كَرِيحِ الْمِسْكِ، فَيَضْمُرُ بَطْنُهُ

گے)' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اہل جنت میں سے ہر آدمی کو کھانے و پینے اور جماع و شہوت میں سو آدمیوں کے برابر طاقت دی جائے گی۔ اس نے عرض کی: وہ کھائے گا تو اس کو قضائے حاجت کی ضرورت بھی پیش آئے گی؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اُن کی قضاء حاجت پسینے کی طرح ہوگی جو مشک کی خوشبو کی طرح ہوگی جو اُن کے پیٹ میں چھپی ہوگی۔

1723 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مُحَمَّدٌ قَالَ: نَا سَيْفٌ، عَنْ دَاوُدَ الطَّائِيِّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا كُنْتُمْ ثَلَاثَةً فَلَا يَنْتَجِي اثْنَانِ دُونَ الْآخَرِ، فَاِنَّ ذٰلِكَ يُحْزِنُهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہٗ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب تم میں سے تین آدمی ہوں تو تیسرے کو چھوڑ کر دو آدمی آپس میں گفتگو نہ کریں' کیونکہ یہ بات اس کو غمگین کرتی ہے۔

1724 - وَبِهِ: عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، فِي قَوْلِ اللّٰهِ: (وَاَنْفِقُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوا بِاَيْدِيكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ) (البقرة: **195**) قَالَ: نَزَلَتْ فِي النَّفَقَةِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہٗ اللہ عزوجل کے اس ارشاد وَاَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۔ ''اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور اپنے آپ کو اپنے ہی ہاتھوں سے ہلاکت میں نہ ڈالو' (البقرہ:۱۹۵) کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ یہ آیت اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے متعلق نازل ہوئی ہے۔

1725 - وَبِهِ: عَنْ شَقِيقٍ، عَنِ الصَّبِيِّ بْنِ مَعْبَدٍ، اَنَّهُ اَهَلَّ بِحَجٍّ وَعُمْرَةٍ، فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِعُمَرَ،

حضرت صبی بن معبد رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حج اور عمرہ کا احرام باندھا' اس بات کا ذکر

1723- أخرجه البخاري: الاستئذان جلد**11**صفحه**84** رقم الحديث:**6288**' ومسلم: السلام جلد**4**صفحه**1718** .

1724- أخرجه البخاري: التفسير جلد**8**صفحه**33** رقم الحديث:**4516** .

1725- أخرجه أبو داؤد: المناسك جلد **2**صفحه**164** رقم الحديث: **1798**' والنسائي: الحج جلد **5**صفحه**113** (باب القران)' وابن ماجه: المناسك جلد**2**صفحه**989** رقم الحديث: **2970**' وأحمد: المسند جلد **1**صفحه**19** رقم الحديث:**84**' والبيهقي في الكبرى جلد**4**صفحه**577** رقم الحديث:**8783** .

فَقَالَ: هُدِيتَ لِسُنَّةِ نَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس ہوا تو آپ نے فرمایا: تیری اپنے نبی کریم ﷺ کی سنت کی طرف راہنمائی کی گئی ہے۔

1726 - وَعَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: مَا تَرَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِينَارًا وَلَا دِرْهَمًا، وَلَا شَاةً، وَلَا بَعِيرًا، وَلَا اَوْصَى

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے درہم و دینار' بکری' اونٹ نہیں چھوڑا اور نہ کسی شے کے متعلق آپ نے وصیت کی۔

1727 - وَعَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةً مُسْتَجَابَةً، وَاِنِّي اخْتَبَاْتُ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِّاُمَّتِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: ہر نبی کی دعا قبول ہوئی' میں نے اپنی دعا اپنی اُمت کی شفاعت کے لیے مؤخر کر رکھی ہے۔

1728 - وَبِهِ: قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَجَوَّزُوا فِي الصَّلَاةِ، فَاِنَّ خَلْفَكُمُ الضَّعِيفَ وَالْكَبِيرَ وَذَا الْحَاجَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نماز مختصر پڑھایا کرو کیونکہ تمہارے پیچھے کمزور' بزرگ اور ضرورت مند بھی ہوتے ہیں۔

1729 - وَبِهِ: قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتَاكُمْ اَهْلُ الْيَمَنِ، وَهُمْ اَلْيَنُ اَفْئِدَةً، وَاَلْيَنُ قُلُوبًا . الْاِيمَانُ يَمَانٍ، وَالْحِكْمَةُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمہارے پاس یمن سے لوگ آئیں گے' وہ لوگ دل کے بڑے نرم ہوں گے' ایمان یمن کا ہے'

1726- أخرجه مسلم: الوصية جلد 3 صفحه 1256' وأبو داؤد: الوصايا جلد 3 صفحه 111 رقم الحديث: 2863 والنسائي: الوصية جلد 6 صفحه 200 (باب هل أوصى النبي ﷺ؟)' وابن ماجة: الوصايا جلد 2 صفحه 900 رقم الحديث: 2695' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 50 رقم الحديث: 24231 .

1727- أخرجه البخاري: التوحيد جلد 13 صفحه 456 رقم الحديث: 7474' ومسلم: الايمان جلد 1 صفحه 189 . وأخرجه أحمد: المسند جلد 2 صفحه 621 رقم الحديث: 10111 .

1728- أخرجه البخاري: الأذان جلد 2 صفحه 703' ومسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 341 .

1729- أخرجه البخاري: المغازي جلد 7 صفحه 701 رقم الحديث: 4388' ومسلم: الايمان جلد 1 صفحه 73 .

يَمَانِيَةٌ، وَالْقَسْوَةُ وَغِلَظُ الْقَلْبِ فِي الْفَدَّادِينَ اَرْبَابِ الْإِبِلِ قِبَلَ الْمَشْرِقِ، فِي رَبِيعَةَ وَمُضَرَ

حکمت بھی یمن کی ہے' سختی اور سخت دلی اونٹ والوں اور مشرق والوں اور قبیلہ ربیعہ ومضر میں ہے۔

1730 - وَبِهِ: قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِحَدِيدَةٍ، فَحَدِيدَتُهُ فِي يَدِهِ يَجَأُ بِهَا فِي بَطْنِهِ فِي النَّارِ، خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيهَا اَبَدًا، وَمَنْ تَرَدَّى مِنْ جَبَلٍ فَهُوَ يَتَرَدَّى فِي نَارِ جَهَنَّمَ، خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيهَا اَبَدًا، وَمَنْ تَحَسَّى سُمًّا فَهُوَ يَتَحَسَّاهُ فِي نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيهَا اَبَدًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے آپ کو لوہے سے قتل کیا تو لوہا (قیامت کے دن) اس کے ہاتھ میں ہوگا' وہ اس کے ساتھ اپنا پیٹ چیرتا ہوگا اور ہمیشہ اسی حالت میں ہوگا' اور جس نے اپنے آپ کو پہاڑ سے نیچے پھینکا تو وہ جہنم میں ہمیشہ کے لیے اسی طرح گرتا رہے گا' اور جس نے اپنے آپ کو جلایا وہ قیامت کے دن جہنم میں اپنے آپ کو ہمیشہ کے لیے جلاتا رہے گا۔

1731 - وَبِهِ: عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا سَجَدَ اَحَدُكُمْ فَلْيَعْتَدِلْ، وَلَا يَفْتَرِشْ ذِرَاعَيْهِ افْتِرَاشَ الْكَلْبِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ ہی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی سجدہ کرے تو اطمینان سے کرے اور کتے کی طرح اپنی کلائیاں نہ بچھائے۔

1732 - وَبِهِ: قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا فَرَغَ اَحَدُكُمْ مِنْ طَعَامِهِ فَلْيَلْعَقْ اَصَابِعَهُ، فَإِنَّهُ لَا يَدْرِي فِي اَيِّ طَعَامِهِ تَكُونُ الْبَرَكَةُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ ہی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو وہ اپنی انگلیاں چاٹ لے' کیونکہ اُسے نہیں معلوم کہ کھانے کے کس حصے میں برکت ہے۔

1733 - وَعَنْ جَابِرٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ قَالَ:

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

1730- أخرجه البخاری: الطب جلد 10 صفحه 258 رقم الحديث: 5778' ومسلم: الايمان جلد 1 صفحه 103-104 .

1731- أخرجه الترمذی: الصلاة جلد 2 صفحه 65 رقم الحديث: 275' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 374 رقم الحديث: 14286 .

1732- أخرجه مسلم: الأشربة جلد 3 صفحه 1607' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 369 رقم الحديث: 14231

1733- أخرجه مسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 369' وابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه 333 رقم الحديث: 1048 .

رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي ثَوْبٍ وَّاحِدٍ، مُتَوَشِّحًا بِهِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ الطَّائِيِّ اِلَّا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ

1734 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِي كَرِيمَةَ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَدِمَ اَعْرَابٌ مِّنْ عُرَيْنَةَ اِلَى نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاجْتَوَوَا الْمَدِينَةَ، حَتَّى اصْفَرَّتْ اَلْوَانُهُمْ، وَعَظُمَتْ بُطُونُهُمْ، فَبَعَثَ بِهِمْ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى لِقَاحٍ لَّهُ، فَاَمَرَهُمْ اَنْ يَشْرَبُوا مِنْ اَلْبَانِهَا وَاَبْوَالِهَا، فَشَرِبُوا حَتَّى صَحُّوا، فَقَتَلُوا رَاعِيَهَا، وَاسْتَاقُوا الْاِبِلَ، فَبَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَلَبِهِمْ، فَاُتِيَ بِهِمْ، فَقَطَعَ اَيْدِيَهُمْ وَاَرْجُلَهُمْ مِنْ خِلَافٍ، وَسَمَلَ اَعْيُنَهُمْ فَقَالَ اَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مَرْوَانَ لِاَنَسٍ وَّهُوَ يُحَدِّثُ هٰذَا الْحَدِيثَ: بِكُفْرٍ اَوْ بِذَنْبٍ؟ فَقَالَ: بِكُفْرٍ، فَقَالَ: اِنَّمَا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ بَعْدَمَا قَطَعَ اَيْدِيَهُمْ، وَاَرْجُلَهُمْ، وَسَمَلَ اَعْيُنَهُمْ: (اِنَّمَا جَزَاءُ الَّذِينَ يُحَارِبُونَ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ) (المائدة: 33) الْآيَةَ

میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایک کپڑے میں لپٹ کر نماز پڑھتے ہوئے دیکھا۔

یہ حدیث داؤد الطائی سے صرف مصعب بن مقدام ہی روایت کرتے ہیں۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ عرینہ کے لوگ اللہ کے نبی ﷺ کی بارگاہ میں آئے' ان کو مدینہ منورہ کی آب و ہوا موافق نہ آئی حتیٰ کہ اُن کے رنگ پیلے ہوگئے اور اُن کے پیٹ پھول گئے۔ تو نبی کریم ﷺ نے اُن کو اونٹوں کی طرف بھیجا اور اُنہیں حکم دیا کہ اُن کا دودھ اور پیشاب پئیں' سو اُنہوں نے پیا تو وہ درست ہوگئے تو انہوں نے آپ ﷺ کے چرواہے کو قتل کیا اور اونٹ ہانک کر لے گئے۔ سو نبی کریم ﷺ نے اُن کی تلاش میں چند لوگوں کو بھیجا' اُن کو لایا گیا تو اُن کے ہاتھ و پاؤں مخالف سمت سے کاٹ دیئے گئے اور ان کی آنکھوں میں گرم سلائیاں پھیری گئیں۔ امیر المؤمنین عبدالملک بن مروان نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے عرض کی' جو اس حدیث کے راوی ہیں' کہ آیا اُن کے ساتھ یہ گناہ یا کفر کی وجہ سے کیا گیا تھا؟ تو حضرت انس نے فرمایا: کفر کرنے کی وجہ سے فرمایا کہ اور اُن کے ہاتھ و پاؤں کاٹنے اور اُن کی آنکھوں میں گرم سلائیاں پھیرنے کے بعد یہ آیت نازل ہوئی: اِنَّمَا جَزَاءُ الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ۔ ''ان کی جزاء جو اللہ اور اس

1734- أخرجه البخاري: الحدود جلد **12** صفحه **114** رقم الحديث: **6805**، ومسلم: القسامة جلد **3** صفحه **1296**، وأخرجه النسائي: تحريم جلد **7** صفحه **90** (باب ذكر اختلاف طلحة بن مصرف ومعاوية على يحيى بن سعيد في هذا الحديث).

کے رسول سے جنگ کرتے ہیں'' (المائدہ:۳۳)۔

1735 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ بَشَّارٍ النَّسَائِيُّ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهُوَيْهِ قَالَ: اَنَا اَبُو تُمَيْلَةَ يَحْيَى بْنُ وَاضِحٍ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، عَنْ اَخِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْحَلَالُ بَيِّنٌ، وَالْحَرَامُ بَيِّنٌ، وَبَيْنَهُمَا مُشْتَبِهَاتٌ، فَمَنْ تَوَقَّاهُنَّ كَانَ اَتْقَى لِدِينِهِ وَعِرْضِهِ، وَمَنْ وَاقَعَهُنَّ يُوشِكُ اَنْ يُوَاقِعَ الْكَبَائِرَ، كَالْمُرْتِعِ اِلَى جَانِبِ الْحِمَى يُوشِكُ اَنْ يُوَاقِعَهُ، وَاِنَّ لِكُلِّ مَلِكٍ حِمًى، وَحِمَى اللّٰهِ حُدُودُهُ

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: حلال وحرام واضح ہیں' ان دونوں کے درمیان مشتبہات ہیں' جو ان مشتبہات سے بچ گیا اس نے اپنا دین وعزت بچالی اور جو ان مشتبہات میں پڑ گیا وہ کبائر میں پڑ گیا' وہ چرنے والے جانور کی طرح ہے کہ جو چراگاہ کے قریب چر رہا ہے' قریب ہے کہ اس میں جا پڑے گا' اور بلاشبہ ہر بادشاہ کی چراگاہ ہوتی ہے' اور اللہ کی چراگاہ اس کی حدیں ہیں۔

لَا يُرْوَى عَنْ عَمَّارٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث حضرت عمار سے صرف اسی سند سے مروی ہے۔

1736 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ فَرْقَدٍ الْجُدِّيُّ قَالَ: نَا اَبُو حُمَةَ مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الزَّبِيدِيُّ قَالَ: نَا اَبُو قُرَّةَ مُوسَى بْنُ طَارِقٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ حَرَّمَ عَلَى لِسَانِي مَا بَيْنَ لَابَتَيِ الْمَدِينَةِ، ثُمَّ جَاءَ بَنِي حَارِثَةَ فَقَالَ: قَدْ خَرَجْتُمْ مِنَ الْحَرَمِ، ثُمَّ نَظَرَ، فَقَالَ: لَا، بَلْ اَنْتُمْ فِيهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے میری زبان سے مدینہ کے دونوں کناروں کو حرم قرار دیا ہے' پھر بنی حارثہ آئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک تم حرم سے نکل گئے! پھر آپ نے دیکھا تو فرمایا: نہیں! بلکہ تم حرم میں ہی ہو۔

1735- انظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 76 .

1736- أخرجه البخاري: المدينة جلد 4 صفحه 97 رقم الحديث: 1869' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 497 رقم الحديث: 8909 .

1737 - وَبِهِ: عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَلَ خَيْبَرَ عَلَى شَطْرِ مَا خَرَجَ مِنْهَا مِنْ زَرْعٍ، اَوْ تَمْرٍ، وَكَانَ يُعْطِي اَزْوَاجَهُ فِي كُلِّ عَامٍ مِّائَةَ وَسْقٍ: ثَمَانُونَ وَسْقَ تَمْرٍ، وَعِشْرِينَ وَسْقَ شَعِيرٍ

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ مُوسَى اِلَّا اَبُو قُرَّةَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خیبر پر عامل مقرر کیا، اس حصے پر جو اس زمین سے آئے گندم یا کھجور اس سے آدھا حصہ لے گا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر سال اپنی ازواج کو ایک سو وسق دیتے تھے، اسّی وسق کھجور کے اور بیس وسق جو کے۔

یہ دونوں حدیثیں موسیٰ سے صرف ابوقرہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1738 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَعْصَعَةَ قَالَ: نَا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيدِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَاْسُ الْكُفْرِ قِبَلَ الْمَشْرِقِ، وَالْفَخْرُ وَالْخُيَلَاءُ فِي اَهْلِ الْاِبِلِ، وَالْوَبَرِ، وَالسَّكِينَةُ وَالْوَقَارُ فِي اَهْلِ الْغَنَمِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ الْاَعْرَجِ اِلَّا الزُّبَيْدِيُّ وَيَزِيدُ بْنُ يُوسُفَ الصَّنْعَانِيُّ: دِمَشْقِيٌّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کفر کا سر مشرق کی جانب ہے اور فخر و تکبر اونٹوں اور وبر والوں میں ہے اور سکینہ اور وقار بکری والوں کے لیے ہے (وبر ایک جانور ہے، بلی کی طرح اس کی دُم چھوٹی ہوتی ہے)۔

یہ حدیث از زہری از اعرج صرف زبیدی ہی روایت کرتے ہیں اور یزید بن یوسف الصنعانی، دمشقی ہیں۔

1739 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا مَنْصُورٌ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ يُوسُفَ الصَّنْعَانِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْكَافِرُ يَاْكُلُ فِي سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ، وَالْمُؤْمِنُ يَاْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے اور مؤمن ایک آنت میں کھاتا ہے (مطلب یہ ہے کہ کافر بہت زیادہ کھاتا ہے اور مؤمن کم کھاتا ہے)۔

1737- أخرجه البخاري: الحرث جلد5صفحه14 رقم الحديث: 2328، ومسلم: المساقاة جلد3صفحه1186 .

1738- أخرجه البخاري: بدء الخلق جلد6صفحه403 رقم الحديث: 3301، ومسلم: الايمان جلد1صفحه72 .

1739- أخرجه البخاري: الأطعمة جلد9صفحه446 رقم الحديث: 5393، ومسلم: الأشربة جلد3صفحه1631 .

1740 - بِهِ: اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطَی خَيْبَرَ عَلَی الشَّطْرِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ہی فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خیبر کی زمین انہیں آدھے حصے پر دی۔

1741 - وَعَنْ يَحْيَی بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَی بْنِ حِبَّانَ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا صَلَاةَ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتَّی تَطْلُعَ الشَّمْسُ، وَلَا بَعْدَ الْعَصْرِ حَتَّی تَغْرُبَ الشَّمْسُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: صبح کی نماز کے بعد طلوعِ شمس تک کوئی نماز نہیں ہے اور عصر کے بعد سورج کے غروب ہونے تک کوئی نماز نہیں ہے۔

1742 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُوسَی الْجَوْهَرِیُّ الْبَغْدَادِیُّ قَالَ: نَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ الْمَرْوَزِیُّ قَالَ: نَا اَبُو مُعَاوِيَةَ مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ بِهِمْ فِی الْمَغْرِبِ: اَلَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مغرب کی نماز میں "اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ" پڑھی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا اَبُو مُعَاوِيَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحُسَيْنُ

یہ حدیث عبیداللہ سے صرف ابومعاویہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں حسین اکیلے ہیں۔

1743 - حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ اَحْمَدُ بْنُ الْجَعْدِ الْوَشَّاءُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ زِيَادٍ الْقُرَشِیُّ، عَنْ اَبِی حَازِمٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِرِجَالِكُمْ فِی الْجَنَّةِ؟ قُلْنَا: بَلَی يَا رَسُولَ اللّٰهِ . قَالَ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: کیا میں تم کو جنتی مردوں کے متعلق نہ بتاؤں؟ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نبی جنت میں ہیں' صدیق جنت میں ہیں' شہید بھی جنت میں' پیدا

1740- أخرجه البخاری: الحرث جلد5صفحه19 رقم الحديث: 2331' ومسلم: المساقاة جلد3صفحه1186 .

1741- أخرجه البخاری: المواقيت جلد2صفحه70 رقم الحديث: 584' ومسلم: المسافرين جلد1صفحه566 .

1742- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه121 .

1743- انظر: التاريخ الكبير جلد 1صفحه287' أخرجه الطبرانی فی الصغير جلد 1صفحه46 . انظر: مجمع الزوائد جلد14صفحه315 .

النَّبِیُّ فِی الْجَنَّةِ، وَالصِّدِّیقُ فِی الْجَنَّةِ، وَالشَّهِیدُ فِی الْجَنَّةِ، وَالْمَوْلُودُ فِی الْجَنَّةِ، وَالرَّجُلُ یَزُورُ اَخَاهُ فِی نَاحِیَةِ الْمِصْرِ، لَا یَزُورُهُ اِلَّا لِلّٰهِ فِی الْجَنَّةِ، اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِنِسَائِكُمْ فِی الْجَنَّةِ؟ قُلْنَا: بَلٰی یَا رَسُولَ اللّٰهِ . قَالَ: كُلُّ وَدُودٍ وَّلُودٍ اِذَا غَضِبَتْ اَوْ اُسِیءَ اِلَیْهَا قَالَتْ: هٰذِهِ یَدِی فِی یَدِكَ، لَا اَكْتَحِلُ بِغَمْضٍ حَتّٰی تَرْضٰی

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا السَّكَنُ بْنُ اَبِی كَرِيمَةَ، وَلَا عَنِ السَّكَنِ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث زہری سے صرف سکن بن ابی کریمہ اور سکن صرف ابن لھیعہ ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

1887 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ طَاهِرِ بْنِ حَرْمَلَةَ قَالَ: نَا جَدِّی حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِی اَبُو مَسْعُودٍ الْمَاضِی بْنُ مُحَمَّدٍ الْغَافِقِیُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِی سَلَمَةَ، عَنْ اَبِی سَعِيدٍ الْخُدْرِیِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَشْقَى الْاَشْقِيَاءِ؟ قَالُوا: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ . قَالَ: مَنِ اجْتَمَعَ عَلَيْهِ فَقْرُ الدُّنْيَا وَعَذَابُ الْآخِرَةِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تم کو بدبختوں میں سے سب سے زیادہ بدبخت کے متعلق نہ بتاؤں؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: جس پر دنیا کی محتاجی اور آخرت کا عذاب جمع ہو جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ اِلَّا الْمَاضِی بْنُ مُحَمَّدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث ہشام بن حسان سے صرف ماضی بن محمد ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

1888 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ طَاهِرٍ قَالَ: نَا جَدِّی حَرْمَلَةُ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِی رَوَّادٍ، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ اَبِی سَلَمَةَ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: چار کام کرتے وقت آدمی کو گناہ ملتا ہے جب سوئے تو اکیلا جب سوئے تو چت لیٹ کر جب سوئے تو زرد رنگ کی عورتوں والی چادر میں لپٹ کر سوئے

1887- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه270 .

1888- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه272 .

قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُعْتَدَى الْمَرْءُ عِنْدَ اَرْبَعَةِ خِصَالٍ: اِذَا نَامَ وَحْدَهُ، وَاِذَا نَامَ مُسْتَلْقِيًا، وَاِذَا نَامَ فِي مِلْحَفَةٍ مُّعَصْفَرَةٌ، وَاِذَا اغْتَسَلَ بِفَضَاءٍ مِّنَ الْاَرْضِ، فَمَنِ اسْتَطَاعَ اَنْ لَا يَغْتَسِلَ بِفَضَاءٍ مِّنَ الْاَرْضِ، فَاِنْ كَانَ لَا بُدَّ فَاعِلًا فَلْيَخُطَّ خَطًّا

جب غسل کرے تو کھلی زمین میں کرے اور جو طاقت رکھتا ہو وہ کھلی زمین میں غسل نہ کرے اگر ضروری کرنا ہے تو خط کھینچ لے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْمَجِيدِ

زہری سے یہ حدیث صرف اسی اسناد سے مروی ہے اسے روایت کرنے میں عبدالمجید اکیلے ہیں۔

1889 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ طَاهِرٍ قَالَ: نَا جَدِّي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي شَامِنَا، وَفِي يَمَنِنَا . فَقَالَ رَجُلٌ: وَفِي مَشْرِقِنَا، يَا رَسُولَ اللّٰهِ . فَقَالَ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي شَامِنَا، وَفِي يَمَنِنَا . فَقَالَ الرَّجُلُ: وَفِي مَشْرِقِنَا، يَا رَسُولَ اللّٰهِ . فَقَالَ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي شَامِنَا وَيَمَنِنَا، اِنَّ مِنْ هُنَالِكَ يَطْلُعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ، وَبِهِ تِسْعَةُ اَعْشَارِ الْكُفْرِ، وَبِهِ الدَّاءُ الْعُضَالُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! ہمارے ملک شام اور یمن میں برکت دے! ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے مشرق میں (برکت کے لیے دعا کریں!) آپ نے فرمایا: اے اللہ! ہمارے ملک شام اور یمن میں برکت دے! ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے ملک مشرق میں بھی (برکت کے لیے دعا کریں!) تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! ہمارے ملک شام اور یمن میں برکت دے! (اور فرمایا:) بے شک مشرق کی جانب سے شیطان کا سینگ طلوع ہوگا' اس کے ساتھ نو حصے کفر کے ہوں گے اور وہ ایسی بیماری ہے جس کا علاج مشکل ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَطَاءٍ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن عطاء سے صرف سعید بن ابی ایوب ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

1889- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه60 .

1890 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ طَاهِرٍ قَالَ: نَا جَدِّي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نَا يُونُسُ بْنُ تَمِيمٍ الْمُرَادِيُّ، عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي قَبِيلٍ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ ثَوْبَانَ، مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَوْ اَنَّ لِيَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا بِهَذِهِ الْآيَةِ: (يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ اَسْرَفُوا عَلَى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوا مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعًا اِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ) (الزمر: 53) ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: وَمَنْ اَشْرَكَ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِلَّا مَنْ اَشْرَكَ

حضرت ثوبان مولیٰ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: میرے لیے دنیا اور جو دنیا کے اندر ہے اس سب سے زیادہ محبوب یہ آیت ہے: ''اے میرے بندو! جو اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں وہ اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہوں بے شک اللہ تمہارے سارے گناہ معاف کر دے گا بے شک وہ غفور الرحیم ہے'' (الزمر:۵۳)۔ آپ سے ایک آدمی نے عرض کی: اور جس نے شرک کیا ہو تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: سوائے شرک کرنے والے کے (اس کی معافی نہیں ہو گی)۔

1891 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ طَاهِرٍ قَالَ: نَا جَدِّي قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَيَّاشٍ الْقِتْبَانِيُّ، عَنْ عِيسَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: اَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: ضَحَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَبْشَيْنِ اَقْرَنَيْنِ اَمْلَحَيْنِ، اَحَدُهُمَا عَنْهُ وَعَنْ اَهْلِ بَيْتِهِ، وَالْآخَرُ عَنْهُ وَعَنْ مَنْ لَمْ يُضَحِّ مِنْ اُمَّتِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے سینگوں والے کالے رنگ کے دو بکروں کی قربانی کی ایک اپنی طرف سے اور اپنے گھر والوں کی طرف سے اور دوسرا اس کی طرف سے جو آپ کی اُمت میں سے قربانی نہیں کر سکتا۔

1892 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ طَاهِرٍ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ الرَّبِيعِ النَّوْفَلِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ وَهْبِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ: نَا حَجَّاجُ بْنُ رِشْدِينَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل علماء کو اُٹھا لے گا اور اُن کے ساتھ علم بھی اُٹھا لے گا اس کے بعد ایسے لوگ آئیں گے کہ وہ ایک دوسرے

1890- أخرجه الامام أحمد فی مسنده رقم الحديث: 27515 . وانظر: مجمع الزوائد جلد7 صفحه103 .

1892- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 20411 .

دَرَّاجٍ اَبِی السَّمْحِ، عَنْ اَبِی الْهَيْثَمِ، عَنْ اَبِی سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَقْبِضُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الْعُلَمَاءَ قَبْضًا، وَيَقْبِضُ الْعِلْمَ مَعَهُمْ، فَيَنْشَأُ اَحْدَاثٌ يَنْزُو بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ نَزْوَ الْعِيرِ عَلَى الْعِيرِ، وَيَكُونُ الشَّيْخُ فِيهِمْ مُسْتَضْعَفًا

پر فخر کریں گے جس طرح اونٹ والے دوسرے اونٹ پر فخر کرتا ہے' ان میں جو بزرگ ہوگا اس کو کمزور سمجھا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ اِلَّا رِشْدِينُ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَجَّاجُ بْنُ رِشْدِينَ

یہ حدیث عمرو بن حارث سے صرف رشدین ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں حجاج بن رشدین اکیلے ہیں۔

1893 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ الطَّحَّانُ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نَا عَنْبَسَةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نَا يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ اَبِی الزِّنَادِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْخَصَ فِی بَيْعِ الْعَرَايَا بِخَرْصِهَا

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے بیع عرایا میں رخصت دی اندازے کے ساتھ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ اِلَّا يُونُسُ، وَلَا عَنْ يُونُسَ اِلَّا عَنْبَسَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ

یہ حدیث ابوالزناد سے صرف یونس اور یونس سے صرف عنبسہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں احمد بن صالح اکیلے ہیں۔

1894 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ اَبِی حَدِيدَةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيُّ، عَنْ اَخِيهِ الْحَسَنِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن ایک آدمی کی نیکیاں پہاڑوں کے برابر ہوں گی' وہ عرض کرے گا: یہ کہاں سے اتنی زیادہ ہوگئی ہیں؟ اس کو کہا جائے گا:

1893- أخرجه مسلم فی البیوع جلد 3 صفحه 1168' والنسائی فی البیوع جلد 7 صفحه 235 (باب بیع العرایا...... الخ)' وابن ماجه فی التجارات جلد 2 صفحه 762 رقم الحدیث: 2268 .

1894- انظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 213 .

اَبِيهِ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيّ، عَنْ اَبِي سَعِيدِ الْخُدْرِيّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَتْبَعُ الرَّجُلَ مِنَ الْحَسَنَاتِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَمْثَالُ الْجِبَالِ، فَيَقُولُ: اَنَّى هَذَا؟ فَيُقَالُ: بِاسْتِغْفَارِ وَلَدِكَ لَكَ

تیرے بچوں کے تیرے لیے استغفار کی وجہ سے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَطِيَّةَ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عُيَيْنَةَ

یہ حدیث عبداللہ بن عطیہ سے صرف ابراہیم بن عیینہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1895 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ النَّخَعِيّ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک کپڑے میں نماز پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ اللَّيْثِ اِلَّا ابْنُ وَهْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبٍ

یہ حدیث لیث سے صرف ابن وہب ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں عبدالملک بن شعیب ہی روایت کرتے ہیں۔

1896 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ: نَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الشَّيْطَانَ يَاْتِي اَحَدَكُمْ فَيَقُولُ: مَنْ خَلَقَ السَّمَاءَ؟ فَيَقُولُ: اللّٰهُ . فَيَقُولُ: مَنْ خَلَقَ الْاَرْضَ؟ فَيَقُولُ: اللّٰهُ . فَيَقُولُ: مَنْ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک شیطان تم میں سے ہر ایک کے پاس جاتا ہے وہ کہتا ہے کہ آسمان کس نے پیدا کیا ہے؟ وہ بندہ کہتا ہے: اللہ نے وہ کہے گا: زمین کس نے پیدا کی ہے؟ وہ بندہ کہتا ہے: اللہ نے وہ (شیطان) کہے گا: اللہ کو کس نے پیدا کیا ہے؟ اگر تم میں سے کوئی ایسی حالت پائے تو وہ پڑھے: امنت باللّٰه ورسوله . میں

1895- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 11 صفحه 210 والامام أحمد في مسنده جلد 1 صفحه 256-320 . انظر: مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 51 .

1896- انظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 37 .

خَلَقَ اللّٰهَ؟ فَإِذَا وَجَدَ ذَٰلِكَ اَحَدُكُمْ، فَلْيَقُلْ: آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ

اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو إِلَّا مَالِكٌ، وَلَا عَنْ مَالِكٍ إِلَّا ابْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ وَرَوَاهُ النَّاسُ: عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ

یہ حدیث ہشام بن عروہ از والد خود از عبداللہ بن عمرو؛ ان سے صرف مالک اور مالک سے ابن ابی اویس ہی روایت کرتے ہیں‘ اسے روایت کرنے میں ابوالطاہر بن سرح ہی روایت کرتے ہیں۔ لوگ از ہشام بن عروہ از والد خود از حضرت ابوہریرہ روایت کرتے ہیں۔

1897 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نَا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے‘ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ إِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ إِلَّا مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ، وَلَا عَنْ مُوسَى إِلَّا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ

یہ حدیث اسحاق بن عبداللہ سے صرف عبدالرحمٰن بن اسحاق اور عبدالرحمٰن سے صرف موسیٰ بن یعقوب اور موسیٰ سے صرف ابن ابی فدیک ہی روایت کرتے ہیں‘ اسے روایت کرنے میں احمد بن صالح اکیلے ہیں۔

1898 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَبُو مُصْعَبٍ الزُّهْرِيُّ قَالَ: نَا الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: اخْتَصَمَ رَجُلَانِ فِي نَخْلَةٍ، فَقَطَعَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو آدمی ایک کھجور کے درخت کے متعلق جھگڑ رہے تھے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی شاخوں میں سے ایک شاخ کاٹی‘ اس کی لمبائی پانچ ہاتھ پائی تو آپ نے اس کی

1897- أخرجه الترمذی فی العلم جلد5صفحه36 رقم الحديث: 2661' وابن ماجه فی المقدمة جلد1صفحه13 رقم الحديث: 32' والدارمی فی المقدمة رقم الحديث: 235' وأحمد فی المسند جلد3صفحه143 رقم الحديث: 12161.

1898- أخرجه أبو داؤد فی الأقضية جلد3صفحه315 رقم الحديث: 3640.

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَرِيدَةً مِّنْ جَرَائِدِهَا، فَوَجَدَ ذَرْعَهَا خَمْسَةَ اَذْرُعٍ، فَجَعَلَهَا حَرِيمَهَا

حفاظت قرار دی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى اِلَّا الدَّرَاوَرْدِيُّ

یہ حدیث عمرو بن یحییٰ سے صرف الدراوردی ہی روایت کرتے ہیں۔

1899 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِهَابٍ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ كَثِيرِ بْنِ دِينَارٍ قَالَ: اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عِرْقٍ الْيَحْصِبِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ: اُهْدِيَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنَبٌ مِّنَ الطَّائِفِ، فَاَعْطَانِي عُنْقُودًا، وَقَالَ: اذْهَبْ بِهِ اِلَى اُمِّكَ، فَاَكَلْتُهُ فِي الطَّرِيقِ. فَقَالَ: مَا فَعَلَ الْعُنْقُودُ؟ فَقُلْتُ: اَكَلْتُهُ. فَسَمَّانِي غُدَرَ. قَالَ: وَكَانَ النُّعْمَانُ يَقُولُ عَلَى مِنْبَرِهِ: اَلَا اِنَّ الْبَلِيَّةَ كُلَّ الْبَلِيَّةِ: اَنْ تَعْمَلَ اَعْمَالَ السُّوءِ فِي اَيْمَانِ السَّوْءِ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے طائف سے انگور بطور ہدیہ کیے گئے تو آپ نے مجھے میودہ دیا اور فرمایا: یہ اپنی ماں کے پاس لے جاؤ! لیکن میں نے اسے راستہ میں کھا لیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو نے میوہ کا کیا کیا؟ میں نے عرض کی: میں نے اسے کھا لیا ہے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرا نام خیانت کرنے والا رکھا۔ راوی فرماتے ہیں کہ حضرت نعمان منبر پر فرمایا کرتے تھے: خبردار! بے شک آزمائش' آزمائش ہی ہوتی ہے کہ تمہارا بُرے اعمال کرنا بُری قسم میں ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عِرْقٍ

یہ حدیث نعمان بن بشیر سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں محمد بن عبدالرحمٰن بن عرق اکیلے ہیں۔

1900 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: قَرَاْتُ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا مَرِضَ الْمُؤْمِنُ اَخْلَصَهُ ذَلِكَ كَمَا يُخْلِصُ الْكِيرُ خَبَثَ الْحَدِيدِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب مؤمن بیمار ہوتا ہے تو اس کے گناہ اس طرح معاف ہوتے ہیں جس طرح بھٹی سے لوہے کا زنگ اُتر جاتا ہے۔

1899- أخرجه ابن ماجه في الأطعمة جلد2صفحه1117 رقم الحديث:3368 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ إِلَّا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نَافِعٍ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے صرف ابن ابی ذئب ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبداللہ بن نافع اکیلے ہیں۔

1901 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا مُؤَمَّلُ بْنُ إِهَابٍ قَالَ: نَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ: نَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَانِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِي خُضْرٍ مُعَلَّقٍ بِهِ الدُّرُّ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جبریل علیہ السلام میرے پاس آئے' سرسبز لباس میں اس کے ساتھ موتی لٹکے ہوئے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُصَيْنٍ إِلَّا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ

یہ حدیث حصین سے صرف حسین بن واقد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں زید بن حباب اکیلے ہیں۔

1902 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الذِّمَارِيُّ قَالَ: نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ: (أَيَحْسِبُ أَنَّ مَالَهُ أَخْلَدَهُ)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ آیت پڑھتے سنا: "أَيَحْسِبُ أَنَّ مَالَهُ أَخْلَدَهُ"۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا الذِّمَارِيُّ

یہ حدیث سفیان سے صرف الذماری ہی روایت کرتے ہیں۔

1903 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زوجہ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا

1901- أخرجه أحمد فی المسند جلد **1** صفحه **528** رقم الحديث: **3862** .

1902- أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: **3995**' والنسائی فی الكبرى فی التفسير رقم الحديث: **718**' والحاكم فی مستدركه جلد **2** صفحه **256** .

1903- أخرجه البخاری فی الصوم جلد **4** صفحه **182** رقم الحديث: **1932**' ومسلم فی الصيام جلد **2** صفحه **780** .

قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَخِي، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصْبِحُ جُنُبًا مِنْ نِكَاحٍ غَيْرِ احْتِلَامٍ

فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صبح حالت جنابت میں کرتے' یہ جنابت جماع کرنے کے ساتھ ہوتی نہ کہ احتلام کے ساتھ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَبِيعَةَ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، عَنْ اَخِيهِ

یہ حدیث ربیعہ سے صرف سلیمان بن بلال ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن ابی اویس اپنے بھائی سے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

1904 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَارِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ مُجَمِّعٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهُ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَذَكَرَ اَنَسٌ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ

حضرت یحییٰ بن سعید الانصاری' حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے موزوں پر مسح کیا اور حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ذکر کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے موزوں پر مسح کیا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ ثَابِتٍ، وَلَا عَنْ اِسْمَاعِيلَ اِلَّا يَحْيَى الْجَارِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے صرف اسماعیل بن ثابت اور اسماعیل سے صرف یحییٰ بن الجاری ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں احمد بن صالح اکیلے ہیں۔

1905 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَبُو مُصْعَبٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ بِنْتِ نُبَيْطٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اُحد پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں' جب تم اس کے پاس آؤ تو اس کے درخت سے کھاؤ اگرچہ اس کی ٹہنی ہی کیوں

1904- أخرجه ابن ماجه في الطهارة جلد1صفحه182 رقم الحديث: 548 .

1905- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه16 .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُحُدٌ جَبَلٌ يُّحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ، فَاِذَا جِئْتُمُوهُ فَكُلُوا مِنْ شَجَرِهِ، وَلَوْ مِنْ عِضَاهِهِ

نہ ہو۔

لَمْ يُرْوَ هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ نُبَيْطٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الدَّرَاوَرْدِيُّ

یہ حدیث زینب بنت نبیط سے صرف اسی سند سے روایت ہے اسے روایت کرنے میں الدراوردی اکیلے ہیں۔

1906 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَبُو مُصْعَبٍ قَالَ: نَا صَالِحُ بْنُ قُدَامَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نُسَافِرَ بِالْقُرْآنِ اِلَى اَرْضِ الْعَدُوِّ، مَخَافَةَ اَنْ يَنَالَهُ الْعَدُوُّ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا کہ ہم دشمن کی سرزمین میں قرآن لے کر سفر کریں اس خوف سے کہ دشمن نہ لے لے۔

1907 - وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَحَدَكُمْ اِذَا مَاتَ عُرِضَ عَلَيْهِ مَقْعَدُهُ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ، اِنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَوْ مِنْ اَهْلِ النَّارِ، يُقَالُ: هَذَا مَقْعَدُكَ حَتَّى يَبْعَثَكَ اللّٰهُ مِنْهُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص مرجاتا ہے تو اس پر صبح و شام اس کا ٹھکانہ پیش کیا جاتا ہے اگر وہ جنت والا ہو یا دوزخ والا اسے کہا جاتا ہے: یہ تیرا ٹھکانہ ہے یہاں تک کہ اللہ عزوجل تجھے اس سے اُٹھائے گا۔

1908 - وَعَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: حَدَّثَتْنِي صَفِيَّةُ بِنْتُ اَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ حَفْصَةَ، اَوْ عَائِشَةَ، اَوْ عَنْهُمَا كِلْتَيْهِمَا، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت حفصہ یا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما یا دونوں سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی عورت کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتی

1906- أخرجه البخاري في الجهاد جلد6صفحه155 رقم الحديث:2990' ومسلم في الامارة جلد3صفحه1490 .

1907- أخرجه البخاري في الجنائز جلد 3صفحه286 رقم الحديث: 1379' والترمذي في الجنائز جلد 3صفحه375 رقم الحديث:1072 .

1908- أخرجه النسائي في الطلاق جلد6صفحه156 (باب عدة المتوفى......الخ)' وابن ماجه في الطلاق جلد 1 صفحه674 رقم الحديث: 2086' ومالك في الموطأ جلد 2صفحه598 رقم الحديث: 104' وأحمد في المسند جلد6صفحه27 رقم الحديث: 25568 .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَحِلُّ لِامْرَاَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ اَنْ تُحِدَّ عَلَى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثٍ، اِلَّا عَلَى زَوْجِهَا

ہو وہ کسی میت پر تین دن سے زیادہ سوگ منائے سوائے اپنے شوہر کے۔

لَمْ يَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ اِلَّا صَالِحُ بْنُ قُدَامَةَ

یہ حدیث عبداللہ بن دینار سے صرف صالح بن قدامہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1909 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَيْمُونٍ الْاِسْكَنْدَرَانِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيَى الْبُرُلُّسِيُّ قَالَ: نَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَحْتَلِبَنَّ اَحَدٌ مَاشِيَةَ اَحَدٍ بِغَيْرِ اِذْنِهِ، اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يُؤْتَى مَشْرُبَتُهُ، فَيُكْسَرَ خِزَانَتُهُ، فَيُنْتَثَلَ طَعَامُهُ، فَاِنَّمَا تَخْزِنُ لَهُمْ ضُرُوعُ مَوَاشِيهِمْ اَطْعِمَاتِهِمْ، فَلَا يَحْلِبَنَّ اَحَدٌ مَاشِيَةَ اَحَدٍ اِلَّا بِاَمْرِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا: تم میں سے کوئی ہرگز کسی کے جانور کا دودھ اس کی اجازت کے بغیر نہ دوہے' کیا تم میں سے کوئی یہ پسند کرتا ہے کہ وہ اس کو پینے کے لیے دیا جائے تو وہ اس کا خزانہ توڑ لے اور کھانا بہادے' کیونکہ یہ چیز اس کو پریشان کرتی ہے اس کے جانوروں کے تھنوں میں اس کا کھانا ہے' پس تم میں سے کوئی بھی کسی کے جانور کا دودھ نہ دوہے مگر مالک کے حکم کے ساتھ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ اِلَّا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ وَبَكْرُ بْنُ مُضَرَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَنْ حَيْوَةَ، عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيَى، وَعَنْ بَكْرِ بْنِ مُضَرَ، ابْنُهُ اِسْحَاقُ بْنُ بَكْرٍ

یہ حدیث یزید بن عبداللہ بن ھار سے صرف حیوہ بن شریح اور بکر بن مضر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں حیوہ اکیلے ہیں۔ عبداللہ بن یحییٰ' بکر بن مضر سے ان کے بیٹے اسحاق بن بکر روایت کرتے ہیں۔

1910 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ الْفَرَائِضِيُّ الْمِصِّيصِيُّ قَالَ: نَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا: چار دینار سے زیادہ چوری

1909- أخرجه البخاري في اللقطة جلد5صفحه106 رقم الحديث: 2435' ومسلم في اللقطة جلد3صفحه1352 .

1910- أخرجه البخاري في الحدود جلد 12صفحه99 رقم الحديث: 6789' ومسلم في الحدود جلد 3 صفحه1312 .

اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحُنَيْنِيُّ قَالَ: نَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَلْقَطْعُ فِي رُبْعِ دِينَارٍ فَصَاعِدًا

کرنے پر ہاتھ کاٹا جائے گا۔

1911 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ الْفَرَائِضِيُّ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحُنَيْنِيُّ قَالَ: نَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَجْتَمِعُ غُبَارٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَدُخَانُ جَهَنَّمَ فِي جَوْفِ امْرِءٍ مُّسْلِمٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی راہ میں لگنے والا غبار اور جہنم کا دھواں مسلمان آدمی کے پیٹ میں جمع نہیں ہوسکتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ مَالِكٍ اِلَّا الْحُنَيْنِيُّ

یہ دونوں حدیثیں مالک سے صرف حنینی ہی روایت کرتے ہیں۔

1912 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نَا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ قَالَ: نَا زَكَرِيَّا بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَصَبْنَا مِنْ دُنْيَاكُمْ هٰذِهِ اِلَّا نِسَائَكُمْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جوہمیں دنیا میں عورتیں ملی ہیں، جنت میں بھی وہی ملیں گی۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ

یہ حدیث حضرت ابن عمر سے صرف اسی سند سے مروی ہے، اسے روایت کرنے میں ابن ابی فدیک اکیلے ہیں۔

1913 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

1911- أخرجه الترمذي في الجهاد جلد**4**صفحه**171** رقم الحديث: **1633**، والنسائي في الجهاد جلد**6**صفحه**11** (باب من عمل في سبيل الله......الخ)، وابن ماجة في الجهاد جلد **2**صفحه**927** رقم الحديث: **2774**، وأحمد في المسند جلد**2**صفحه**343** رقم الحديث: **7499** .

1912- انظر: مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**318** .

1913- انظر: مجمع الزوائد جلد**1**صفحه**155** .

قَالَ: نَا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ خَالِي: حَدَّثَنِي عُقَيْلُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ سُلَيْمَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ: كُنْتُ اَكْتُبُ الْوَحْيَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ اِذَا نَزَلَ عَلَيْهِ اَخَذَتْهُ بُرَحَاءُ شَدِيدَةٌ، وَعَرِقَ عَرَقًا شَدِيدًا مِثْلَ الْجُمَانِ، ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ، فَكُنْتُ اَدْخُلُ عَلَيْهِ بِقِطْعَةِ الْكَتِفِ اَوْ كِسْرَةٍ، فَاَكْتُبُ وَهُوَ يُمْلِي عَلَيَّ، فَمَا اَفْرُغُ حَتَّى تَكَادَ رِجْلِي تَنْكَسِرُ مِنْ ثِقَلِ الْقُرْآنِ، وَحَتَّى اَقُولَ: لَا اَمْشِي عَلَى رِجْلِي اَبَدًا، فَاِذَا فَرَغْتُ قَالَ: اقْرَاْهُ، فَاَقْرَؤُهُ، فَاِنْ كَانَ فِيهِ سَقْطٌ اَقَامَهُ، ثُمَّ اَخْرُجُ بِهِ اِلَى النَّاسِ

میں رسول اللہ ﷺ پر نازل ہونے والی وحی لکھتا ہے' آپ پر جب وحی نازل ہوتی تھی تو آپ کو سخت پسینہ آتا موتی کی طرح' پھر آپ سے یہ کیفیت ختم ہوتی تو جب میں آپ کے پاس شانے کی ہڈی یا کوئی ہڈی کا ٹکڑا لے کر آتا' آپ لکھواتے جو آپ پر وحی نازل ہوتی۔ پس جب میں فارغ ہوا تو ایسے محسوس ہوتا تھا کہ قرآن کے بوجھ کی وجہ سے میرا پاؤں ٹوٹ گیا ہے' یہاں تک کہ میں کہتا: میں اپنے پاؤں کے ساتھ زندگی بھر نہیں چل سکوں گا' پھر جب میں فارغ ہوتا تو آپ فرماتے: اسے پڑھو! میں اس کو پڑھتا تو اگر اس میں کوئی لفظ رہ گیا ہوتا تو آپ اس کو درست کروادیتے' پھر میں وہ لے کر لوگوں کی طرف جاتا۔

1914 - وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، اَخْبَرَهُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ: تَوَضَّئُوا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو آگ پر پکی ہوئی شے کھائے تو وہ وضو کر لے (مراد ہاتھ دھونا اور کلی کرنا ہے)۔

1915 - وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَعْدٍ الْمُقْعَدِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، حَدِّثْنِي بِاَمْرٍ اَعْتَصِمُ بِهِ . فَقَالَ: اَمْلِكْ عَلَيْكَ هَذَا، وَاَشَارَ اِلَى لِسَانِهِ

حضرت حارث بن ہشام اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے ایسے معاملہ کے متعلق بتائیں جس کو میں مضبوطی سے پکڑ لوں' آپ ﷺ نے فرمایا: اپنی زبان پر قابو کرو۔

1916 - وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ اَزْهَرَ، حَدَّثَهُ . عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت عبدالرحمٰن بن ازہر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک شرابی لایا

19- أخرجه الطبراني في الكبير جلد12صفحه281 . انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه252 .

: مجمع الزوائد جلد10صفحه304 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِشَارِبٍ وَّهُوَ بِخَيْبَرَ، فَحَثَا فِي وَجْهِهِ التُّرَابَ، ثُمَّ اَمَرَ اَصْحَابَهُ فَضَرَبُوهُ بِنِعَالِهِمْ، وَبِمَا كَانَ فِي اَيْدِيهِمْ، حَتَّى قَالَ لَهُمْ: ارْفَعُوا، فَرَفَعُوا، فَتُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتِلْكَ سُنَّتُهُ ثُمَّ جَلَدَ اَبُو بَكْرٍ، فِي الْخَمْرِ اَرْبَعِينَ، ثُمَّ جَلَدَ عُمَرُ، اَرْبَعِينَ صَدْرًا مِنْ اِمَارَتِهِ، ثُمَّ جَلَدَ ثَمَانِينَ فِي آخِرِ خِلَافَتِهِ، ثُمَّ جَلَدَ عُثْمَانُ، الْحَدَّ اَرْبَعِينَ، ثُمَّ مُعَاوِيَةُ، الْحَدَّ اَرْبَعِينَ

گیا' آپ خیبر میں تھے' آپ نے اس کے منہ میں مٹی ڈالی' پھر اپنے صحابہ کو حکم دیا کہ اسے جوتوں کے ساتھ مارو' تو صحابہ نے اسے جوتوں کے ساتھ مارا اور اس کے ساتھ بھی جو اُن کے ہاتھوں میں تھے' یہاں تک کہ اُنہیں کہا گیا کہ نرمی کرو! تو انہوں نے نرمی کی' سو رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوا اور یہی سنت رہی۔ پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے شرابی کو چالیس کوڑے لگائے' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ابتدائی خلافت کے دوران چالیس کوڑے سزا رکھی' پھر آخر خلافت میں اسّی کوڑے رکھے' پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے چالیس کوڑے حد مقرر کی' پھر حضرت امیر معاویہ نے چالیس کوڑے مقرر کیے۔

1917 - وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَفَاتِيحُ الْغَيْبِ خَمْسٌ، ثُمَّ يَتْلُو هٰذِهِ الْآيَةَ: (اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ) (لقمان: 34) وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوتُ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ

حضرت عبیداللہ بن عبداللہ بن عمر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: پانچ چیزیں غیب کی چابیاں ہیں' پھر آپ نے یہ آیت تلاوت کی: ''اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوتُ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ'' (لقمان: ۳۴) ''بے شک قیامت کا علم اللہ کے پاس ہے اور بارش نازل ہونے اور جو ماؤں کے پیٹ میں ہے اور کون کل کیا کمائے گا؟ کون کس زمین میں مرے گا؟ بے شک اللہ بہت زیادہ جاننے والا باخبر ہے''۔

1917- أخرجه البخاری فی التفسير جلد8صفحه141 رقم الحديث: 4627' وأحمد فی المسند جلد2صفحه167 رقم الحديث: 6048 .

فائدہ:اس سے مراد یہ ہے کہ حقیقی علم اللہ کے پاس ہے ہاں! اللہ عزوجل کے نیک بندے اللہ عزوجل کے عطا کرنے سے ہی علم غیب جانتے ہیں جس طرح کہ حضورﷺ نے اس حوالہ سے بہت زیادہ نشانیاں بیان کی ہیں۔ لہٰذا اس سے یہ دلیل نہیں پکڑی جاسکتی کہ آپﷺ کو ان پانچ اشیاء کا علم اللہ تعالیٰ کے بتانے سے بھی حاصل نہیں ہے۔

1918 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ خَالِي: حَدَّثَنِي عُقَيْلُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، اَنَّ اَبَاهُ كَتَبَ اِلَيْهِ: اَنِ الْقَ سُبَيْعَةَ الْاَسْلَمِيَّةَ، فَسَلْهَا: كَيْفَ قَضَى لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: فَاَخْبَرَنِي مَالِكُ بْنُ اَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ، اَنَّ سُبَيْعَةَ الْاَسْلَمِيَّةَ اَخْبَرَتْهُ، اَنَّ زَوْجَهَا سَعْدَ بْنَ خَوْلَةَ تُوُفِّيَ عَنْهَا بِمَكَّةَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ، وَهِيَ حَامِلٌ، فَلَمْ تَلْبَثْ بَعْدَهُ اِلَّا يَسِيرًا حَتَّى وَضَعَتْ، فَخَطَبَهَا اَبُو السَّنَابِلِ بْنُ بَعْكَكَ بْنِ السَّبَّاقِ مِنْ بَنِي عَبْدِ الدَّارِ، فَاَبَتْ اَنْ تَنْكِحَهُ، فَقَالَ: اَمَا اِنَّكِ لَا تَحِلِّينَ حَتَّى تَعْتَدِّي آخِرَ الْاَجَلَيْنِ، فَاسْتَفْتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَذِنَ لَهَا فِي النِّكَاحِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُقَيْلٍ اِلَّا خَالُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ سَرْحٍ: وَثِيمَةُ بْنُ مُوسَى بْنِ رَبِيعَةَ

حضرت عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ رضی اللہ عنہم سے روایت ہے کہ اُن کے والد نے ان کی طرف خط لکھا کہ سبیعہ اسلمیہ کو دے کر اس سے پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ نے اس کا فیصلہ کیسے فرمایا تھا؟ فرمایا: مجھے مالک بن اوس بن حدثان نے بتایا کہ سبیعہ اسلمیہ نے بتایا کہ اُن کے شوہر حضرت سعد بن خولہ کا مکہ مکرمہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حجۃ الوداع کے موقع پر وصال ہوا' اس حال میں کہ میں حاملہ تھی' ان کے وصال کے کچھ دنوں بعد میرے ہاں بچہ پیدا ہوا۔ ابوالسنابل بن بعکک بن سباق' بنی عبدالدار والے نے انہیں نکاح کا پیغام بھیجا' تو انہوں نے نکاح کرنے سے انکار کردیا' اس نے کہا: تجھ سے نکاح جائز نہیں ہوگا یہاں تک کہ دوعدتوں میں سے آخری عدت نہ گزر جائے' سو میں نے اس کے متعلق رسول اللہ ﷺ سے پوچھا تو آپ نے اسے نکاح کی اجازت دی۔

یہ حدیث عقیل سے ان کے ماموں ابی الطاہر بن سرح اور وثیمہ بن موسیٰ بن ربیعہ ہی روایت کرتے ہیں۔

1919 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ اَبِي حُمَيْدَةَ الظَّاعِنِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ الْبَارِقِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت عروہ البارقی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: گھوڑے کی پیشانی میں قیامت تک اللہ نے بھلائی رکھ دی ہے۔

1919- أخرجه البخاري في الجهاد جلد6صفحه66 رقم الحديث:2852' ومسلم في الامارة جلد3صفحه1493 .

اَلْخَيْلُ مَعْقُودٌ فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الطَّاهِرِ

یہ حدیث اوزاعی سے صرف بشر بن بکر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابوالطاہر اکیلے ہیں۔

1920 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُنْكَدِرِيُّ قَالَ: نَا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي قُدَامَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَوْسٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ اُمِّ حَبِيبَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّى ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ: اَرْبَعَةً قَبْلَ الظُّهْرِ، وَثِنْتَيْنِ بَعْدَهَا، وَثِنْتَيْنِ قَبْلَ الْعَصْرِ، وَثِنْتَيْنِ قَبْلَ الصُّبْحِ

حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا زوجۂ نبی کریم ﷺ فرماتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے بارہ رکعتیں ادا کیں' اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں گھر بنا دے گا' چار ظہر سے پہلے' دو اس کے بعد' دو عصر سے پہلے اور دو صبح کی نماز سے پہلے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قُدَامَةَ اِلَّا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُنْكَدِرِ

یہ حدیث محمد بن قدامہ سے صرف ابن ابی فدیک ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبیداللہ بن المنکدر اکیلے ہیں۔

1921 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ الْجُعْفِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ

حضرت سلمہ بن نبیط اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو سرخ

1920- أخرجه مسلم في المسافرين جلد **1** صفحه **502**' والترمذي في الصلاة جلد **2** صفحه **274** رقم الحديث: **415**' والنسائي في قيام الليل جلد **3** صفحه **219** (باب ثواب من صلى في اليوم والليلة اثنتى عشرة ركعة)' وابن ماجه في الاقامة جلد **1** صفحه **361** رقم الحديث: **1141**' وأحمد في المسند جلد **6** صفحه **452** رقم الحديث: **27462** .

1921- أخرجه النسائي في المناسك جلد **5** صفحه **204** (باب الخطبة يعرفة قبل الصلاة)' وأحمد في المسند جلد **4** صفحه **375** رقم الحديث: **18750** .

بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ نُبَيْطٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ عَلَى جَمَلٍ اَحْمَرَ

اونٹ پر خطبہ دیتے ہوئے دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ نُبَيْطٍ اِلَّا ابْنُ الْمُبَارَكِ

یہ حدیث سلمہ بن نبیط سے صرف ابن مبارک ہی روایت کرتے ہیں۔

1922 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَبُو يُوسُفَ الْجِيزِىُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ، فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا اَبَا عَبَّاسٍ، مَا تَقُولُ فِىَّ؟ قَالَ: وَمَا عَسَى اَنْ اَقُولَ فِيكَ؟ قَالَ: اِنِّى عَامِلٌ بِقَلَمٍ . فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يُؤْتَى بِصَاحِبِ الْقَلَمِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِى تَابُوتٍ مِنْ نَارٍ مُقْفَلٍ عَلَيْهِ بِاَقْفَالٍ مِنْ نَارٍ، فَاِنْ كَانَ اَجْرَاهُ فِى طَاعَةِ اللّٰهِ وَرِضْوَانِهِ فُكَّ عَنْهُ التَّابُوتُ، وَاِنْ كَانَ اَجْرَاهُ فِى مَعْصِيَةِ اللّٰهِ هَوَى بِهِ التَّابُوتُ سَبْعِينَ خَرِيفًا، حَتَّى بَارِى الْقَلَمِ، وَلَايِقِ الدَّوَاةِ

حضرت عطاء فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس تھا کہ ایک آدمی آیا' اُس نے عرض کی: اے ابن عباس! آپ میرے متعلق کیا فرماتے ہیں؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں آپ کے متعلق کچھ نہیں کہتا' اس نے عرض کی: میں قلم کے ساتھ کام کرنے والا ہوں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت کے دن صاحب قلم کو آگ کے تالوں میں ایک بند تابوت میں لایا جائے گا' اگر اس کا قلم اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت میں چلا ہوگا تو اس کو تابوت سے آزاد کیا جائے گا' اور اگر اس کا قلم اللہ کی نافرمانی میں چلا تو اسے ستر بند تابوتوں میں بند کیا جائے گا' یہاں تک کہ قلم اور دوات بھی اس کے قابل نہیں ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو يُوسُفَ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف اسماعیل بن عیاش ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابو یوسف اکیلے ہیں۔

1923 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ

حضرت عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ان سے سوال کیا گیا کہ کیا رسول اللہ ﷺ روزہ

1922- أخرجه الطبراني في الكبير جلد11صفحه188 . انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه139 .

1923- أخرجه مسلم في الصيام جلد2صفحه779' ومالك في الموطأ جلد1صفحه291 رقم الحديث: 13 .

قَالَ: اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ الْحِمْيَرِيِّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِي سَلَمَةَ، اَنَّهُ سَالَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُقَبِّلُ الصَّائِمُ؟ فَقَالَ لَهُ: سَلْ هٰذِهِ لِاُمِّ سَلَمَةَ، فَاَخْبَرَتْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ ذٰلِكَ . فَقَالَ لَهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَدْ غَفَرَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ . فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي لَاَتْقَاكُمْ لِلّٰهِ، وَاَعْلَمُكُمْ بِحُدُودِهِ

کی حالت میں (اپنی ازواج کا) بوسہ لیتے تھے؟ آپ نے ان سے فرمایا: تم حضرت اُم سلمہ سے پوچھو! حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسا کرتے تھے۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے وسیلہ سے اللہ عزوجل نے آپ کی اُمت کے پچھلے اور اگلے گناہ معاف نہیں کیے ہیں۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ سے زیادہ ڈرنے والا ہوں اور اللہ کی حدود کو تم سے زیادہ جاننے والا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اُمِّهِ اُمِّ سَلَمَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ .

یہ حدیث عمر بن ابوسلمہ اپنی والدہ حضرت اُم سلمہ سے صرف اسی اسناد کے ساتھ روایت کرتے ہیں، اسے روایت کرنے میں عمرو بن حارث اکیلے ہیں۔

1924 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيَّ، حَدَّثَهُ . اَنَّهُ، سَمِعَ اَبَاهُ حَمْزَةَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَى سَنَامِ كُلِّ بَعِيرٍ شَيْطَانٌ، فَاِذَا رَكِبْتُمُوهَا فَسَبِّحُوا اللّٰهَ، وَلَا تَقْصُرُوا عَنْ حَاجَتِكُمْ

حضرت محمد بن حمزہ بن عمرو اسلمی اپنے والد حمزہ سے روایت بیان کرتے ہیں کہ وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر اونٹ کی کوہان پر شیطان ہوتا ہے، جب تم سوار ہونے لگو تو اللہ کی تسبیح بیان کرو اور اپنی ضرورت پر ہی اقتصار نہ کرو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْزَةَ اِلَّا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ اللَّيْثِيُّ

یہ حدیث محمد بن حمزہ سے صرف اسامہ بن زید لیثی ہی روایت کرتے ہیں۔

1925 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ الصَّدَفِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک اسلام غریبوں

1924- أخرجه الامام أحمد فی مسنده رقم الحديث: **49413** . انظر: مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**134** .

1925- أخرجه ابن ماجه فی الفتن جلد**2**صفحه**1320** رقم الحديث: **3987** .

اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، وَعَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ سِنَانِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْاِسْلَامَ بَدَاَ غَرِيبًا، وَسَيَعُودُ غَرِيبًا كَمَا بَدَاَ، فَطُوبَى لِلْغُرَبَاءِ

سے شروع ہوا تھا اور عنقریب غریبوں میں لوٹ آئے گا' غریبوں کے لیے خوشخبری ہو!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ اِلَّا ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث عمرو بن حارث سے صرف ابن وہب ہی روایت کرتے ہیں۔

1926 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ التَّيْمِيُّ قَالَ: نَا اَبُو سُهَيْلِ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُجَهِّزُ جَيْشًا، فَنَظَرَ اِلَى الْعَبَّاسِ، فَقَالَ: هَذَا الْعَبَّاسُ، عَمُّ نَبِيِّكُمْ، اَجْوَدُ قُرَيْشٍ كَفًّا وَاَوْصَلُهَا

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک لشکر کو تیار کرنے کے لیے نکلے' آپ نے حضرت عباس کی طرف دیکھا' تو آپ نے فرمایا: یہ عباس ہے' تمہارے نبی کا چچا ہے' قریش میں زیادہ سخی ہے اور صلہ رحمی کرنے والا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ اِلَّا اَبُو سُهَيْلِ بْنِ مَالِكٍ

یہ حدیث سعید بن میّب سے صرف ابو سہیل بن مالک ہی روایت کرتے ہیں۔

1927 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مُلَيْلٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي اُمَيَّةَ، اَنَّ حَبِيبَ بْنَ مَسْلَمَةَ، اَتَى قَيْسَ بْنَ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ فِي الْفِتْنَةِ

حضرت حبیب بن مسلمہ' حضرت قیس بن سعد بن عبادہ کے پاس پہلے فتنے میں آئے' اس حال میں کہ وہ گھوڑے پر سوار تھے' پس وہ زین سے پیچھے ہوئے' انہوں نے ان سے عرض کی: آپ سوار ہوں! تو انہوں نے سوار ہونے سے انکار کر دیا' حضرت قیس نے فرمایا: میں نے

1926- أخرجه الامام أحمد في مسنده جلد 1 صفحه 185' وأبو يعلى جلد 2 صفحه 139 . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 27119 .

1927- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 18 صفحه 350' والامام أحمد في مسنده رقم الحديث: 42213 . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 11018 .

الْأُولَى وَهُوَ عَلَى فَرَسٍ، فَتَأَخَّرَ لَهُ عَنِ السَّرْجِ، فَقَالَ لَهُ: ارْكَبْ فَأَبَى أَنْ يَرْكَبَ . فَقَالَ قَيْسٌ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: صَاحِبُ الدَّابَّةِ أَحَقُّ بِصَدْرِهَا فَقَالَ حَبِيبٌ: إِنِّي لَسْتُ أَجْهَلُ مَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَكِنِّي أَخْشَى عَلَيْكَ

رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جانور کا مالک اس کی زین پر بیٹھنے کا زیادہ حق دار ہے' حضرت حبیب نے فرمایا: میں اس سے جاہل تو نہیں ہوں کہ جو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا لیکن میں آپ پر خوف کرتا ہوں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث حبیب بن مسلمہ سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

1928 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا أَبُو عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِي رَزِينٍ الْغَافِقِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الَّذِي يَمُرُّ بَيْنَ يَدَيِ الرَّجُلِ، وَهُوَ يُصَلِّي، عَمْدًا، يَتَمَنَّى يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَنَّهُ شَجَرَةٌ يَابِسَةٌ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو آدمی نمازی کے آگے سے جان بوجھ کر گزرے تو وہ قیامت کے دن تمنا کرے گا کہ کاش وہ خشک درخت ہوتا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث عبداللہ بن عمرو سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

1929 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر خطبہ دیا تو اللہ کی حمد اور ثناء بیان کی' پھر فرمایا: اے لوگو!

1928- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه64 .

1929- انظر: الجرح والتعديل جلد4صفحه111' لسان الميزان جلد3صفحه89 . انظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه272 .

دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عِيسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: خَطَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ فِي حِجَّةِ الْوَدَاعِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، خُذُوا مَنَاسِكَكُمْ، فَاِنِّي لَا اَدْرِي لَعَلِّي غَيْرُ حَاجٍّ بَعْدَ عَامِي هَذَا

حج کے ارکان سیکھ لو کیونکہ میں نہیں جانتا شاید کہ میں آئندہ سال حج نہیں کروں گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ اِلَّا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ، وَلَا عَنْ دَاوُدَ اِلَّا ابْنُهُ سُلَيْمَانُ، وَلَا عَنْ سُلَيْمَانَ اِلَّا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُنْكَدِرِيُّ

یہ حدیث موسیٰ بن عقبہ سے صرف داؤد بن قیس اور داؤد سے ان کے بیٹے سلیمان اور سلیمان سے ان کے بیٹے ابن ابی فدیک ہی روایت کرتے ہیں۔ اسے روایت کرنے میں منکدری اکیلے ہیں۔

1930 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نَا حِرْمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا حِرْمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، وَاَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ

یہ حدیث شعبہ سے صرف حرمی بن عمارہ اور ابوداؤد الطیالسی ہی روایت کرتے ہیں۔

1931 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ خَالِدٍ الرَّبَعِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مِشْرَحِ بْنِ هَاعَانَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعَنَ

حضرت عقبہ بن عامر الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی لعنت ہو اُن پر جو عورتوں کی دُبر میں وطی کرتے ہیں۔

1930- تقدم تخريجه .

1931- انظر الميزان جلد2صفحه621 . وانظر: مجمع الزوائد رقم الحديث:30214 .

اللّٰهُ الَّذِينَ يَأْتُونَ النِّسَاءَ فِي مَحَاشِّهِنَّ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ اِلَّا ابْنُ وَهْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ الْفَضْلِ

یہ حدیث ابن لھیعہ سے صرف ابن وہب ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبدالصمد بن فضل اکیلے ہیں۔

